قرآنِ مجید کے مُستند معانی و مطالب سیکھنے کا جدید اسلوب

لفظ بہ لفظ، رواں اُردو ترجمہ

ترجمہ

حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ مولانا محمد عبدالجبار حفظہ اللہ

دارالسلام
کتاب وسنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ

قرآن مجید سیکھنے کا جدید ترین اسلوب
معانی
القرآن الكريم

کتاب و سنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ

سعودی عرب (ہیڈ آفس)

پوسٹ بکس:22743 الریاض:11416 سعودی عرب فون:4043432-4033962 1 00966 فیکس:4021659
E-mail: darussalam@awalnet.net.sa - riyadh@dar-us-salam.com
Website: www.dar-us-salam.com

- طریق مکہ ۔ العلیا ۔ الریاض فون:4614483 1 00966 فیکس:4644945
- شارع الاربعین ۔ الملز ۔ الریاض فون:4735220 فیکس:4735221
- جدہ فون : 6879254 2 00966 فیکس : 6336270
- مدینہ منورہ موبائل 00966-503417155 فیکس:04-8151121
- الخبر فون:8692900 3 00966 فیکس:8691551
- خمیس مشیط فون:00966-50010328

شارجہ فون:5632623 6 00971 فیکس:5632624

لندن فون:4885 8539 20 0044 فیکس:4889 8539 20 0044

امریکہ
- ہیوسٹن فون:7220419 713 001 فیکس:7220431
- نیویارک فون:6255925 718 001 فیکس:6251511

پاکستان (ہیڈ آفس و مرکزی شوروم)

- 36 ۔ لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور

فون:7110081-7111023-7232400-7240024 42 0092 فیکس:7354072
Website: www.darussalampk.com E-mail: info@darussalampk.com

- غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور فون:7120054 فیکس:7320703

کراچی شوروم Z-110,111 (D.C.H.S) مین طارق روڈ (ایدیول پٹرول پمپ کے ساتھ)
فون:0092-21-4393936 فیکس:4393937
Email: darussalamkhi@darussalampk.com

اسلام آباد شوروم F-8 مرکز، اسلام آباد فون:051-2500237

قرآن مجید سیکھنے کا جدید ترین اسلوب

مَعَانی
القرآنِ الکریم

(لفظ بہ لفظ، رواں اُردو ترجمہ)

باکس اور خانوں کی تکنیک سے قرآن مجید کے مستند معانی
و مطالب سیکھنے اور سکھانے والے اساتذہ و طلبہ اور والدین کے لیے

ترجمہ

حافظ صلاح الدین یوسف ﷾

مولانا محمد عبدالجبار ﷾

دار السلام

کتاب و سنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ

ریاض • جدہ • شارجہ • لاہور
کراچی • لندن • ہیوسٹن • نیویارک

DARUSSALAM

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ ناشر

آج انسانیت کے پاس قرآن مجید کے سوا کوئی ایسی کتاب نہیں جسے پورے یقین اور شرح صدر کے ساتھ الہامی اور محفوظ قرار دیا جا سکے۔ قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل سے امت کو بلندی حاصل ہوتی ہے اور اس سے غفلت برتنے سے پستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قرآن مجید کی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے دنیا کی مختلف زبانوں اور زمانوں میں اس کے سو سے زائد تراجم ہو چکے ہیں جن میں ایک ممتاز زبان اردو بھی ہے۔ اردو زبان میں قرآن مجید کے اولین دو تراجم 1805ء کے قریب شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے دو فرزندوں شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر رحمہما اللہ نے کیے اور یہ سلسلۂ دعوت اور مرحلۂ خیر ابھی تک جاری و ساری ہے۔ اردو زبان میں سیکڑوں مکمل اور ایک ہزار کے قریب نامکمل تراجم قرآن کی موجودگی میں ایک نئے ترجمۂ قرآن کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ اس کے جواب میں یہ کہنا کافی ہوگا کہ ایک طالب قرآن کے فہم اور سہولت کے لیے دارالسلام کے اس تازہ ترجمے میں درج ذیل خصوصیات کا التزام کیا گیا ہے:

- عربی الفاظ کے مفہوم کے قریب تر اردو الفاظ کا انتخاب۔
- متداول تراجم میں قرآن مجید کے جن حروف کو نظر انداز کیا گیا ہے، ان کے مکمل ترجمے کا اہتمام۔
- اردو ترجمے میں ادق اور مشکل الفاظ و تراکیب کے بجائے سادہ اور سلیس الفاظ کا استعمال۔
- شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے فارسی اور ان کے دو نامور صاحبزادوں کے دو اردو تراجم کو اس ترجمۂ قرآن کی اساس بنایا گیا ہے۔

- ترجمے میں عربی زبان کے قواعد صرف و نحو کی پابندی اور علم بلاغت، معانی اور بیان کا لحاظ۔
- اردو کا سہل ممتنع اسلوب۔
- ترجمے میں آیات کی شان نزول، مقامات و ماحول اور جغرافیائی اور معاشرتی حالات کی نزاکتوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔
- یہ پہلا ترجمۂ قرآن ہے جس میں پیشرو علمی اور لغوی مصادر کے علاوہ جید علمائے کرام کی ایک ٹیم نے مشاورت فراہم کی ہے۔
- یہ ترجمہ زبان میں سادہ، مفہوم میں واضح، اسلوب میں دل نشیں، عربی متن کے قریب اور ہر عمر کے باذوق قارئین کے لیے نہایت مفید اور نافع ہے۔

اُردو ترجمے کی یہ نازک اور گراں بار ذمہ داری ادارے کی علمی کمیٹی کے چیئر مین مفسر قرآن فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ اور ادارے کے سینئر ریسرچ سکالر مولانا محمد عبدالجبار سلفی ﷾ کی محنت شاقہ اور علمی رسوخ کا نمونہ ہے۔

ترجمۂ قرآن کی تصحیح و تنقیح اور پروف ریڈنگ کی ذمہ داری ریسرچ سیکشن کے رفقاء مولانا منیر احمد رسولپوری' حافظ محمد آصف اقبال' مولانا محمد امین ثاقب' حافظ اقبال صدیق مدنی اور مولانا محمد عثمان منیب ﷾ نے اَحسن طریقے سے نبھائی اور اس کے فنی مراحل کمپوزنگ' ڈیزائننگ وغیرہ میں اخلاص الحق ساجد اور محمد جاوید نے اسے خوب سے خوب تر بنانے میں بھرپور محنت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

دارالسلام اپنے روز تاسیس سے کتاب و سنت کی تعلیمات کو جدید ترین اسلوب میں پیش کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ تراجم قرآن ہوں یا تفاسیر، یا قرآنی موضوعات پر تحقیقی اور مستند نگارشات، الحمدللہ! دنیا کی بارہ زبانوں میں سیکڑوں کتابیں طبع ہو کر لاکھوں متلاشیان حق کی راہنمائی کا فریضہ ادا کر رہی ہیں۔ قرآن مجید کے موجودہ ترجمہ کو ہم نے طالبان قرآن کے لیے مفید اور نافع بنانے کے لیے حتی المقدور ایک اجتماعی کوشش کی ہے۔ اس امر پر اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ صد فی صد ممکن نہیں بلکہ صرف ترجمانی ہی کا امکان ہے۔ اس لیے ہم اہل علم سے ملتمس ہیں کہ وہ اگر کسی مقام پر ہمارے ترجمے میں کوئی نقص، کمزوری یا جھول محسوس فرمائیں تو اس سے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ طباعتوں میں اس کی درستی کی جا سکے۔ ادارہ اس حسن تعاون کے لیے ممنون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ اس کاوش کے لیے دارالسلام کے جملہ علماء، محققین اور معاونین کو اَجر جزیل عطا فرمائے اور اسے عامۃ المسلمین میں قرآن فہمی کا مؤثر ذریعہ بنائے۔ (آمین یارب العالمین)

خادم کتاب و سنت

عبدالمالک مجاہد

مدیر: دارالسلام الریاض، لاہور

ربیع الاول 1426ھ / مئی 2005ء

حرفِ اوّل

حضرت آدم علیہ السلام آسمان کی بلندیوں سے فرشِ زمین پر تشریف لائے تو آپ عالم انسانیت میں سب سے پہلے نبی تھے۔ پھر قافلۂ انسانیت کے لیے مختلف زمانوں اور زمینوں میں ہزاروں انبیاء ورسل علیہم السلام مبعوث ہوئے اور ان پاکیزہ صفت انسانوں میں چند وہ بھی تھے جنہیں وحی پر مشتمل کتابیں اور صحیفے عطا کیے گئے۔ بالآخر یہ سلسلۂ وحی غارِ حرا کی وحی "اِقْرَأْ" کے آغاز سے شروع ہوا اور تکمیلِ دین وشریعت، اتمامِ نعمت اور انتخابِ دینِ اسلام پر ختم ہوگیا۔ یوں قرآن مجید خاتم الوحی بھی ہے اور قیامت تک انسانوں کو جادۂ توحید اور اطاعتِ رسول کے جملہ لوازم سے باخبر اور آگاہ کرنے والا صحیفہ بھی۔ نبی ﷺ کی بعثت سے قبل مختلف آسمانی مذاہب کے پیروکار اپنی کتابوں کے متن کھو چکے تھے اور ان پر عمل کا کوئی مبسوط اور منضبط نقشۂ کار ان کے پاس موجود نہ تھا۔ قرآن مجید کی حقانیت و جامعیت تو اپنی جگہ واضح، مگر اس کے متن کا کسی تحریفِ لفظی سے پاک ہونا صحائفِ آسمانی کی تاریخ کا سب سے بڑا اعجاز ہے۔

قرآن مجید نے اپنے برحق ہونے کی خود صداقت فراہم کی ہے۔ اس کے احکام پر مبنی معاشرہ اور ریاست خود عہدِ نبوی میں قائم ہوگئی۔ قرآنی احکام کو ایک مکمل عملی تفسیر میسر آئی۔ نبی ﷺ کی نبوت کے فرائضِ ثلاثہ بھی یہی تھے کہ انسانیت کے سامنے آیاتِ الٰہی کی تلاوت کی جائے، ان کے ذریعے سے نفوسِ انسانی کا تزکیہ کیا جائے اور نفسِ امّارہ کی ساری کثافتوں اور کدورتوں سے محفوظ کر کے نفسِ مُطْمَئِنَّہ کے درجے پر فائز کیا جائے۔ تاریخ اسلام کے اوراق اس امر کی شہادت فراہم کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا کارنامۂ سیرت اس قرآن کی تفسیر پر مشتمل ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت نے بھی اس کے معروف ومنکر کو اس درجہ سمجھ لیا کہ پھر اپنی زندگیوں کی کامل شہادت اس کے لیے پیش کر دی۔ پیغمبر ﷺ کی سیرت قرآنی افکار وتصورات کا مکمل مرقع تھی، مگر صحابہ بھی قرآن فہمی میں اپنا ممتاز اور منفرد مقام رکھتے تھے۔ بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم تو قرآن مجید کے مُتَخَصِّصِیْن میں سے تھے اور ان کی قرآن فہمی پر خود رسول اکرم ﷺ نے سندِ تحسین عطا فرمائی تھی، اس لیے طبقات المفسرین میں صحابہ کی قرآن فہمی کو بہت بڑا مقام حاصل ہے۔

قرآن مجید اپنے پڑھنے اور ماننے والوں کے سامنے بہت سے مطالبات اور تقاضے پیش کرتا ہے۔ اولاً یہ کہ اس قرآن مجید کو وحیِ حق پر مشتمل اور مُنَزَّلٌ مِنَ اللّٰہ تسلیم کیا جائے۔ اس کے احکام پر شرحِ صدر کے ساتھ ایمان لایا جائے۔ اس کے متن میں جن صفات المؤمنین کو بیان کیا گیا ہے ان پر صدقِ دل کے ساتھ عمل کیا جائے اور انہی کی روشنی میں اپنی سیرت سازی کی جائے۔ اسی باعث اس کے ادب واحترام کے بہت سے لوازم بیان کیے گئے

ہیں۔ آج انسانیت کے پاس یہ واحد صحیفۂ آسمانی ہے جس سے منشائے الٰہی کو معلوم کیا جا سکتا ہے۔ اسی لیے قرآن مجید کو تجوید وقراءت کی پوری پابندیوں کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ قرآن مجید نے اپنے مخاطبین کو قرآن فہمی کے مختلف وسائل کو اختیار کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ قرآنی آیات میں مسلسل غور وفکر اور تدبر وتفحص کے نتیجے میں اس کے حکیمانہ نکات سمجھ میں آتے ہیں۔ یہی نکات انوار الٰہیہ ہیں جن کی روشنی میں تعمیر کردار اور استحکام سیرت کے لوازم میسر آتے ہیں۔ فکر وتدبر کے نتیجے میں حکمت کا جوہر میسر آتا ہے جو قرآن مجید کے مطالعے کا سب سے بڑا حاصل ہے۔ قرآن مجید نے اسی کو خیر کثیر قرار دیا ہے۔ یہی خیر کثیر صحابۂ کرام ﷺ کی زندگیوں اور سیرتوں کی سب سے بڑی متاع ہے۔ صحابۂ کرام ﷺ قرآن مجید کی حکمت سے ملنے والی اس متاع گراں بہا کو لے کر نکلے تو تہذیب وتمدن کے سارے ایوان جگمگا اُٹھے اور صالح تہذیب وثقافت کی اقدار و روایات نے روئے ارضی سے ابلیسی قوتوں کا خاتمہ کر دیا۔ زمین نور توحید سے جگمگا اُٹھی اور انسانی قلوب واذہان کو حقیقی طمانیت نصیب ہوگئی۔ قرآن مجید کا فہم اور تدبر کوئی ہفت خواں نہیں کہ جسے طے کیے بغیر کوئی طالب قرآن ان مطالب قرآنی کی تہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ قرآن مجید پر جو مختلف نوعیت کے مظالم ہوئے، ان میں ایک ظلم یہ بھی رہا ہے کہ اس کی تعلیمات کا فہم عوام کی بجائے ایک خصوص بنا کر پیش کیا گیا۔ یہ قرآن مجید پر محض ایک اتہام ہے کہ یہ صرف چند مخصوص لوگوں کی میراث ہے اور وہی اس کے حکیمانہ نکات کو سمجھ سکتے اور بیان کر سکتے ہیں۔ قرآن مجید اس طرز استدلال کی نفی کرتا ہے۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (القمر:۱۷)

"ہم نے قرآن مجید کو سمجھنے کے لیے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے جو اس سے نصیحت حاصل کرے۔"

قرآن کے معانی ومطالب کو اس کی جامعیت کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے بیان کر دیا۔ اور آپ کی یہ قرآنی تشریح وتفسیر احادیث میں پورے شرح وبسط کے ساتھ موجود ہے۔ رسول کریم ﷺ نے اپنی معلمانہ حکمت عملی سے قرآن مجید کی اس بصیرت کو صحابہ کے سامنے بیان کیا' جن کے حلقوں سے تابعین اور ما بعد کے طبقات نے سیکھا ہے۔ تفسیر ماثور کی پوری روایت اسی مفہوم کی امانت دار ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے پیش کیا ہے۔ یوں جس طرح قرآن مجید کا متن ہر عیب سے پاک ہے' اسی طرح اس کی تشریح وتفسیر بھی پوری جامعیت کے ساتھ اُمت کے پاس موجود ہے۔

قرآن مجید کے معانی ومطالب کو بیان کرنے اور سکھانے کے لیے ہمیشہ سے اُمت میں اس کے درس وتدریس اور تعلیم وتعلم کے مراکز قائم رہے۔ ناظرہ قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ پڑھنا اور اس کے مطالب کو اسلوب رسالت کے ساتھ جاننا ایک ایسا دائرۂ کار رہا ہے جسے اس اُمت کے اکابرین اور مفسرین نے ہمیشہ ایک فرض منصبی کے طور پر پیش کیا

ہے۔ گذشتہ چودہ صدیوں میں تعلیم قرآنی کے حلقے کئی درجوں میں قائم کیے گئے۔ ایک طرف اس کی تجوید وقراءت کے حلقے، دوسری طرف اس کی تحفیظ کے مراکز قائم کیے گئے۔ تیسری طرف اس کے احکام اور تفسیری نکات سکھانے کے لیے درس وتدریس کا نظام قائم ہوا۔ چوتھی طرف قرآنی دعوت کو عام کرنے کے لیے اس کے ترجمہ وتفسیر پر توجہ دی گئی۔ یہی باعث ہے کہ آج دنیا کی بیشتر زبانوں میں ترجمہ وتفسیر قرآن کا ایک عظیم الشان ذخیرہ اپنی تمام تر علمی تابنا کیوں کے ساتھ موجود ہے۔

ہمارے علم وتحقیق کے مطابق قرآن مجید کا پہلا جزوی ترجمہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے سورۂ فاتحہ کے فارسی میں ترجمے سے کیا اور پھر ہر عہد میں اس کے تراجم ہوتے چلے گئے۔ ابتدائی صدیوں میں اسلامی علوم کی زبان عربی رہی تو لوگ کثرت سے عربی زبان کے ذریعے ہی سے قرآن مجید کو سمجھتے رہے۔ قرآن مجید کی ابتدائی تفاسیر کا سرمایہ بھی عربی زبان میں ملتا ہے۔ علمی انحطاط اور وقتی ضرورتوں کے پیش نظر پھر دوسری زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم وتفسیر کی روایت قائم ہوئی۔ یوں آج دنیا کی 103 زبانوں میں قرآن مجید کے مکمل تراجم نثر ونظم کی شکل میں موجود ہیں۔ اسی طرح بعض دوسری زبانوں میں اس کے مختلف اجزاء کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ قرآن مجید کے ان تراجم کی ایک مستقل تاریخ ہے جسے بیسیوں کتابوں اور کتابیات کی صورت میں مرتب کیا گیا ہے۔

برصغیر میں قرآنی تراجم کا آغاز شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے فارسی ترجمے سے ہوا، جس سے ایک تحریک کی سی صورت پیدا ہوئی، یہ 1739ء کا واقعہ ہے۔ اسی ترجمے کی روایت نے اردو ترجمے کی بنیاد ڈالی۔ آپ کے نامور فرزندان میں سے شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ اور شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ نے 1805ء کے قریب قریب قرآن مجید کے اردو تراجم پیش کیے جو اپنے روز مرہ اور محاورہ کے اعتبار سے آج بھی دوسرے تراجم کے لیے ایک معیار اور سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ عجیب بات ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ پہلے شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ نے کیا مگر شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ کا ترجمہ اس سے پہلے شائع ہوا اور اس کے اثرات زبان کے لحاظ سے زیادہ مفید اور واضح ہیں۔ آج جب کہ ہم 2005ء میں دارالسلام کے ایک معیاری ترجمۂ قرآن کے تعارف میں یہ سطور قلم بند کر رہے ہیں گذشتہ دو سو سالوں میں ایک ہزار کے قریب مکمل اور نامکمل ترجمے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ چند اردو ترجمے نظم کے قالب میں بھی پیش کیے گئے ہیں مگر مجھے یہ کاوش محض ایک عقیدت اور لسانی مشق دکھائی دیتی ہے۔ قرآن مجید کے اردو تراجم کے سلسلے میں مستقل کتابیں بھی تحریر کی گئی ہیں۔ کچھ اہم مضامین فن ترجمہ کے حوالے سے بھی ملتے ہیں، مگر ہم یہاں اپنے اس احساس کو بیان کرنا ضروری سمجھتے ہیں جس کی توثیق یا تائید بیسیوں دوسرے صاحبانِ علم نے بھی کی ہے اور ان سب آراء کا ملخص یہ ہے کہ قرآن مجید کا کما حقہ ترجمہ کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں، البتہ اس کی ترجمانی کی بہتر سے بہتر کوششوں اور اسالیب کو اختیار کیا جا سکتا ہے۔ بس یہی ایک

نقطہ نظر ہے کہ جس کے پیش نظر ہر عہد کے مترجمین نے نئے سے نئے قرآنی تراجم کو پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

اُردو زبان میں قرآن مجید کے معیاری تراجم کا جائزہ لیتے ہوئے ایک بات کو اصولی طور پر پیش نظر رکھنا چاہیے کہ خود اُردو زبان کی پیدائش اور نشوونما کی عمر بہت مختصر ہے۔ سترھویں صدی عیسوی میں جنوبی ہند کے علاقوں میں اس کی نثر کی ابتدائی کتابیں دکھائی دیتی ہیں۔ اٹھارویں صدی میں صوفیائے کرام کے بعض رسائل اور چند شعری کاوشیں منظر عام پر آئیں' البتہ انیسویں صدی کے بعد اس زبان نے خاصی ترقی کی، اس میں ہر موضوع اور فن پر ہزاروں کتابیں لکھی گئیں۔ بالخصوص اس تحقیق کے نتائج کو سمجھ لینا چاہیے کہ خود اُردو زبان کی ساخت اور تشکیل میں قرآن مجید کے 75 فیصد الفاظ کی شمولیت اور عربی زبان کے ذخیرے نے بہت بنیادی اثر پیدا کیا ہے۔ اگر کوئی محقق لسانیات کے اس پہلو سے جائزہ لے کہ قرآن مجید کی لغت کے دنیا کی دوسری زبانوں پر کیا اثرات مرتب ہوئے تو اس کا دلچسپ اور حیرت انگیز جائزہ پیش کرسکتا ہے۔ قرآن مجید کے معجزاثر لغوی سرمائے نے اس کے مترجمین کے لیے ہمیشہ یہ دقت پیدا کی ہے کہ عربی زبان کے الہامی اثر کو کسی دوسری زبان میں کیسے منتقل کیا جائے، اور قائم رکھا جائے۔ قرآنی زبان کے نمونے تو خود عربی ادب میں موجود نہیں تھے۔ یہ الگ بات کہ کچھ حضرات نے عربی زبان کے جاہلی ادب سے قرآنی مفاہیم کو سمجھنے کی کوشش کی ہے، مگر اس ضمن میں انہوں نے ایسی ایسی ٹھوکریں کھائی ہیں کہ بعض مقامات پر قرآن مجید کی تعلیمات واضح ہونے کی بجائے چیستان بن کر رہ گئی ہیں۔ قرآن مجید اپنے اسلوب اور ہیئت کے لحاظ سے نظم ہے یا نثر...... ناقدین ابھی تک اس کا بھی صحیح اور درست فیصلہ نہیں کر پائے۔ ذاتی طور پر مجھے ان حضرات کی رائے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا ادبی پیرایۂ اسلوبیاتی آہنگ اور لغوی ساخت نظم ونثر ہر دو کی لطافتوں اور نفاستوں سے قریب تر ہونے کے باوجود ایک جداگانہ مزاج رکھتی ہے۔ قرآنی اسلوب نہ تو کسی ادب پارے سے متاثر ہوا، اور نہ یہ جاہلی ادب کی لغت کے حوالے سے سمجھا جاسکتا ہے۔ اس کی تفہیم وتدبر کا واحد ذریعہ خود قرآنی لغت ہے جسے ہدایت کی ضروریات کے پیش نظر ایک خاص صرفی اور نحوی ترکیب کے ساتھ سمجھتے ہوئے اس کی ترجمانی کی کوشش کی جانی چاہیے۔ بظاہر قرآنی تعلیمات عربی زبان کے الفاظ ہی کے جامے میں پیش کی گئی ہیں مگر احکام قرآنی کی مشروعیت اسے ایک مخصوص مزاج عطا کرتی ہے۔ اس معجزانگیز مزاج کو جو مترجم جس قدر قریب تر ہو کر سمجھے گا اس کی ترجمانی میں وہ خوبی پیدا ہوسکے گی جو قرآن کے صحیح مطالب کو سمجھنے اور جاننے کے لیے ناگزیر ہے۔

اُردو زبان میں قرآن مجید کی ترجمانی کے جو مثالی نمونے پائے جاتے ہیں ان میں ابھی تک شاہ برادران کی کوششیں ایک معیار مطلوب کے قریب تر ہیں۔ مولانا فتح محمد جالندھری رحمہ اللہ کے ترجمے میں قبولیت کے بہت سے عناصر ہیں مگر اسے بھی معیار مطلوب کا نمونہ قرار دینے میں ہم متذبذب ہیں۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر تفہیم

القرآن میں ایک آزاد اردو ترجمے کا تجربہ کیا ہے جس میں قرآنی مفاہیم کے تسلسل کو اُردو اسلوب کے تسلسل میں برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ یہ ترجمہ اپنی شگفتگی ادبیت اور معیاری روزمرہ اور محاورہ کا نمائندہ ہونے کے باوجود ترجمانی ہی کی ایک عمدہ کوشش ہے۔ انہوں نے اپنی اس کوشش کو "عربی مبین" سے "اردوئے مبین" میں تبدیل کرنے کی مساعی قرار دیا ہے۔ اس کے ماقبل کے تراجم کی نسبت یہ روانی اور سلاست میں منفرد ہے۔ اس عہد میں بعض مخصوص فقہی مسالک نے بھی قرآن مجید کے اردو ترجمے کی کوشش کی ہے مگر انہوں نے قرآن مجید کی فکری گہرائیوں کی مطابقت کی نسبت اپنے مخصوص عقائد کی ترجمانی کو ترجیح دی۔ ابوالکلام آزاد کا ترجمہ اگرچہ مکمل نہیں مگر اپنی ادبی شان کے اعتبار سے منفرد ہے۔ مولانا کی شخصیت میں ایک خوبی یہ تھی کہ ان کی مادری زبان عربی تھی اور وہ عربی، فارسی اور اردو کے نفیس اسالیب کی لطافتوں سے کما حقہ آگاہ تھے، مگر یہ ترجمانی بھی اردو زبان کا معیاری نقش قرار نہیں دی جا سکتی۔ خالص لسانی سطح پر قرآن مجید کا اعجاز بہت واضح ہے۔ اس کے اسالیب حد درجہ بلیغ، اس کے معانی متعدد اور اس کے مفاہیم و مطالب متنوع اور بوقلموں ہیں۔ مولانا عبدالماجد دریا آبادی نے اپنے انگریزی زبان کے ترجمے کے مقدمہ میں کیا خوب بات لکھی ہے:

"Of all The great works The Holy Quran is perhaps the least translatable."

"دنیا کے تمام عظیم (علمی) کارناموں میں شاید قرآن مجید سب سے کم
ترجمے کی گنجائش رکھتا ہے۔"

قرآن مجید کا ہر ہر لفظ اپنے مقام پر ایک مخصوص معنوی اہمیت کا حامل ہے۔ بعض الفاظ کے ایک سے زیادہ معنی ہوتے ہیں۔ یہ سلسلہ محض ذو معنی الفاظ کا نہیں بلکہ بعض لفظوں کے تو بیک وقت بیسیوں مفہوم اور معانی ہوتے ہیں۔ ان میں سے کس مقام پر کس خاص لفظ کا ترجمہ کیا ہو سکتا ہے، اس کا انحصار مترجم کی علمی حیثیت، قواعد وضوابط سے گہری واقفیت اور عربی روزمرے اور محاورے سے بھرپور ذہنی مناسبت پر ہے۔ قرآن مجید کے عربی متن میں ضمائر اشارہ کا ترجمہ ایک مخصوص فنی مہارت کا متقاضی ہے۔ ذرا سی غفلت سے مترجم کا ترجمہ معنی کو کیا سے کیا کر سکتا ہے اور مفہوم کو کہیں سے کہیں لے جا سکتا ہے۔ اس کی مثالیں گمراہ قسم کے مترجمین میں کثرت سے دیکھی جا سکتی ہیں۔

برصغیر میں لسانیات کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ اردو زبان کے ابتداء میں کئی نام رہے ہیں۔ اس کے ابتدائی نمونے دکنی اردو میں ملتے ہیں۔ پھر مدت العمر اسے ہندی یا ریختہ بھی کہا جاتا رہا۔ قرآن مجید کے اردو تراجم ابتداء میں دکنی اور ہندی زبانوں کے نام سے معروف ہوئے۔ 1087ھ میں عبدالصمد بن نواب عبدالوہاب خان نے چار جلدوں میں قرآن مجید کا دکنی زبان میں ترجمہ کیا اور تفسیر لکھی ہے۔ جو "تفسیر وہابی" کے نام سے مشہور ہے۔ اٹھارویں صدی

سے قبل بعض نامکمل اور ناقص تراجم کے مخطوطات ہمارے کتب خانوں میں ملتے ہیں۔ اردو زبان کے فروغ کے لیے کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج قائم کیا گیا جس کے پرنسپل ڈاکٹر جان گلکرسٹ (م 1841ء) تھے۔ ان کے ایماء پر علماء کی ایک کمیٹی نے 1803ء میں قرآن مجید کا ایک ترجمہ کیا۔ اس کمیٹی میں جو مترجمین شامل تھے ان میں امانت اللہ شیدا' میر بہادر علی' کاظم علی' غوث علی حافظ اور مولوی فضل اللہ کے نام ملتے ہیں۔ اسے ہندی زبان کا ترجمہ قرار دیا گیا ہے۔ اس اردو ترجمے کے مخطوطات حیدر آباد دکن اور ممبئی کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔

ڈاکٹر احمد خاں نے قرآن مجید کے اُردو تراجم کی جو کتابیات تیار کی ہے اور وہ مقتدرہ قومی زبان' اسلام آباد سے شائع ہو چکی ہے۔ اس میں ایک ہزار سے زائد قرآن مجید کے اردو تراجم کا ذکر ہے۔ ڈاکٹر صالحہ عبدالحکیم شرف الدین نے قرآن حکیم کے اردو تراجم کے موضوع پر پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا ہے جو قدیمی کتب خانہ کراچی سے شائع ہو چکا ہے۔ اس میں بھی سترھویں صدی عیسوی سے بیسویں صدی عیسوی تک کے سیکڑوں اردو تراجم قرآن کا تفصیلی ذکر موجود ہے، مگر اس مقام پر ہمیں ان سب کا تذکرہ مطلوب نہیں۔ البتہ علمی وجوہ سے اہم ترین اردو مترجمین میں شاہ عبدالقادر' شاہ رفیع الدین' شاہ مراد اللہ انصاری' مرزا حیرت دہلوی' سید امیر علی' مولانا وحید الزمان' مولوی محمد انشاء اللہ' عبداللہ چکڑالوی' احمد رضا خان بریلوی' نعیم الدین مراد آبادی' سید حسن بہاری' ڈاکٹر ابوالفضل مرزا' خواجہ احمد دین امرتسری' اشرف علی تھانوی' محمود الحسن' سید احمد حسن دہلوی' ڈپٹی نذیر احمد' ابوالکلام آزاد' سید ابوالاعلیٰ مودودی' امین احسن اصلاحی' احمد علی لاہوری' مولوی فیروز الدین' محمد جونا گڑھی' غلام وارث' کرم شاہ الازہری' محمد حنیف ندوی' حامد حسن بلگرامی' ثناء اللہ امرتسری' عبدالمجید خادم سوہدروی' فتح محمد جالندھری' ڈاکٹر نصیر احمد ناصر' خواجہ حسن نظامی' عبدالماجد دریا آبادی' سرسید احمد خان' غلام احمد پرویز' مفتی محمد شفیع' مسعود احمد اور عبدالرحمٰن کیلانی وغیرہ کے نام شامل ہیں۔ مذکورہ تراجم میں سرسید احمد خاں اور مسٹر غلام احمد پرویز کے ترجمے اُردو ترجمے کی روایت میں ایک واضح انحراف کی مثالیں ہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد کا ترجمہ مکمل نہ ہونے کے باوجود علمی سطح پر لائق مطالعہ ہے۔ قرآن مجید کے ان تراجم میں قادیانی اور عیسائی مترجمین کا ذکر بوجوہ نہیں کیا گیا ہے کہ یہ مسلم عقائد کی رو سے لائق اعتنا نہیں ہیں۔ اردو زبان میں پچاس کے قریب مکمل اور نامکمل منظوم تراجم بھی ملتے ہیں مگر اپنے شعری صنائع اور خصائص کے باوجود یہ تمام کاوشیں قرآن مجید کے مفہوم کو مجروح کرنے والی ہیں۔ ہمارے نزدیک ان تمام اردو تراجم میں سے کسی ایک کو مثالی اور معیاری قرار دینا تو بہت مشکل ہوگا۔ البتہ ہم یہ بات وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ شاہ عبدالقادر' شاہ رفیع الدین' محمود الحسن' محمد جونا گڑھی' ثناء اللہ امرتسری' فتح محمد جالندھری اور سید ابوالاعلیٰ مودودی کے تراجم اردو زبان کے معیاری اور مقبول نمونے ہیں۔ اس موقع پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب مذکورہ تمام کوششیں کسی مثالی ترجمے کے نمونے کو پیش کرنے سے قاصر ہیں تو پھر اس

معیارِ مطلوب کو حاصل کرنے کے فنی تقاضے کیا ہیں۔ اس مقام پر ہم اسی موضوع پر روشنی ڈالنا چاہتے ہیں۔

1- قرآن مجید کے اردو ترجمے میں امکانی حد تک عربی الفاظ کو علیٰ حالہٖ برقرار رکھا جائے۔ مترجمین نے سیکڑوں قرآنی الفاظ کو اردو ترجمے میں برقرار رکھا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق قرآن مجید کے 75 فیصد الفاظ آج بھی اردو زبان میں استعمال ہو رہے ہیں۔

2- اردو ترجمہ عربی متن کے جس قدر قریب ہوگا' اپنی ترجمانی کے لحاظ سے کامیاب ٹھہرے گا۔

3- ترجمے میں مفہوم اور مطلب کو مجروح کرنے والے ہر پہلو کو نظر انداز کرنا ضروری ہے۔

4- وہ دل نشینی اور اعجاز آفرینی جو قرآن مجید کا عربی متن پڑھتے ہوئے محسوس ہوتی ہے' کوشش کی جائے کہ اسے اردو ترجمے میں برقرار رکھا جائے۔

5- ترجمے میں زبان کے تقاضوں پر مفہوم کی ضرورت کو ترجیح دی جائے۔

6- ترجمے کی زبان میں سادگی' سلاست، روانی اور سہولت کو پیش نظر رکھا جائے۔

7- اگر کسی ایک عربی لفظ کا ایک سے زیادہ اردو الفاظ میں ترجمہ ہو سکتا ہو تو عربی متن کے سیاق و سباق کو پیش نظر رکھتے ہوئے موزوں ترین لفظ کا انتخاب کیا جائے۔

8- ترجمے میں عربی قواعد اور انشا کا لحاظ رکھا جائے۔ اس سلسلے میں مترجم کو صرف و نحو کے قواعد پر عبور حاصل ہونا چاہیے ورنہ ترجمہ لطائف و غرائب کا مجموعہ بن کر رہ جائے گا۔

9- اردو زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے عربی زبان میں لغۃ القرآن پر لکھی گئی کتابوں اور قدیم تفاسیر ماثورہ سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔

10- کتب احادیث میں ابواب تفسیر کی احادیث صحیحہ سے اردو ترجمہ کرتے ہوئے کما حقہ رہنمائی حاصل کی جائے۔

11- قرآن مجید کے پہلے مفسّر خود رسول اللہ ﷺ ہیں۔ صحابۂ کرام ﷺ نے بھی اپنی استعداد کے مطابق مختلف سورتوں اور آیات کی تفسیر بیان کی ہے۔ ان ہر دو ذخائر سے استفادہ ناگزیر ہے۔ اپنے ترجمے کو ان نکات کے مطابق ڈھالا جائے۔

12- قرآن مجید میں مختلف سورتوں اور آیات کا ایک خاص شانِ نزول ہے۔ یہ آیات ایک زمانی اور مکانی تعلق بھی رکھتی ہیں۔ بعض جگہ چند خاص واقعات کے پس منظر میں ان آیات کی تفسیر و تشریح ممکن ہے۔ اردو ترجمہ کرتے ہوئے ان سب صورتوں کو پیش نظر رکھا جائے۔

13- قرآن مجید کے اردو مترجم کے لیے جہاں عربی زبان، اس کی صرف و نحو اور قواعد فصاحت و بلاغت کا علم ضروری

ہے۔ وہاں اسے اردو زبان کے عہد بہ عہد لسانی تغیرات کی بھی خبر ہونی چاہیے۔ اردو لغت اور روز مرہ محاورے کی شناسائی بھی اس کے لیے ضروری ہے۔ مترجم کو اردو' عربی اور فارسی کے ذخیرۂ لغت پر جس قدر عبور ہو گا' ترجمے میں اسی قدر خوبی اور کمال کا پہلو پیدا ہو گا۔

مذکورہ تمام شرائط وضوابط کو ہم نے محض فنی لوازم کے طور پر پیش کیا ہے' مگر ایک کامیاب مترجم کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسلامی عقائد کا پختہ شعور رکھتا ہو اور عبادات واذکار کے مسنون آداب سے آگاہ ہو۔ اس کی شخصیت میں جس قدر للّٰہیت' تقویٰ' راستبازی اور خشیتِ الٰہی ہو گی' وہ مسلکی تعصبات سے جس قدر بالاتر ہو گا اور کتاب وسنت کے ذخیرے پر اسے جس قدر دسترس ہو گی' وہ رزق حلال پر جس قدر قناعت اور حرام امور سے جس درجہ اجتناب کرے گا۔ وہ کلام الٰہی کے حکیمانہ اسرار ونکات کو اسی قدر بہتر سمجھ پائے گا۔ قرآن مجید کا ترجمہ محض ایک علمی اور لغوی مشق ہی نہیں' ایک روحانی اور ایمانی تجربہ بھی ہے۔ یوں مترجم کے شخصی احوال اور اس کے عقائد لازماً ترجمے میں نظر آتے ہیں۔ اردو تراجم کا تقابلی مطالعہ کرتے ہوئے آپ ان حقائق کا براہ راست اور بچشم خود مشاہدہ کر سکتے ہیں۔

بیسویں صدی کے اسلامی اور علمی ماحول میں قرآن فہمی کے جتنے ادارے قائم ہوئے اور ترجمہ وتفسیر کی جتنی کاوشیں منظر عام پر آئیں' یہ ماضی کی نسبت ایک شوق فراواں کی دلیل ہے۔ بالخصوص گذشتہ دو عشروں میں ترجمۂ قرآن اور فہم القرآن کے نام سے متعدد ادارے اور تنظیمیں وجود میں آئی ہیں۔ مرد ہوں یا خواتین' بچے ہوں یا بوڑھے سبھی طبقات میں قرآن فہمی کا ایک رجحان نمایاں دکھائی دیتا ہے۔ ان اداروں اور تنظیموں کے ہاں اس مقصد کے لیے بہت سی مفید علمی اور عملی صورتیں سامنے آئی ہیں اور مسلسل آ رہی ہیں۔ دارالسلام جو عالم اسلام کا ایک ممتاز طباعتی ادارہ ہے اور جس کا مقصد تاسیس ہی خالص کتاب وسنت کی دعوت کو جدید وسائل کے حوالے سے عامۃ المسلمین کے سامنے پیش کرنا ہے۔ اس ادارے نے بھی اپنی بساط اور وسائل کے مطابق اس میدان میں کامیاب اور روشن مثالیں پیش کی ہیں۔

دارالسلام کے مدیر ومہتمم عبدالمالک مجاہد ﷾ قرآن مجید کے خادموں اور کاتبوں کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے شعور کی آنکھیں کھولیں تو گھر کے ہر فرد کو خدمت قرآن کے لیے وقف پایا۔ انہیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سعودی عرب کے مذہبی اور علمی ماحول میں مدت العمر رہنے کی سعادت حاصل ہوئی اور پھر کتاب وسنت کی اشاعت کے لیے ایک ادارے اور مکتبے کی بنیاد ڈالی تو ان کے سینے میں ایک خواہش مدت سے کروٹیں لے رہی تھی کہ قرآن مجید کی ایک ایسی تفسیر' حواشی اور ترجمہ تیار کرایا جائے جو سلف صالحین کے افکار سے متصل اور ان کے عقائد اور منہج سے مربوط ہو۔ ایسی ترجمہ وتفسیر کی کوشش میں محدثانہ اسلوب کو ترجیح حاصل ہو اور اس سے اتباع سنت کے جذبات پیدا ہوں۔

اخلاص نیت سے معمور اس طلب نے بہت جلد عملی صورت اختیار کر لی۔ محترم حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ کے

مختصر حواشی اور مولانا محمد جوناگڑھی رحمہ اللہ کے اردو ترجمے کے ساتھ "احسن البیان" کے نام سے ایک سلفی منہج سے ہم آہنگ مختصر تفسیر تیار ہوگئی جس میں فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر فضل الٰہی ﷾ کی مشاورت اور فضیلۃ الشیخ مولانا صفی الرحمن مبارک پوری رحمہ اللہ کی نظر ثانی بھی شامل تھی۔ اس کاوش کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی مقبولیت حاصل ہوئی کہ آج اردو خواں دنیا میں اس کی مسلسل طلب ایک ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔ دار السلام نے قرآن مجید کے علوم و معانی کی ایک مستند کوشش انگریزی زبان میں بھی کی۔ ڈاکٹر تقی الدین الہلالی رحمہ اللہ اور ڈاکٹر محمد محسن خان ﷾ نے "The Noble Quran" کے نام سے ایک سلفی منہج سے متصف ترجمۂ قرآن اور مختصر حواشی پیش کیے۔ اس میں پہلی مرتبہ صحیح بخاری کی روایات سے فہم قرآن میں مدد حاصل کی گئی۔ اپنے منہج کے لحاظ سے آج یہ انگریزی خواں دنیا کی مقبول ترین کاوشوں میں شمار ہوتی ہے۔ اس کی افادیت کو محسوس کرتے ہوئے اردو خواں طبقے نے بھی اس کی تیاری اور اشاعت کا تقاضا کیا تو معروف سکالر ڈاکٹر محمد امین ﷾ نے ان تفسیری ہوامش کا بہترین اسلوب میں اردو ترجمہ کیا۔ ان ہوامش پر "احسن البیان" کے مفسر و محشی فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ نے نظر ثانی کا فریضہ انجام دیا۔ ان ہوامش میں جہاں صحیح بخاری کی احادیث سے استفادہ کیا گیا وہاں تفسیر ابن کثیر اور تفسیر قرطبی سے بھی کما حقہ خوشہ چینی کی گئی۔ اس مختصر تفسیر کو "احسن الکلام" کا نام دیا گیا۔ اس میں خطیب الہند مولانا محمد جوناگڑھی کے ترجمے کو شامل کیا گیا مگر اس ترجمے میں اس قدر اصلاح کی گئی کہ اس میں قدیم' نامانوس اور متروک الفاظ کی جگہ جدید مستعمل اردو الفاظ کو جگہ دی گئی۔ جس سے اس ترجمے میں ایک شگفتگی اور سلاست پیدا ہوگئی۔ یہ مختصر تفسیر بھی طالبانِ علوم قرآنی کی تشنگی کو رفع کرنے میں معاون ثابت ہو رہی ہے۔ اب اس تفسیر کے جدید ایڈیشن کو "دار السلام ریسرچ سیکشن" کی طرف سے پیش کیے گئے نئے اردو ترجمے اور بہترین خطاطی کے ساتھ، بین السطور اسلوب میں تیار کیا گیا ہے۔

دار السلام کی قرآنی خدمات کا دائرہ بہت بوقلموں' وسیع اور متنوع ہے۔ جو قرآن مجید کی عمدہ کتابت متن اور خوشنویسی کے اعلیٰ معیار کے حامل نسخوں' تجوید و قراءت کے سمعی معاونات' قصص القرآن' اطلس القرآن' دس جلدوں میں تفسیر ابن کثیر کا انگریزی میں محقق ایڈیشن اور دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے معیاری تراجم تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کے بہت سے قرآن مجید کے اشاعتی پروگراموں میں سے ایک جدید قرآن مجید کا ایسا ترجمہ بھی ہے' جو زبان میں سادہ' مفہوم میں کامل' اسلوب میں دل نشیں' عربی متن کے قریب تر اور ہر عمر کے باذوق قارئین کے لیے مفید اور نافع ہو۔ یہ جدید ترجمہ دار السلام کی علمی کمیٹی کے چیئرمین مفسر قرآن فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ اور ادارے کے سینئر ریسرچ سکالر فضیلۃ الشیخ مولانا محمد عبدالجبار سلفی ﷾ کی محنت شاقہ اور علمی رسوخ کا نمونہ ہے۔ یہ ترجمہ نہ تو ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ کی نثر مرصع کا نمونہ اور نہ سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ کی اردوئے مبین کا دعویدار ہے مگر اس میں جو

سادگی، سلاست، شگفتگی، روانی، دلکشی اور وضاحت بیان ہے، اس کے باعث یہ لائق توجہ ہے۔ اس میں عربی الفاظ کے قریب تر اردو الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ بعض مترجمین نے قرآن مجید کے جن حروف کی جانب اعتنا نہیں کیا یہاں ان پر کامل توجہ دی گئی ہے۔ ترجمے میں غرابت اور ابہام کی بجائے سادگی اور سلاست کو ترجیح دی گئی ہے۔ ترجمہ کرتے ہوئے برصغیر کی قرآنی ترجمے کی روایت کے مؤسسین شاہ ولی اللہ اور ان کے دو نامور فرزندان شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر کے فارسی اور اردو تراجم کو اساس اور منہج کے بطور قبول کیا گیا ہے۔ جہاں تک عربی صرف ونحو اور معانی و بیان کے قواعد کا تعلق ہے، اس میں ان کا مکمل خیال رکھا گیا ہے۔ اردو میں ترجمہ کرتے ہوئے سورتوں کی شان نزول، معاشرتی حالات اور جغرافیائی کوائف کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ قرآن فہمی کے جملہ مصادر کو پیش نظر رکھتے ہوئے جدید اسلوب کے تقاضوں سے ہم آہنگ ترجمہ کی کوشش کی گئی ہے۔ دارالسلام کے تحقیقی مرکز میں چونکہ ایک ٹیم ورک کی صورت ہے، لہٰذا اس ترجمے کی تیاری کے دوران میں مختلف صلاحیتوں کے حامل ماہرین سے بھرپور مشاورت اور استفادہ کیا گیا ہے۔ اپنے ان خصائص کے پیش نظر قرآن مجید کا یہ جدید اردو ترجمہ عامۃ المسلمین کے لیے منشائے ربانی کو پانے اور سمجھنے کا مؤثر وسیلہ ہے۔

دارالسلام نے اس جدید ترجمے کو ایک نئے قالب میں بھی ڈھالا ہے۔ دور حاضر میں قرآن فہمی کے لیے قرآن مجید کے تراجم کو کئی شکلوں میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان میں سے ایک کاوش حافظ نذر محمد رحمہ اللہ کی ہے جس میں خانوں میں ہر ہر لفظ کے جدا جدا معنی دیے گئے ہیں۔ اس سے تمام قرآنی الفاظ و حروف کے معنی تو متعین ہو گئے ہیں مگر تسلسل اور روانی مجروح ہوئی ہے۔ پھر کچھ فاضل حضرات نے ملون یا رنگوں کی نفسیات سے ترجمے کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس سلسلے میں سید شبیر احمد رحمہ اللہ کی کاوش کو ایک طبقے میں بہت سراہا گیا ہے۔ ایک آیت کے مختلف حصوں اور کلموں کو جدا جدا رنگوں میں لکھا گیا ہے اور ان کے بالمقابل انھی رنگوں میں اس کے مطالب بیان کیے گئے ہیں۔ دارالسلام کے علماء اور ماہرین کی ٹیم نے طالبان قرآن کی جملہ ضرورتوں کا ادراک کرتے ہوئے اس ترجمے کو یوں تو خانوں ہی میں پیش کیا ہے مگر خانوں کی تشکیل میں ہر ہر لفظ کو جدا جدا لکھنے اور ان کے معنی بیان کرنے کے بجائے آیات کے الفاظ کے ایسے ٹکڑوں کا انتخاب کیا ہے کہ جس کے معنی بیان کرتے ہوئے قرآنی مفہوم میں مزید وضاحت پیدا ہو گئی ہے۔ نیز الگ الگ ٹکڑوں کے ترجمے کے التزام کے باوجود تسلسل بیان مجروح نہیں ہونے پاتا۔ آیات کے خانوں میں منقسم ہونے کے باوجود مفہوم کا تسلسل اور عبارت کی روانی اس کوشش کا خصوصی امتیاز اور انفرادیت ہے۔ اس میں تمام تر حروف کی معنویت کو برقرار رکھتے ہوئے ضمائر کے ترجمے اور اسماء و افعال کی صرفی اور نحوی صورتوں کا پورا لحاظ رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ترجمۂ قرآن کی اس کوشش میں اسلاف کے علمی منہج سے کما حقہ استفادہ کیا گیا ہے۔

فاضل مترجمین نے جہاں کہیں کوئی مشکل یا الجھن محسوس کی ہے عربی' فارسی اور اردو کے قرآن فہمی کے تمام تر لوازم سے مدد لینے کی کوشش کی ہے۔ اس ترجمے کو پیش کرتے ہوئے اصول سہولت کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ ایک عام اردو خواں قاری بھی اس سے بھر پور استفادہ کر سکتا ہے۔ نیز دینی مدارس اور ترجمۂ قرآن کے حلقوں اور کلاسز کے اساتذہ اس کوشش سے اپنے اسباق کو آسان' پرکشش اور مفید بنا سکتے ہیں۔ راقم الحروف کو ترجمہ قرآن کے اس کام کے ہر مرحلے میں شریک ہونے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ اپنے اس طویل اور مسلسل رابطے کے باعث مجھ پر اس کوشش کی خوبیاں عیاں اور خصائص واضح ہیں۔ دار السلام کی ٹیم نے اس ترجمۂ قرآن کی پیشکش میں جس ہنر مندی' ٹیکنالوجی اور عقیدت کو سمویا ہے، اس کے باعث یہ پیش کش ایک معیاری اور مثالی شکل اختیار کر گئی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ترجمۂ قرآن کی یہ کاوشیں فہم قرآن کے مختلف تجربات کو اب ایک تحریک کی شکل دیں گی۔ اس طرز کے علمی کام سے مسلکی اور گروہی تعصبات کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ دار السلام نے اس ترجمے کی پیشکش اور طباعت میں جس احساس جمال اور ذوق وشوق کا مظاہرہ کیا ہے وہ لائق تحسین ہے۔ ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید کی اس سائنٹفک ترجمانی کو عامۃ المسلمین کے لیے نافع بنائے۔ آمین یا رب العالمین۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر

(بیت الحکمت، لاہور)

12 ربیع الاول 1426ھ

کچھ اس ترجمہ کے بارے میں!

راقم نے جب قرآن مجید کے تفسیری حواشی تحریر کیے' جو "تفسیر احسن البیان" کے نام سے شائع ہوئے' تو اس وقت "دارالسلام" الریاض کے رفقاء نے ترجمے کے لیے مولانا محمد جونا گڑھی رحمہ اللہ کا وہ ترجمہ منتخب کیا جو تفسیر ابن کثیر کے اُردو ترجمے کے ساتھ چھپا ہوا ہے' تاہم اس میں بہت سے مقامات پر اصلاح زبان وبیان کر لی گئی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے "تفسیر احسن البیان" کو قبول عام سے نوازا' اور ہر حلقے میں اسے پسند کیا گیا' حتی کہ علماء نے بھی اس کی تحسین اور راقم کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ لیکن اکثر علماء نے اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا اظہار ہی نہیں' بلکہ اصرار کیا کہ ان تفسیری حواشی کے ساتھ ترجمہ بھی نیا لگایا جائے۔ موجود ترجمہ گو زبان وبیان کے اعتبار سے زیادہ پرانا نہیں ہے' لیکن بعض مقامات پر ضرورت سے زیادہ بامحاورہ ہونے کی وجہ سے اس میں قرآنی متن سے بہت بعد نظر آتا ہے۔ یہی بات دینی مدارس میں زیر تعلیم بعض طلبہ وطالبات کی طرف سے بھی ہم تک پہنچی اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ ترجمے کے لیے ہمیں قرآن مجید کا کوئی دوسرا نسخہ دیکھنا پڑتا ہے۔

علماء اور طلباء، دونوں کی یہ باتیں ایک تو حقیقت کے قریب تھیں۔ دوسرے' ان میں قرآن فہمی کے جذبے کی کارفرمائی تھی۔ اس لیے راقم نے "دارالسلام" لاہور کے منتظم اعلیٰ عزیز گرامی حافظ عبدالعظیم اسد سَلَّمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَ بَارَكَ فِي عُمْرِهٖ وَ نَحْوِهٖ سے اس کا تذکرہ اور مذکورہ حضرات کی خواہش کو عملی جامہ پہنانے کی بابت مشورہ کیا' تو انہوں نے بھی اس کی تائید کی اور کہا کہ اس سے ادارے کی ایک بہت بڑی ضرورت بھی پوری ہو جائے گی' اور یوں انہوں نے بھی اس پر اپنی آمادگی اور تعاون کا نہ صرف اظہار کر دیا بلکہ محب و مشفق گرامی جناب عبدالمالک مجاہد حفظہ اللہ سے بھی اس کی منظوری لے لی۔ اس طرح ان دونوں حضرات کے مخلصانہ جذبہ وتعاون اور حوصلہ افزائی سے' اس راہ کا پہلا سنگ گراں' الحمدللہ دور ہو گیا اور ایک نیا ترجمہ کرنے کا عزم کر لیا گیا۔

آغاز کار میں باہمی مشاورت سے یہی طے پایا کہ لفظی ترجمہ کیا جائے' کیونکہ ترجمے کی ضرورت ہی اس لیے محسوس کی گئی کہ پہلے تفسیر کے ساتھ جو ترجمہ لگا ہوا ہے وہ لفظی نہیں ہے۔ علاوہ ازیں راقم کے خیال میں بھی قرآن فہمی کے لیے لفظی ترجمہ ہی عوام کے لیے مناسب رہتا ہے۔ بامحاورہ ترجمے سے جو کلامِ الٰہی کی ترجمانی ہوتا ہے' زیادہ سلیس و رواں ہونے کی وجہ سے قرآن کا مفہوم تو بآسانی سمجھ میں آ جاتا ہے' لیکن اس رواں دواں ترجمے کو بار بار پڑھنے کے باوجود' پڑھنے والے کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ قرآن کے فلاں لفظ کا ترجمہ کیا ہے اور فلاں کا کیا۔ یوں عمر بھر قرآن خوانی اور ترجمہ خوانی کے باوجود وہ

براہ راست (ترجمے کے بغیر) قرآن خوانی کے لطف اور اس کے فہم سے اور اس کے اعجاز اور سحر بیانی سے محروم رہتا ہے اور یہ ظاہر بات ہے کہ براہ راست کلامِ الٰہی انسان کے قلب و دماغ پر جو اثر ڈال سکتا اور جو انقلاب وتغیر پیدا کر سکتا ہے' کوئی انسانی کلام اسے اس طرح متاثر نہیں کر سکتا ہے' نہ تغیر و انقلاب کی راہ اس طرح ہموار کر سکتا ہے۔ اس لیے قرآن کو ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھنے کا مطلب یہ ہونا چاہیے کہ چند مرتبہ ایسا کرنے سے قاری کے اندر یہ استعداد پیدا ہو جائے کہ پھر وہ ترجمے کے بغیر بھی قرآن کو سمجھ سکے' تا کہ قرآن کا اعجاز اسے براہ راست متاثر کر سکے اور یہ چیز اگر انسان کوشش کرے' تو لفظی ترجمے سے تو حاصل ہو سکتی ہے' کسی بامحاورہ اور سلیس و رواں ترجمے سے حاصل نہیں ہو سکتی۔

علاوہ ازیں رواں دواں اور شگفتہ ترجمہ' چونکہ عام فہم ہوتا ہے' اس لیے قاری سرسری سے انداز میں ترجمہ پڑھ جاتا ہے' اسے زیادہ غور و فکر کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ جبکہ لفظی ترجمے میں زیادہ سلاست و شگفتگی ہوتی ہے نہ ہو ہی سکتی ہے کیونکہ لفظوں کی پابندی شگفتگی کی راہ میں رکاوٹ ہوتی ہے' اس لیے قاری کو ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ وہ ترجمے پر غور کرے اور اسے توجہ سے سمجھنے کی کوشش کرے۔ لفظی ترجمے میں یہ تعقید اور عدم سلاست (یعنی اس کا عام فہم نہ ہونا) ہی قرآن فہمی کی کلید ہے۔

راقم کو اگرچہ اول روز ہی سے یہ احساس تھا کہ قرآن مجید کا ترجمہ کرنا کوئی آسان کام نہیں' بلکہ نہایت مشکل کام ہے۔ تاہم جب اس کا آغاز کیا گیا تو اس کی مشکلات اور کٹھنائیاں مزید واضح ہو کر سامنے آ گئیں' اور عملی تجربے سے یہ بات بھی سامنے آئی کہ بامحاورہ ترجمہ' لفظی ترجمے کی نسبت زیادہ آسان ہے۔ لفظی ترجمہ دنیا کا مشکل ترین کام ہے۔ بامحاورہ ترجمے میں الفاظ کو آگے پیچھے کرنے کی بھی گنجائش ہوتی ہے اور ترجمے میں الفاظ کے اضافے کی بھی۔ جب کہ لفظی ترجمے میں یہ دونوں سہولتیں نہیں ہوتیں۔ اس میں کوشش یہ ہوتی ہے کہ عربی لفظ کے نیچے اس کا ترجمہ آئے' اس لیے اس میں اختصار و جامعیت کا بھی اہتمام کرنا پڑتا ہے اور تفصیل و اضافے سے بچنے کا التزام بھی۔ ان دونوں باتوں کو ملحوظ رکھنا اس کام کو مشکل سے مشکل تر بنا دیتا ہے' اس پر مستزاد یہ بات کہ قرآن کریم کے لفظ لفظ کا ایسا ترجمہ' جو اس کے مفہوم' زور بیان اور اعجاز کو مکمل طور پر اپنے اندر سمیٹ لے' ناممکن ہے۔ الفاظ کے در و بست اور زبان و بیان کی تمام تعبیرات کلامِ الٰہی کی تاثیر اور اس کی معنویت کو کسی بھی زبان میں منتقل کرنے سے قاصر ہیں۔

بہر حال اللہ کے بھروسے پر ترجمے کا آغاز کر دیا گیا' یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس کے لیے جو اہلیت و صلاحیت درکار ہے' اس سے راقم محروم ہے' لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ بے پایاں کرم و احسان اور خصوصی فضل و انعام دیکھتے ہوئے کہ اس سے قبل اس نے مجھ جیسے بے مایہ اور علم و عمل سے تہی دامن شخص کو تفسیری حواشی لکھنے کی توفیق سے بھی نواز دیا تھا' کچھ حوصلہ ہوا اور یہ امید ہوئی کہ وہ ترجمے میں بھی ضرور دستگیری و معاونت فرمائے گا۔

اللہ کی مدد کے حصول کے لیے راقم نے خصوصی دعا کے ساتھ یہ التزام بھی کیا کہ روزانہ صلوۃ الاشراق کے علاوہ دوگانہ پڑھ کر رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَ تَمِّمْ بِالْخَیْرِ وَبِكَ نَسْتَعِیْنُ یَا فَتَّاحُ کے ورد کے ساتھ کام کا آغاز کرتا رہا۔ یہی التزام تفسیری حواشی لکھنے کے دوران میں بھی راقم نے کیا تھا۔ احباب اور بزرگوں سے بھی دعاؤں کی خصوصی درخواستیں کیں اور انہوں نے بھی اس کام کی تکمیل کے لیے خصوصی دعائیں کیں' حتی کہ کئی دوستوں نے حرم مکہ میں بھی دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام دوستوں اور بزرگوں کو اجر جزیل سے نوازے جنہوں نے اس کام کے لیے دعائیں کیں اور ان کو بھی اس کام کے اجر وثواب میں شریک فرمالے۔ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِیَسِیْرٍ۔

قبولیت دعا کا ایک بڑا مظہر یہ سامنے آیا کہ راقم نے ترجمے کی مشکلات اور وقت کی تنگیٔ داماں کے پیش نظر عزیز گرامی حافظ عبدالعظیم سے استدعا کی کہ وہ رکن ادارہ مولانا محمد عبدالجبار' فاضل دارالحدیث محمدیہ جلالپور پیروالہ (ملتان) کو ایک شریک کار کے طور پر مجھے دے دیں' تا کہ ایک فاضل ساتھی کی معاونت و رہنمائی بھی مجھے حاصل ہو جائے اور اس کام کی تکمیل بھی جلد از جلد کی جا سکے۔ عزیز گرامی سلمہ اللہ تعالیٰ نے راقم کی استدعا سے موافقت فرمائی اور مولانا موصوف ﷾ کو ادارے کے دوسرے کاموں سے فارغ کر کے میرے حوالے کر دیا۔ مولانا موصوف اُردو ادب کا بھی اچھا ذوق رکھتے ہیں اور عربی علوم پر بھی خوب دسترس۔ اور یہ دونوں ہی چیزیں ترجمے کے لیے ناگزیر ہیں' بنابریں ان کا انتخاب' حسن انتخاب' ہی کا مصداق ثابت ہوا۔ فالحمدللہ علی ذلك۔

مولانا موصوف ﷾ نے اس ترجمۂ قرآن میں بھر پور تعاون فرمایا۔ وہ راقم سے رہنمائی لیتے رہے اور راقم ان سے رہنمائی لیتا رہا۔ یہ اتنی مشکل گھاٹی تھی کہ اسے عبور کرتے ہوئے بارہا ہم دونوں کے اعصاب جواب دے جاتے رہے' تاہم ہانپتے کانپتے' ہلکہ گرتے پڑتے اور بار بار کمر ہمت کستے اور دعائیں کرتے ہوئے اس سفرِ پُر صعوبت کو جاری رکھا۔ بالآخر اللہ تعالیٰ کی توفیق اور اس کے فضل وکرم سے یہ نہایت دشوار گزار گھاٹی عبور کرنے اور یہ سر بفلک چوٹی سر کرنے میں ہم اپنے خیال کے مطابق کامیاب ہو گئے۔ فالحمدللہ علی ذلك۔

بہر حال ہم نے اس ترجمے کو اپنی طرف سے ممکن حد تک بہتر سے بہتر بنانے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی ہے' لیکن اس کے باوجود ہم یہ دعویٰ نہیں کر سکتے کہ یہ ترجمہ دیگر تراجم سے بہت زیادہ بہتر ہے' اس لیے کہ ترجمے میں بہتر سے بہتر اسلوب اختیار کرنے کے باوجود مزید بہتری کی گنجائش موجود رہتی ہے۔ علاوہ ازیں تمام تر کوشش کے باوجود' انسان کلام الٰہی کو دوسری زبان میں' اس کے حسن' جامعیت اور اعجاز سمیت مکمل طور پر منتقل کرنے سے قاصر ہے' جیسا کہ ہم نے پہلے بھی صراحت کی ہے اور ہمیں اپنے عجز کا پورا اعتراف ہے' اس لیے ہم کوئی دعویٰ نہیں کرتے' صرف اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم نے ترجمے کو لفظوں کے قریب رہتے ہوئے' جتنا عام فہم بنا سکتے تھے' اس کی پوری کوشش کی ہے تا کہ قرآن فہمی کے لیے

یہ ترجمہ زیادہ سے زیادہ مفید ثابت ہو سکے۔

اس میں اصل کامیابی اور معیار کا تناسب کتنا اور کیسا ہے۔ اس کا فیصلہ اب قارئین کرام اور علمائے عظام ہی کو کرنا ہے۔ ہم نے اپنی حد تک صحیح سے صحیح تر بات کے اختیار کرنے میں اور مناسب سے مناسب تر الفاظ و اسلوب کے اپنانے میں پوری سعی و کاوش کی ہے۔ ہر مشکل مقام کو جو قدم قدم پر عناں گیر ہوتے رہے ہم نے جدید و قدیم تفاسیر و تراجم کی روشنی میں دیکھا ایک ایک لفظ پر گھنٹوں صرف کیے اور تفاسیر و تراجم کے علاوہ لغات و شروحات حدیث کی کتابیں بھی کھنگالیں اور اکثر پھر باہم مشورے سے اللہ تعالیٰ جو کچھ سجھاتا اسے تحریر کرتے رہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس کام میں مولانا موصوف کی معاونت رہنمائی اور محنت نہ ہوتی تو یہ کام اتنی جلدی بھی نہ ہوتا اور شاید اتنا باوثوق اور معیاری بھی نہ ہوتا جتنا ہمارے خیال میں یہ اس وقت ہے۔ اس اعتبار سے اس ترجمۃ القرآن میں مولانا موصوف راقم کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور راقم ان کا شکر گزار ہے کہ انہوں نے رفاقت معاونت اور رہنمائی کا پورا حق ادا کیا ہے۔ جزاہ اللّٰہ احسن الجزاء فی الدنیا والآخرۃ۔

ہر مترجم اپنے ترجمے کی بابت یہ وضاحت ضرور کرتا ہے کہ اس میں فلاں فلاں خوبیاں ہیں۔ اس ترجمے کی بابت بھی اہل علم کے ذہن میں یہ سوال آئے گا کہ اس ترجمے کی کیا امتیازی خصوصیات اور خوبیاں ہیں۔ تو واقعہ یہ ہے کہ آج سے تقریباً 5 سال قبل (2000ء میں) جب یہ ترجمہ کیا گیا تھا، اس وقت اسے تفسیر ''احسن البیان'' کے ساتھ لگانا مقصود تھا۔ اسی لیے اس ترجمے کے ساتھ ساتھ ''احسن البیان'' پر بھی حسب ضرورت نظر ثانی اور ترمیم و اضافہ کیا تھا۔ یوں تفسیر مذکور کا بھی ایک نیا ایڈیشن تیار ہو گیا، جو حسب مشیت الٰہی کبھی نہ کبھی شائع ہوگا، فی الحال اس اضافہ شدہ ایڈیشن کی اشاعت بعض اسباب کی بنا پر رکی ہوئی ہے۔ ماشاء اللہ کان و مالم یشألم یکن۔

اس وقت ٹھیٹھ لفظی ترجمہ کیا گیا تھا، یعنی سوائے ان مقامات کے جہاں تحت اللفظ ترجمہ ممکن نہیں تھا، ہر لفظ کا ترجمہ اس کے نیچے ہی کیا گیا تھا، حتی کہ اس کی خاطر اردو کے معروف اسلوب کو بھی نظر انداز کر دیا گیا تھا، لیکن اس کی اشاعت کی نوبت ہی نہیں آئی۔ جن احباب کے علم میں یہ کام تھا، ان کی طرف سے اس کی اشاعت کا مطالبہ ہوتا رہتا تھا، ان کے اصرار پر ادارے نے یہ پروگرام بنایا کہ فی الحال ترجمہ ہی شائع کر دیا جائے اور اس کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا کہ اسے ڈبیوں والے انداز سے، یعنی بکسوں (خانوں) کے اندر قرآنی متن اور انہی خانوں (بکسوں) میں ان الفاظ کا اردو ترجمہ دے کر، شائع کیا جائے۔ چنانچہ بکسوں (خانوں) کی رعایت سے فائدہ اٹھا کر ترجمے میں بھی بعض لفظی تبدیلیاں کر لی گئیں، تاکہ ترجمے میں مزید سلاست و شگفتگی پیدا ہو جائے۔

جیسے مثال کے طور پر ﴿ ذَهَبَ اللّٰهُ ﴾ کے ترجمے (لے گیا اللہ) کو ''اللہ لے گیا'' سے، ﴿ عَلٰى بَعْضٍ ﴾ کے ترجمے

(اوپر بعض کے) کو "بعض پر" سے۔﴿ مَعَ نُوْحٍ ﴾ کے ترجمے (ساتھ نوح کے) کو "نوح کے ساتھ" سے۔﴿ اَوَّلُهُمَا ﴾ کے ترجمے (پہلا ان دونوں میں سے) کو "ان دونوں میں سے پہلا" سے۔﴿ خِلٰلَ الدِّيَارِ ﴾ کے ترجمے (درمیان شہروں کے) کو "شہروں کے درمیان" سے بدل دیا گیا۔ وعلی ھذا القیاس، ان جیسی دوسری ترکیبیں یا الفاظ ہیں۔

الفاظ میں تقدیم و تاخیر یا تبدیلی سے مقصود سلاست و شگفتگی ہے جس کا جتنا اہتمام ہو جائے، اس سے ترجمے میں حسن بھی پیدا ہو جاتا ہے اور تفہیم میں آسانی بھی۔ اور یہ تبدیلی بھی اس لیے کی گئی ہے کہ متن اور ترجمہ دونوں ایک ہی خانے میں ہونے کی وجہ سے قارئین کو یہ معلوم کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوگی کہ ﴿ ذَهَبَ اللّٰهُ ﴾ میں "لے گیا" کا ترجمہ اور ﴿ مَعَ نُوْحٍ ﴾ میں (ساتھ) کا ترجمہ "کس لفظ کا ہے؟" وغیرہ وغیرہ۔ اس تھوڑی سی ترمیم سے یہ لفظی ترجمہ تقریباً لفظی بھی رہا اور اردو اسلوب کا آئینہ دار بھی ہو گیا۔ اس اعتبار سے ہم اسے لفظی ترجمہ اور سلاست کا ایک حسین امتزاج بھی کہہ سکتے ہیں۔

اور اس ترجمے کا یہی اصل امتیاز ہے، اور اس کی بعض دیگر خصوصیات کا ضمناً پہلے ذکر آ چکا ہے۔ بکسوں (خانوں) میں کرنے کا کام مولانا محمد امین ثاقب فاضل مدینہ یونیورسٹی نے کیا، نئی اصلاح و ترمیم کا بیشتر کام رکن ادارہ مولانا محمد عبدالجبار صاحب نے راقم کی مشاورت سے کیا اور اس کی تصحیح و پروف ریڈنگ میں ادارہ کے دوسرے رفقاء مولانا منیر احمد رسولپوری، مولانا محمد عثمان منیب، مولانا سلیم اللہ زمان، حافظ اقبال صدیق مدنی وغیرہ مولانا موصوف کے ساتھ شریک رہے۔

ان سب کا شکریہ راقم اپنی طرف سے بھی اور ادارے کی طرف سے بھی ادا کرنا ضروری سمجھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی حسنہ کو قبول فرمائے اور اس کی بہترین جزا سے ان کو دنیا و آخرت میں نوازے۔ جزاهم الله تعالىٰ احسن الجزاء۔

راقم آخر میں ایک مرتبہ پھر عظیم القدر عزیز حافظ عبدالعظیم اسد اور مسلک سلف کے شیدائی و فدائی اور قرآن و حدیث کی عالمی پیمانے پر نشر و اشاعت کے لیے شب و روز متحرک و سرگرم جناب عبدالمالک مجاہد ﷾ دونوں کا شکر گزار ہے کہ ان دونوں بھائیوں نے اس کام میں بھرپور تعاون فرمایا۔ واقعہ یہ ہے کہ ان کے مخلصانہ تعاون کے بغیر یہ عظیم منصوبہ پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی حسنہ کو قبولیت سے نوازے اور ان کا بہترین صلہ انہیں دنیا و آخرت میں عطا فرمائے اور انہیں اور ہم سب کو اپنے دین کی بیش از بیش خدمت کرنے کی توفیق دے۔

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

حافظ صلاح الدین یوسف

مدیر: شعبۂ تحقیق و تالیف دارالسلام لاہور

ربیع الاول 1426ھ ۔ مئی 2005ء

قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست

شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ	ترتیب نزول	صفحہ نمبر
01	سُورَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّة	1	5	24
02	سُورَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّة	3-2-1	87	25
03	سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّة	4-3	89	78
04	سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّة	6-5-4	92	106
05	سُورَةُ الْمَائِدَةِ مَدَنِيَّة	7-6	112	138
06	سُورَةُ الْأَنْعَامِ مَكِّيَّة	8-7	55	162
07	سُورَةُ الْأَعْرَافِ مَكِّيَّة	9-8	39	188
08	سُورَةُ الْأَنْفَالِ مَدَنِيَّة	10-9	88	217
09	سُورَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّة	11-10	113	228
10	سُورَةُ يُونُسَ مَكِّيَّة	11	51	251
11	سُورَةُ هُودٍ مَكِّيَّة	12-11	52	267
12	سُورَةُ يُوسُفَ مَكِّيَّة	13-12	53	285
13	سُورَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّة	13	96	302
14	سُورَةُ إِبْرَاهِيمَ مَكِّيَّة	13	72	310
15	سُورَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّة	14-13	54	317
16	سُورَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّة	14	70	324
17	سُورَةُ بَنِي إِسْرَائِيلَ مَكِّيَّة	15	50	343
18	سُورَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّة	16-15	69	357
19	سُورَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّة	16	44	373
20	سُورَةُ طٰهٰ مَكِّيَّة	16	45	382
21	سُورَةُ الْأَنْبِيَاءِ مَكِّيَّة	17	73	396
22	سُورَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّة	17	103	407
23	سُورَةُ الْمُؤْمِنُونَ مَكِّيَّة	18	74	418
24	سُورَةُ النُّورِ مَدَنِيَّة	18	102	427
25	سُورَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّة	19-18	42	438
26	سُورَةُ الشُّعَرَاءِ مَكِّيَّة	19	47	446
27	سُورَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّة	20-19	48	459
28	سُورَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّة	20	49	469
29	سُورَةُ الْعَنْكَبُوتِ مَكِّيَّة	21-20	85	481
30	سُورَةُ الرُّومِ مَكِّيَّة	21	84	491
31	سُورَةُ لُقْمَانَ مَكِّيَّة	21	57	498
32	سُورَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّة	21	75	502
33	سُورَةُ الْأَحْزَابِ مَدَنِيَّة	22-21	90	506
34	سُورَةُ سَبَإٍ مَكِّيَّة	22	58	518
35	سُورَةُ فَاطِرٍ مَكِّيَّة	22	43	527
36	سُورَةُ يٰسٓ مَكِّيَّة	23-22	41	535
37	سُورَةُ الصَّافَّاتِ مَكِّيَّة	23	56	542
38	سُورَةُ صٓ مَكِّيَّة	23	38	551
39	سُورَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّة	24-23	59	558
40	سُورَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّة	24	60	570
41	سُورَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّة	25-24	61	580
42	سُورَةُ الشُّورَىٰ مَكِّيَّة	25	62	589
43	سُورَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّة	25	63	597
44	سُورَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّة	25	64	605
45	سُورَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّة	25	65	608
46	سُورَةُ الْأَحْقَافِ مَكِّيَّة	26	66	613
47	سُورَةُ مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيَّة	26	95	619
48	سُورَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّة	26	111	625
49	سُورَةُ الْحُجُرَاتِ مَدَنِيَّة	26	106	632
50	سُورَةُ قٓ مَكِّيَّة	26	34	635
51	سُورَةُ الذَّارِيَاتِ مَكِّيَّة	27-26	67	639
52	سُورَةُ الطُّورِ مَكِّيَّة	27	76	644
53	سُورَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّة	27	23	647
54	سُورَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّة	27	37	650
55	سُورَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّة	27	97	654
56	سُورَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّة	27	46	657

شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ	ترتیب نزول	صفحہ نمبر
57	سُورَۃُ الحدید مدنیۃ	27	94	661
58	سُورَۃُ المجادلۃ مدنیۃ	28	105	667
59	سُورَۃُ الحشر مدنیۃ	28	101	671
60	سُورَۃُ الممتحنۃ مدنیۃ	28	91	675
61	سُورَۃُ الصف مدنیۃ	28	109	678
62	سُورَۃُ الجمعۃ مدنیۃ	28	110	680
63	سُورَۃُ المنافقون مدنیۃ	28	104	682
64	سُورَۃُ التغابن مدنیۃ	28	108	683
65	سُورَۃُ الطلاق مدنیۃ	28	99	686
66	سُورَۃُ التحریم مدنیۃ	28	107	688
67	سُورَۃُ الملک مکیۃ	29	77	692
68	سُورَۃُ القلم مکیۃ	29	2	695
69	سُورَۃُ الحاقۃ مکیۃ	29	78	698
70	سُورَۃُ المعارج مکیۃ	29	79	700
71	سُورَۃُ نوح مکیۃ	29	71	702
72	سُورَۃُ الجن مکیۃ	29	40	704
73	سُورَۃُ المزمل مکیۃ	29	3	707
74	سُورَۃُ المدثر مکیۃ	29	4	709
75	سُورَۃُ القیامۃ مکیۃ	29	31	711
76	سُورَۃُ الدھر مدنیۃ	29	98	713
77	سُورَۃُ المرسلات مکیۃ	29	33	715
78	سُورَۃُ النبا مکیۃ	30	80	718
79	سُورَۃُ النازعات مکیۃ	30	81	719
80	سُورَۃُ عبس مکیۃ	30	24	721
81	سُورَۃُ التکویر مکیۃ	30	7	722
82	سُورَۃُ الانفطار مکیۃ	30	82	723
83	سُورَۃُ المطففین مکیۃ	30	86	724
84	سُورَۃُ الانشقاق مکیۃ	30	83	726
85	سُورَۃُ البروج مکیۃ	30	27	727

شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ	ترتیب نزول	صفحہ نمبر
86	سُورَۃُ الطارق مکیۃ	30	36	728
87	سُورَۃُ الاعلیٰ مکیۃ	30	8	729
88	سُورَۃُ الغاشیۃ مکیۃ	30	68	729
89	سُورَۃُ الفجر مکیۃ	30	10	730
90	سُورَۃُ البلد مکیۃ	30	35	732
91	سُورَۃُ الشمس مکیۃ	30	26	732
92	سُورَۃُ اللیل مکیۃ	30	9	733
93	سُورَۃُ الضحیٰ مکیۃ	30	11	734
94	سُورَۃُ الم نشرح مکیۃ	30	12	735
95	سُورَۃُ التین مکیۃ	30	28	735
96	سُورَۃُ العلق مکیۃ	30	1	735
97	سُورَۃُ القدر مکیۃ	30	25	736
98	سُورَۃُ البینۃ مدنیۃ	30	100	736
99	سُورَۃُ الزلزال مدنیۃ	30	93	737
100	سُورَۃُ العادیات مکیۃ	30	14	738
101	سُورَۃُ القارعۃ مکیۃ	30	30	738
102	سُورَۃُ التکاثر مکیۃ	30	16	739
103	سُورَۃُ العصر مکیۃ	30	13	739
104	سُورَۃُ الھمزۃ مکیۃ	30	32	739
105	سُورَۃُ الفیل مکیۃ	30	19	740
106	سُورَۃُ قریش مکیۃ	30	29	740
107	سُورَۃُ الماعون مکیۃ	30	17	740
108	سُورَۃُ الکوثر مکیۃ	30	15	741
109	سُورَۃُ الکافرون مکیۃ	30	18	741
110	سُورَۃُ النصر مدنیۃ	30	114	741
111	سُورَۃُ اللھب مکیۃ	30	6	741
112	سُورَۃُ الاخلاص مکیۃ	30	22	742
113	سُورَۃُ الفلق مکیۃ	30	20	742
114	سُورَۃُ الناس مکیۃ	30	21	742

سُوْرَةُ الفَاتِحَة (۱) مَكِّيَّة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

رکوعہا ۱ آیاتہا ۷

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ②	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ ③	مٰلِكِ
تمام تعریفیں	اللہ ہی کیلئے ہیں	(جو) پالنے والا ہے	سارے جہانوں کا	نہایت مہربان	بڑا رحم کرنے والا ہے	مالک ہے

يَوْمِ الدِّيْنِ ④	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَ	اِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ ⑤	اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ
روز جزا کا	تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور	تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں	دکھا ہمیں	راستہ

الْمُسْتَقِيْمَ ⑥	صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ ۙ	غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ
سیدھا	راستہ	ان لوگوں کا	انعام کیا تو نے	ان پر	(وہ جو) نہیں	غضب کیا گیا

عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	الضَّآلِّيْنَ ⑦
ان پر	اور	نہ	وہ گمراہ ہیں

ع

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مدنیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

رکوعاتھا ۴۰ آیاتھا ۲۸۶

الٓمّٓ (1)	ذٰلِكَ	الْكِتٰبُ	لَا	رَيْبَ	فِيْهِ	هُدًى	لِّلْمُتَّقِيْنَ (2)	الَّذِيْنَ
الٓمّٓ	یہ	کتاب ہے	نہیں	کوئی شک	اس میں	ہدایت ہے	(اللہ سے) ڈرنے والوں کے لیے	وہ لوگ جو

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْغَيْبِ	وَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
ایمان لاتے ہیں	غیب کے ساتھ	اور	وہ قائم کرتے ہیں	نماز	اور	کچھ اس میں سے جو	ہم نے ان کو دیا

يُنْفِقُوْنَ (3)	وَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَ	مَآ	اُنْزِلَ
وہ (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں	اور	وہ لوگ جو	ایمان لاتے ہیں	اس پر جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف	اور	جو	نازل کیا گیا

مِنْ قَبْلِكَ	وَ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	يُوْقِنُوْنَ (4)	اُولٰٓئِكَ	عَلٰى هُدًى	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَ
آپ سے پہلے	اور	آخرت کے ساتھ	وہ	یقین رکھتے ہیں	یہ لوگ	ہدایت پر ہیں	اپنے رب کی طرف سے	اور

اُولٰٓئِكَ هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ (5)	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	ءَ	اَنْذَرْتَهُمْ
یہی	فلاح پانے والے ہیں	بلاشبہ	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	برابر ہے	ان پر	آیا	آپ ڈرائیں انہیں

اَمْ	لَمْ	تُنْذِرْهُمْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ (6)	خَتَمَ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	وَ	عَلٰى	سَمْعِهِمْ
یا	نہ	ڈرائیں انہیں	نہیں	وہ ایمان لائیں گے	مہر لگا دی ہے	اللہ نے	اوپر	ان کے دلوں کے	اور	اوپر	ان کے کانوں کے

وَ	عَلٰٓى	اَبْصَارِهِمْ	غِشَاوَةٌ	وَّ	لَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ (7)	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ
اور	اوپر	ان کی آنکھوں کے	پردہ ہے	اور	ان کے لیے	عذاب ہے	بہت بڑا	اور	بعض لوگ (وہ ہیں)	جو

يَّقُوْلُ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَ	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَ	مَا	هُمْ	بِمُؤْمِنِيْنَ (8)	يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ
کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور	یوم آخرت پر	حالانکہ	نہیں ہیں	وہ	ایمان لانے والے	وہ اللہ کو دھوکا دیتے ہیں

وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	مَا	يَخْدَعُوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَ	مَا	يَشْعُرُوْنَ (9)
اور	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	اور	نہیں	وہ دھوکا دیتے	مگر	اپنے آپ ہی کو	اور	نہیں	وہ شعور رکھتے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	فَزَادَهُمُ اللّٰهُ	مَرَضًا	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا
ان کے دلوں میں	بیماری ہے	سو ان کو اللہ نے بڑھا دیا	بیماری میں	اور	ان کے لیے	عذاب ہے	بڑا دردناک	بسبب اس کے

كَانُوْا	يَكْذِبُوْنَ (10)	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَا	تُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ	قَالُوْٓا	اِنَّمَا نَحْنُ
(کہ) تھے وہ	جھوٹ بولا کرتے	اور	جب	کہا جاتا ہے	ان سے	نہ	تم فساد کرو	زمین میں	(تو) کہتے ہیں	ہم تو صرف

مُصْلِحُوْنَ ⑪	اَلَآ	اِنَّهُمْ هُمُ	الْمُفْسِدُوْنَ	وَلٰكِنْ	لَّا	يَشْعُرُوْنَ ⑫	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ
قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّ	عَادٌ	وَّ	فِرْعَوْنُ	ذُو الْاَوْتَادِ ۝١٢	وَ	ثَمُوْدُ	وَ	قَوْمُ	لُوْطٍ
ان سے پہلے	قوم نوح	اور	عاد	اور	فرعون	میخوں والے نے	اور	(قوم) ثمود	اور	قوم	لوط

وَ	اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ	اُولٰٓئِكَ	الْاَحْزَابُ ۝١٣	اِنْ كُلٌّ	اِلَّا	كَذَّبَ	الرُّسُلَ
اور	بن والوں نے (بھی)	یہ	لشکر ہیں	نہیں ہے (ان میں سے) کوئی بھی	مگر	اس نے جھٹلایا	رسولوں کو

فَحَقَّ	عِقَابِ ۝١٤	وَ	مَا	يَنْظُرُ	هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	صَيْحَةً وَّاحِدَةً	مَّا
تو ثابت ہوگیا	(ان پر) میرا عذاب	اور	نہیں	انتظار کررہے	یہ لوگ	مگر	ایک زور کی آواز کا	نہیں ہوگا

لَهَا	مِنْ فَوَاقٍ ۝١٥	وَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	عَجِّلْ	لَّنَا	قِطَّنَا
اس کے لیے	(درمیان میں) کوئی وقفہ	اور	(کافروں نے) کہا	اے ہمارے رب!	تو جلدی دے	ہمیں	ہمارا حصہ

قَبْلَ	يَوْمِ الْحِسَابِ ۝١٦	اِصْبِرْ	عَلٰى مَا	يَقُوْلُوْنَ	وَ	اذْكُرْ	عَبْدَنَا
پہلے	یوم حساب سے	آپ صبر کیجیے	ان (باتوں) پر جو	وہ کہتے ہیں	اور	یاد کیجیے	ہمارے بندے

دَاوٗدَ	ذَا الْاَيْدِ	اِنَّهٗ	اَوَّابٌ ۝١٧	اِنَّا	سَخَّرْنَا	الْجِبَالَ
داود	صاحب قوت کو	بے شک وہ	بہت رجوع کرنے والا تھا	بے شک ہم نے	تابع کر دیا تھا	پہاڑوں کو

مَعَهٗ	يُسَبِّحْنَ	بِالْعَشِيِّ	وَ	الْاِشْرَاقِ ۝١٨	وَ	الطَّيْرَ	مَحْشُوْرَةً
اس کے ساتھ	وہ تسبیح بیان کرتے تھے	شام	اور	صبح	اور	پرندوں کو بھی (تابع کر دیا)	جبکہ وہ جمع ہوتے تھے

كُلٌّ	لَّهٗٓ	اَوَّابٌ ۝١٩	وَ	شَدَدْنَا	مُلْكَهٗ	وَ	اٰتَيْنٰهُ
سب	اس کے آگے	رجوع کرنے والے تھے	اور	ہم نے مضبوط کر دی تھی	اس کی بادشاہی	اور	ہم نے دی تھی اسے

الْحِكْمَةَ	وَ	فَصْلَ	الْخِطَابِ ۝٢٠	وَ	هَلْ	اَتٰىكَ	نَبَؤُا	الْخَصْمِ	اِذْ
حکمت	اور	فیصلہ کن	خطاب (کی صلاحیت)	اور	کیا	آئی آپ کے پاس	خبر	جھگڑنے والوں کی؟	جب

تَسَوَّرُوا	الْمِحْرَابَ ﴿٢١﴾	إِذْ	دَخَلُوا	عَلٰى دَاوٗدَ	فَفَزِعَ	مِنْهُمْ	قَالُوْا	لَا تَخَفْ
وہ دیوار پھاند کر آ گئے	کمرے میں	جب	وہ داخل ہوئے	داود پر	تو وہ گھبرا گئے	ان سے	انہوں نے کہا	آپ نہ ڈریں

خَصْمٰنِ	بَغٰى	بَعْضُنَا	عَلٰى بَعْضٍ	فَاحْكُمْ	بَيْنَنَا
(ہم) دو جھگڑنے والے ہیں	زیادتی کی ہے	ہمارے بعض نے	بعض پر	لہٰذا آپ فیصلہ فرمائیں	ہمارے درمیان

بِالْحَقِّ	وَ	لَا	تُشْطِطْ	وَ	اهْدِنَا	إِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿٢٢﴾	إِنَّ	هٰذَآ	أَخِيْ
حق کے ساتھ	اور	نہ	بے انصافی کیجیے	اور	ہماری رہنمائی کیجیے	سیدھی راہ کی طرف	بے شک	یہ	میرا بھائی ہے

لَهٗ	تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ	نَعْجَةً	وَ	لِيَ	نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ	فَقَالَ	أَكْفِلْنِيْهَا
اس کے پاس	ننانوے	دنبیاں ہیں	اور	میرے پاس	ایک ہی دنبی ہے	تو (یہ) کہتا ہے	وہ بھی میرے سپرد کر دے

وَ	عَزَّنِيْ	فِي الْخِطَابِ ﴿٢٣﴾	قَالَ	لَقَدْ	ظَلَمَكَ	بِسُؤَالِ	نَعْجَتِكَ
اور	مجھ پر غالب آ جاتا ہے	بات کرنے میں	آپ نے فرمایا	البتہ تحقیق	اس نے تجھ پر ظلم کیا ہے	سوال کر کے	تیری دنبی کا

إِلٰى نِعَاجِهٖ ط	وَ	إِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ الْخُلَطَآءِ	لَيَبْغِيْ	بَعْضُهُمْ
(تاکہ اسے بھی ملالے) اپنی دنبیوں میں	اور	بلاشبہ	بہت سے	شرکاء	البتہ زیادتی کرتے ہیں	ان کے بعض

عَلٰى بَعْضٍ	إِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	قَلِيْلٌ مَّا هُمْ	وَ
بعض پر	مگر	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کیے	نیک	اور	تھوڑے ہی ہیں ایسے لوگ	اور

ظَنَّ دَاوٗدُ	أَنَّمَا	فَتَنّٰهُ	فَاسْتَغْفَرَ	رَبَّهٗ	وَ	خَرَّ	رَاكِعًا
داود نے یقین کر لیا	کہ	ہم نے اسے آزمایا ہے	تو اس نے بخشش مانگی	اپنے رب سے	اور	وہ گر پڑا	رکوع میں

سجدہ

وَ	أَنَابَ ۩ ﴿٢٤﴾	فَغَفَرْنَا	لَهٗ	ذٰلِكَ ط	وَ	إِنَّ	لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى
اور	رجوع کیا	پھر ہم نے بخش دی	اس کی	یہ (غلطی)	اور	بے شک	اس کے لیے	ہمارے پاس	البتہ بڑا قرب ہے

وَ	حُسْنَ	مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾	يٰدَاوٗدُ	إِنَّا	جَعَلْنٰكَ	خَلِيْفَةً	فِي الْأَرْضِ	فَاحْكُمْ
اور	اچھا	ٹھکانا ہے	اے داود!	بے شک ہم نے	بنایا ہے تجھے	خلیفہ	زمین میں	لہٰذا تو فیصلہ کر

بَيْنَ النَّاسِ	بِالْحَقِّ	وَ	لَا	تَتَّبِعِ	الْهَوٰى	فَيُضِلَّكَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
لوگوں کے درمیان	حق کے ساتھ	اور	نہ	اتباع کر	خواہش نفس کا	کہ وہ تجھے گمراہ کر دے	اللہ کی راہ سے

إِنَّ	الَّذِيْنَ	يَضِلُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَهُمْ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	بِمَا	نَسُوْا
بلاشبہ	وہ لوگ جو	گمراہ ہوتے ہیں	اللہ کے راستے سے	ان کے لیے ہے	شدید عذاب	بہ سبب اس کے جو	انہوں نے بھلا دیا

يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾	وَ	مَا	خَلَقْنَا	السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	بَاطِلًا ؕ
یوم حساب کو	اور	نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمان اور زمین کو	اور	جو کچھ کہ	ان کے درمیان ہے	بے کار

ذٰلِكَ	ظَنُّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
یہ (تو)	گمان ہے	ان لوگوں کا جنھوں نے	کفر کیا	چنانچہ ہلاکت ہے	ان لوگوں کے لیے جنھوں نے	کفر کیا

مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾	اَمْ	نَجْعَلُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
(دوزخ کی) آگ سے	کیا	ہم کر دیں گے	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	اور	انھوں نے عمل کیے	نیک

كَالْمُفْسِدِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	نَجْعَلُ	الْمُتَّقِيْنَ	كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾
ان لوگوں کی مانند جو فساد کرنے والے ہیں	زمین میں	یا	ہم کر دیں گے	پرہیزگاروں کو	بدکاروں کی مانند

كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	مُبٰرَكٌ	لِّيَدَّبَّرُوْٓا	اٰيٰتِهٖ	وَ
(یہ) ایک کتاب ہے	ہم نے نازل کیا اسے	آپ کی طرف	بڑی برکت والی ہے	تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیتوں پر	اور

لِيَتَذَكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٩﴾	وَ	وَهَبْنَا	لِدَاوٗدَ	سُلَيْمٰنَ ؕ	نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ	اِنَّهٗٓ
تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے	اور	ہم نے عطا کیا	داود کو	سلیمان	(وہ) اچھا بندہ تھا	بلاشبہ وہ

اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾	اِذْ	عُرِضَ	عَلَيْهِ	بِالْعَشِيِّ	الصّٰفِنٰتُ	الْجِيَادُ ﴿٣١﴾	فَقَالَ
بہت رجوع کرنے والا تھا	جب	پیش کیے گئے	اس پر	شام کے وقت	اصیل تیز رو	عمدہ (گھوڑے)	تو اس نے کہا

اِنِّيْٓ	اَحْبَبْتُ	حُبَّ الْخَيْرِ	عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ	حَتّٰى	تَوَارَتْ	بِالْحِجَابِ ﴿٣٢﴾
بلاشبہ میں نے	محبوب رکھا ہے	مال کی محبت کو	اپنے رب کی یاد کی وجہ سے	یہاں تک کہ	چھپ گئے (گھوڑے)	اوٹ میں

رُدُّوْهَا	عَلَيَّ	فَطَفِقَ	مَسْحًا	بِالسُّوْقِ	وَ	الْاَعْنَاقِ ﴿٣٣﴾	وَ	لَقَدْ
(کہا:) ان کو واپس لاؤ	میرے پاس	تو وہ لگے	(ہاتھ) پھیرنے	پنڈلیوں پر	اور	گردنوں پر	اور	البتہ تحقیق

فَتَنَّا	سُلَيْمٰنَ	وَ	اَلْقَيْنَا	عَلٰى كُرْسِيِّهٖ	جَسَدًا	ثُمَّ	اَنَابَ ﴿٣٤﴾	قَالَ	رَبِّ
ہم نے آزمایا	سلیمان کو	اور	ہم نے ڈالا	اس کی کرسی پر	ایک دھڑ	پھر	وہ رجوع ہوا	اس نے کہا	اے میرے رب!

اغْفِرْ	لِيْ	وَ	هَبْ	لِيْ	مُلْكًا	لَّا	يَنْۢبَغِيْ	لِاَحَدٍ	مِّنْۢ بَعْدِيْ	اِنَّكَ اَنْتَ
تو بخش دے	مجھے	اور	تو عطا کر	مجھے	ایسی بادشاہی کہ	نہ	لائق ہو	کسی کے لیے	میرے بعد	بلاشبہ تو ہی ہے

الْوَهَّابُ ﴿٣٥﴾	فَسَخَّرْنَا	لَهُ	الرِّيْحَ	تَجْرِيْ	بِاَمْرِهٖ	رُخَآءً	حَيْثُ اَصَابَ ﴿٣٦﴾
بہت عطا کرنے والا	چنانچہ ہم نے تابع کر دی	اس کے	ہوا	وہ چلتی تھی	اس کے حکم سے	نرمی سے	جہاں کا وہ ارادہ کرتا

وَ	الشَّيٰطِيْنَ	كُلَّ	بَنَّآءٍ	وَّ	غَوَّاصٍ ﴿٣٧﴾	وَ	اٰخَرِيْنَ	مُقَرَّنِيْنَ
اور (تابع کر دیا)	شیطانوں کو (بھی)	ہر	عمارت بنانے والے	اور	غوطہ لگانے والے کو	اور	دوسروں کو	(جو کہ) جکڑے ہوئے تھے

فِي الْاَصْفَادِ ﴿٣٨﴾	هٰذَا	عَطَآؤُنَا	فَامْنُنْ	اَوْ	اَمْسِكْ	بِغَيْرِ	حِسَابٍ ﴿٣٩﴾	وَ	اِنَّ	لَهٗ
زنجیروں میں	یہ ہے	ہماری بخشش	پھر احسان کر	یا	محفوظ رکھ	نہیں ہوگا	کوئی حساب	اور	بے شک	اس کے لیے

عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى	وَ	حُسْنَ	مَاٰبٍ ﴿٤٠﴾	وَ	اذْكُرْ	عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ	اِذْ
ہمارے پاس	البتہ بڑا قرب ہے	اور	اچھا	ٹھکانا ہے	اور	آپ یاد کریں	ہمارے بندے ایوب کو	جب

نَادٰى	رَبَّهٗٓ	اَنِّيْ	مَسَّنِيَ	الشَّيْطٰنُ	بِنُصْبٍ	وَّ	عَذَابٍ ﴿٤١﴾	اُرْكُضْ
اس نے پکارا	اپنے رب کو	کہ بلاشبہ	پہنچائی مجھے	شیطان نے	تکلیف	اور	ایذا	(اللہ نے فرمایا) تو مار

بِرِجْلِكَ	هٰذَا	مُغْتَسَلٌۢ	بَارِدٌ	وَّ	شَرَابٌ ﴿٤٢﴾	وَ	وَهَبْنَا	لَهٗٓ	اَهْلَهٗ
اپنا پیر (زمین پر)	یہ (پانی ہے)	غسل کرنے کو	ٹھنڈا	اور	پینے کو	اور	ہم نے عطا کیے	اس کو	اس کے گھر والے

وَ	مِثْلَهُمْ	مَّعَهُمْ	رَحْمَةً مِّنَّا	وَ	ذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٤٣﴾	وَ	خُذْ	بِيَدِكَ
اور	ان کے برابر مزید	ان کے ساتھ	اپنی رحمت سے	اور	نصیحت	عقل مندوں کے لیے	اور	تو پکڑ	اپنے ہاتھ میں

ضِغْثًا	فَاضْرِبْ	بِّهٖ	وَ	لَا	تَحْنَثْ	اِنَّا	وَجَدْنٰهُ
ایک مٹھا تنکوں کا (یعنی جھاڑو)	اور مار	اس کے ساتھ (اپنی بیوی کو)	اور	نہ	تو قسم	بے شک ہم نے	پایا اس کو

صَابِرًا	نِعْمَ الْعَبْدُ	اِنَّهٗٓ	اَوَّابٌ ﴿٤٤﴾	وَ	اذْكُرْ	عِبٰدَنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	اِسْحٰقَ
صابر	(وہ) اچھا بندہ تھا	بلاشبہ وہ	بہت رجوع کرنے والا تھا	اور	یاد کیجیے	ہمارے بندوں	ابراہیم	اور	اسحاق

وَ	يَعْقُوْبَ	اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿٤٥﴾	اِنَّآ	اَخْلَصْنٰهُمْ	بِخَالِصَةٍ
اور	یعقوب کو	جو اصحاب قوت اور بصیرت تھے	بے شک ہم نے	چن لیا تھا ان کو	ایک خاص (خصلت) کے ساتھ

ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾	وَ	اِنَّهُمْ	عِنْدَنَا	لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٧﴾	وَ	اذْكُرْ	اِسْمٰعِيْلَ
(وہ ہے) یاد آخرت	اور	بے شک وہ	ہمارے نزدیک	البتہ برگزیدہ بہترین بندوں میں سے تھے	اور	یاد کیجیے	اسماعیل

وَ	الْيَسَعَ	وَ	ذَا الْكِفْلِ	وَ	كُلٌّ	مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٨﴾	هٰذَا	ذِكْرٌ	وَ
اور	یسع	اور	ذوالکفل کو	اور	ہر ایک (ان میں سے)	نیکوں میں سے تھا	یہ	ایک نصیحت ہے	اور

اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾	جَنّٰتِ	عَدْنٍ	مُّفَتَّحَةً	لَّهُمُ
بے شک	متقیوں کے لیے	البتہ اچھا ٹھکانا ہے	باغات ہیں	ہمیشہ رہنے کے	کھلے ہوں گے	ان کے لیے

الْاَبْوَابُ۝	مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	يَدْعُوْنَ	فِيْهَا	بِفَاكِهَةٍ	كَثِيْرَةٍ	وَّ	شَرَابٍ۝
(ان کے) دروازے	تکیہ لگائے ہوں گے	ان میں	وہ منگوائیں گے	ان میں	میوے	بہت سے	اور	مشروبات

وَ	عِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	اَتْرَابٌ۝	هٰذَا	مَا	تُوْعَدُوْنَ
اور	ان کے پاس ہوں گی	نیچی نگاہ رکھنے والیاں	ہم عمر (بیویاں)	یہ ہے	وہ (اجر) جس کا	تم وعدہ دیے جاتے تھے

لِيَوْمِ الْحِسَابِ۝	اِنَّ	هٰذَا	لَرِزْقُنَا	مَا	لَهٗ	مِنْ نَّفَادٍ۝	هٰذَا
یوم حساب کے لیے	بے شک	یہ	البتہ ہمارا رزق ہے	نہیں ہے	اس کے لیے	کبھی ختم ہونا	یہ ہے (معاملہ اہل خیر کا)

وَ	اِنَّ	لِلطّٰغِيْنَ	لَشَرَّ	مَاٰبٍ۝	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ
اور	بلاشبہ	سرکشوں کے لیے	البتہ بہت برا	ٹھکانا ہے	(یعنی) جہنم	وہ اس میں داخل ہوں گے	پس بری ہے (وہ)

الْمِهَادُ۝	هٰذَا	فَلْيَذُوْقُوْهُ	حَمِيْمٌ	وَّ	غَسَّاقٌ۝	وَّ	اٰخَرُ
آرام کرنے کی جگہ	یہ ہے	تو وہ چکھیں اس کو	کھولتا ہوا پانی	اور	پیپ	اور	دوسرے (عذاب) ہیں

مِنْ شَكْلِهٖٓ	اَزْوَاجٌ۝	هٰذَا	فَوْجٌ	مُّقْتَحِمٌ	مَّعَكُمْ	لَا	مَرْحَبًۢا	بِهِمْ
اس کی شکل ہی	کئی قسم کے	یہ ہے	ایک گروہ	جو گھسا چلا آتا ہے	تمہارے ساتھ	نہ	خوشی اور فراخی ہو	ان کے لیے

اِنَّهُمْ	صَالُوا	النَّارِ۝	قَالُوْا	بَلْ	اَنْتُمْ	لَا	مَرْحَبًۢا	بِكُمْ
بے شک یہ	داخل ہونے والے ہیں	آگ میں	وہ کہیں گے	بلکہ	تم ہی ہو (ایسے کہ)	نہ	خوشی اور فراخی ہو	تمہارے لیے

اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ	لَنَا	فَبِئْسَ	الْقَرَارُ۝	قَالُوْا	رَبَّنَا	مَنْ	قَدَّمَ	لَنَا
تمھی آگے لائے ہو اس (عذاب) کو	ہمارے	پس بری ہے (وہ)	قرارگاہ	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب!	جو	آگے لایا	ہمارے

هٰذَا	فَزِدْهُ	عَذَابًا	ضِعْفًا	فِي النَّارِ۝	وَ	قَالُوْا	مَا	لَنَا	لَا	نَرٰى
یہ	پس تو زیادہ کر اس کو	عذاب	دگنا	آگ میں	اور	وہ کہیں گے	کیا ہے	ہمارے لیے	نہیں	ہم دیکھتے

رِجَالًا	كُنَّا	نَعُدُّهُمْ	مِّنَ الْاَشْرَارِ۝	اَتَّخَذْنٰهُمْ	سِخْرِيًّا
ان آدمیوں کو	(کہ) ہم تھے	ان کو شمار کرتے	برے لوگوں میں؟	کیا ہم نے بنائے رکھا ان کو (دنیا میں)	مذاق (غلط طور پر)

اَمْ	زَاغَتْ	عَنْهُمُ	الْاَبْصَارُ۝	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَحَقٌّ	تَخَاصُمُ	اَهْلِ النَّارِ۝	قُلْ
یا	پھر گئیں	ان سے	(ہماری) نگاہیں؟	بلاشبہ	یہ	البتہ حق ہے	باہم جھگڑنا	اہل دوزخ کا	آپ کہہ دیجیے

اِنَّمَآ اَنَا	مُنْذِرٌ	وَّ	مَا	مِنْ	اِلٰهٍ	اِلَّا	اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ۝
بس میں تو	ایک ڈرانے والا ہوں	اور	نہیں ہے	کوئی	معبود	مگر	اللہ	یکتا	بہت قوتوں والا

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ ⁽٦٦⁾	قُلْ
رب آسمانوں اور زمین کا	اور	(ان کا) جو کچھ	ان دونوں کے درمیان میں ہے	خوب غالب	بہت معاف کرنے والا	آپ کہہ دیجیے

هُوَ	نَبَؤٌا	عَظِيْمٌ ⁽٦٧⁾	اَنْتُمْ	عَنْهُ	مُعْرِضُوْنَ ⁽٦٨⁾	مَا	كَانَ	لِيَ	مِنْ	عِلْمٍ
وہ	ایک خبر ہے	بہت بڑی	تم	اس سے	اعراض کرنے والے ہو	نہیں	تھا	مجھے	کوئی	علم

بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى	اِذْ	يَخْتَصِمُوْنَ ⁽٦٩⁾	اِنْ	يُّوْحٰى	اِلَيَّ	اِلَّآ	اَنَّمَآ اَنَا	نَذِيْرٌ
مجلس بالا کا	جب	وہ تکرار کر رہے تھے	نہیں	وحی کی جاتی	میری طرف	مگر	(یہ کہ) بس میں تو	ایک ڈرانے والا ہوں

مُّبِيْنٌ ⁽٧٠⁾	اِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	خَالِقٌۢ	بَشَرًا	مِّنْ طِيْنٍ ⁽٧١⁾
کھول کر	جب	کہا	آپ کے رب نے	فرشتوں سے	بے شک میں	پیدا کرنے والا ہوں	ایک انسان	مٹی سے

فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَ	نَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِيْ	فَقَعُوْا	لَهٗ	سٰجِدِيْنَ ⁽٧٢⁾
چنانچہ جب	میں ٹھیک بنادوں اسے	اور	میں پھونک دوں	اس میں	اپنی روح سے	تو تم گر پڑنا	اس کے لیے	سجدہ کرتے ہوئے

فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ ⁽٧٣⁾	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اِسْتَكْبَرَ	وَ	كَانَ
پھر سجدہ کیا	فرشتوں نے	سب کے سب نے	اکٹھے	مگر	ابلیس نے	اس نے تکبر کیا	اور	وہ ہوگیا

مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ⁽٧٤⁾	قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا	مَنَعَكَ	اَنْ تَسْجُدَ	لِمَا	خَلَقْتُ
کافروں میں سے	(اللہ نے) فرمایا	اے ابلیس!	کس چیز نے	تجھے منع کیا	اس سے کہ تو سجدہ کرے	اس کو جسے	میں نے پیدا کیا

بِيَدَيَّ	اَسْتَكْبَرْتَ	اَمْ	كُنْتَ	مِنَ الْعَالِيْنَ ⁽٧٥⁾	قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْهُ
اپنے ہاتھوں سے؟	کیا تو نے تکبر کیا	یا	تو تھا	بلند درجہ لوگوں میں سے؟	اس نے کہا	میں	بہتر ہوں	اس سے

خَلَقْتَنِيْ	مِنْ نَّارٍ	وَّ	خَلَقْتَهٗ	مِنْ طِيْنٍ ⁽٧٦⁾	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا
تو نے پیدا کیا مجھے	آگ سے	اور	تو نے پیدا کیا اسے	مٹی سے	فرمایا	اب تو نکل جا	یہاں سے

فَاِنَّكَ	رَجِيْمٌ ⁽٧٧⁾	وَّ	اِنَّ	عَلَيْكَ	لَعْنَتِيْٓ	اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ⁽٧٨⁾	قَالَ	رَبِّ
پس بے شک تو	مردود ہے	اور	بے شک	تجھ پر	میری لعنت ہے	یوم جزا تک	اس نے کہا	اے میرے رب!

فَاَنْظِرْنِيْٓ	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ ⁽٧٩⁾	قَالَ	فَاِنَّكَ	مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ⁽٨٠⁾
پھر تو مجھے مہلت دے	اس دن تک کہ	لوگ دوبارہ اٹھائے جائیں گے	(اللہ نے) فرمایا	تو بلاشبہ تو	مہلت دیے گئے لوگوں میں سے ہے

اِلٰى يَوْمِ	الْوَقْتِ	الْمَعْلُوْمِ ⁽٨١⁾	قَالَ	فَبِعِزَّتِكَ	لَاُغْوِيَنَّهُمْ
اس دن تک	جس کا وقت (عنداللہ)	معلوم (مقرر) ہے	اس نے کہا	تیری عزت کی قسم!	البتہ میں ان کو ضرور گمراہ کروں گا

أَجْمَعِيْنَ﴿٨٢﴾	اِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ	الْمُخْلَصِيْنَ﴿٨٣﴾	قَالَ	فَالْحَقُّ	وَ	الْحَقَّ
سب کو	سوائے	تیرے بندوں کے	ان میں سے	جو خالص کیے (چنے) ہوئے ہیں	فرمایا	تو حق یہی ہے	اور	حق بات ہی

أَقُوْلُ﴿٨٤﴾	لَاَمْلَئَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنْكَ	وَ	مِمَّنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ
میں کہتا ہوں	البتہ میں ضرور بھر دوں گا	جہنم کو	تجھ سے	اور	ان سے جو	تیری پیروی کریں گے	ان میں سے

أَجْمَعِيْنَ﴿٨٥﴾	قُلْ	مَا	اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	وَّ	مَا	اَنَا
سب سے	آپ کہہ دیجیے	نہیں	میں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	اور	نہیں	میں

مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴿٨٦﴾	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِيْنَ﴿٨٧﴾	وَ	لَتَعْلَمُنَّ
تکلف کرنے والوں میں سے	نہیں ہے	یہ (قرآن)	مگر	نصیحت	جہانوں کے لیے	اور	البتہ آپ ضرور جان لیں گے

نَبَاَهٗ	بَعْدَ حِيْنٍ﴿٨٨﴾
اس کا حال	کچھ مدت کے بعد

سُوْرَةُ الزُّمَر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ﴿١﴾	اِنَّآ اَنْزَلْنَآ
(یہ) نازل کردہ	کتاب ہے	اللہ کی طرف سے	جو بڑا غالب	خوب حکمت والا ہے	بے شک ہم نے نازل کیا

اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	فَاعْبُدِ اللّٰهَ	مُخْلِصًا	لَّهُ	الدِّيْنَ﴿٢﴾
آپ کی طرف	اس کتاب کو	حق کے ساتھ	لہٰذا آپ اللہ کی عبادت کیجیے	خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے	بندگی کو

اَلَا	لِلّٰهِ	الدِّيْنُ	الْخَالِصُ	وَ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اَوْلِيَآءَ
سنو!	اللہ ہی کے لیے ہے	بندگی	خالص	اور	وہ لوگ جنھوں نے	بنالیے	اس (اللہ) کے سوا	(اور) کارساز

مَا	نَعْبُدُهُمْ	اِلَّا	لِيُقَرِّبُوْنَآ	اِلَى اللّٰهِ	زُلْفٰى	اِنَّ
(وہ کہتے ہیں:) نہیں	ہم عبادت کرتے ان کی	مگر	اس لیے کہ وہ ہمیں قریب کر دیں	اللہ کے	زیادہ قریب	بے شک

اللّٰهَ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	فِيْ مَا	هُمْ	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا
اللہ	فیصلہ فرمائے گا	ان کے درمیان	ان باتوں میں کہ	وہ	ان میں	اختلاف کرتے تھے	بلاشبہ	اللہ	نہیں

يَهْدِيْ	مَنْ	هُوَ	كٰذِبٌ	كَفَّارٌ﴿٣﴾	لَوْ	اَرَادَ	اللّٰهُ	اَنْ	يَّتَّخِذَ	وَلَدًا
ہدایت کرتا	اس کو کہ	وہ	جھوٹا ہے	ناشکرا ہے	اگر	ارادہ کرتا	اللہ	(اس کا) کہ	وہ بنائے	فرزند

لَاصْطَفٰى	مِمَّا	يَخْلُقُ	مَا	يَشَآءُ	سُبْحٰنَهٗ ؕ	هُوَ	اللّٰهُ
تو وہ چن لیتا	ان میں سے جن کو	وہ پیدا کرتا ہے	جس کو	وہ چاہتا	(لیکن) وہ تو پاک ہے (ان چیزوں سے)	وہ	اللہ

الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ ۝	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	يُكَوِّرُ	الَّيْلَ	عَلَى النَّهَارِ
ایک ہے	بڑی قوتوں والا	اس نے پیدا کیا	آسمانوں کو	اور	زمین کو	حق کے ساتھ	وہ لپیٹتا ہے	رات کو	دن پر

وَ	يُكَوِّرُ	النَّهَارَ	عَلَى الَّيْلِ	وَ	سَخَّرَ	الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ
اور	وہ لپیٹتا ہے	دن کو	رات پر	اور	اس نے کام میں لگا دیا	سورج اور چاند کو	ہر ایک	چل رہا ہے

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ	اَلَا	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ ۝	خَلَقَكُمْ	مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ	ثُمَّ
ایک مقررہ وقت تک	سنو!	وہ	بڑا غالب	خوب بخشنے والا ہے	اس نے پیدا کیا تمہیں	ایک ہی جان سے	پھر

جَعَلَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا	وَ	اَنْزَلَ	لَكُمْ	مِّنَ الْاَنْعَامِ	ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ ؕ
اس نے بنایا	اس سے	اس کا جوڑا	اور	اس نے اتارے	تمہارے لیے	چوپایوں میں سے	آٹھ	جوڑے (نر اور مادہ)

يَخْلُقُكُمْ	فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ	خَلْقًا	مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ	فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ
وہ پیدا کرتا ہے تم کو	تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں	ایک (طرح کی) پیدائش	(دوسری) پیدائش کے بعد	تین اندھیروں میں

ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ	الْمُلْكُ ؕ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ ۝
یہ ہے	اللہ	تمہارا رب	اسی کی ہے	بادشاہی	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	تو کہاں	تم پھیرے جاتے ہو؟

اِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ	عَنْكُمْ	وَ	لَا	يَرْضٰى	لِعِبَادِهِ	الْكُفْرَ	وَ	اِنْ
اگر	تم کفر کرو	تو بلاشبہ	اللہ	بے پروا ہے	تم سے	اور	نہیں	وہ پسند کرتا	اپنے بندوں کے لیے	کفر کو	اور	اگر

تَشْكُرُوْا	يَرْضَهُ	لَكُمْ ؕ	وَ	لَا	تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ	ثُمَّ
تم شکر کرو	تو وہ اسے پسند کرتا ہے	تمہارے لیے	اور	نہیں	بوجھ اٹھائے گا	کوئی بوجھ اٹھانے والا	بوجھ دوسرے کا	پھر

اِلٰى رَبِّكُمْ	مَّرْجِعُكُمْ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ؕ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ
اپنے پروردگار کی طرف	تمہارا لوٹنا ہے	تو وہ تمہیں خبر دے گا	اس چیز کے ساتھ جو	تھے تم	عمل کرتے	بلاشبہ وہ	جانتا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝	وَ	اِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	ضُرٌّ	دَعَا	رَبَّهٗ	مُنِيْبًا
سینوں کے راز	اور	جب	پہنچتی ہے	انسان کو	کوئی تکلیف	(تو) وہ پکارتا ہے	اپنے رب کو	رجوع کرتے ہوئے

اِلَيْهِ	ثُمَّ	اِذَا	خَوَّلَهٗ	نِعْمَةً	مِّنْهُ	نَسِيَ	مَا	كَانَ
اس کی طرف	پھر	جب	وہ اسے عطا کرتا ہے	کوئی نعمت	اپنی طرف سے	(تو) وہ بھول جاتا ہے	اس کو جو	تھا

يَدْعُوْٓا	اِلَيْهِ	مِنْ قَبْلُ	وَ	جَعَلَ	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	لِّيُضِلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ
وہ پکارتا	اس کی طرف	اس سے پہلے	اور	وہ ٹھہراتا ہے	اللہ کے لیے	شریک	تاکہ وہ گمراہ کرے	اس کے راستے سے

قُلْ	تَمَتَّعْ	بِكُفْرِكَ	قَلِيْلًا	اِنَّكَ	مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ⑧	اَمَّنْ
آپ کہہ دیجیے	تو فائدہ اٹھا	اپنے کفر کے ساتھ	تھوڑا سا	بلاشبہ تو	دوزخیوں میں سے ہے	کیا (یہ برابر ہو سکتا ہے اس کے) جو شخص کہ

هُوَ	قَانِتٌ	اٰنَآءَ الَّيْلِ	سَاجِدًا	وَّ	قَآئِمًا	يَّحْذَرُ	الْاٰخِرَةَ	وَ
وہ	عبادت کرنے والا ہو	رات کی گھڑیوں میں	سجدہ کرتے	اور	کھڑے ہوئے	وہ ڈرتا ہے	آخرت سے	اور

يَرْجُوْا	رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِى	الَّذِيْنَ	يَعْلَمُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ
وہ امید کرتا ہے	اپنے رب کی رحمت کی	آپ کہہ دیجیے	کیا	برابر ہو سکتے ہیں	وہ لوگ جو	علم رکھتے ہیں	اور	وہ لوگ جو

لَا	يَعْلَمُوْنَ ؕ	اِنَّمَا	يَتَذَكَّرُ	اُولُوا الْاَلْبَابِ ⑨	قُلْ	يٰعِبَادِ	الَّذِيْنَ
نہیں	علم رکھتے؟	بس	نصیحت پکڑتے ہیں	عقل والے ہی	آپ کہہ دیجیے	اے میرے بندو!	وہ جو

اٰمَنُوا	اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ ؕ	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ ؕ
ایمان لائے ہو	تم ڈرو	اپنے رب سے	ان لوگوں کے لیے جنہوں نے	اچھے عمل کیے	اس دنیا میں	بھلائی ہے

وَ	اَرْضُ اللّٰهِ	وَاسِعَةٌ ؕ	اِنَّمَا	يُوَفَّى	الصّٰبِرُوْنَ	اَجْرَهُمْ	بِغَيْرِ حِسَابٍ ⑩
اور	اللہ کی زمین	کشادہ ہے	بس	پورا دیا جائے گا	صبر کرنے والوں کو	ان کا اجر	بے شمار

قُلْ	اِنِّيْٓ اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	اللّٰهَ	مُخْلِصًا	لَّهُ
آپ کہہ دیجیے	بے شک میں حکم دیا گیا ہوں	یہ کہ	میں عبادت کروں	اللہ کی	خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے

الدِّيْنَ ⑪	وَ	اُمِرْتُ	لِاَنْ اَكُوْنَ	اَوَّلَ	الْمُسْلِمِيْنَ ⑫	قُلْ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	اِنْ
بندگی کو	اور	میں حکم دیا گیا ہوں	یہ کہ ہوں میں	پہلا	مسلمان	آپ کہہ دیجیے	بے شک میں ڈرتا ہوں	اگر

عَصَيْتُ	رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ ⑬	قُلِ	اللّٰهَ	اَعْبُدُ	مُخْلِصًا
میں نے نافرمانی کی	اپنے رب کی	عذاب سے	بڑے دن کے	آپ کہہ دیجیے	اللہ ہی کی	میں عبادت کرتا ہوں	خالص کرتے ہوئے

لَّهٗ	دِيْنِيْ ⑭	فَاعْبُدُوْا	مَا	شِئْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ	قُلْ	اِنَّ	الْخٰسِرِيْنَ
اس کے لیے	اپنی بندگی کو	تو تم عبادت کرو	جس کی	تم چاہو	اس کے سوا	آپ کہہ دیجیے	بلاشبہ	نقصان اٹھانے والے تو

الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَ	اَهْلِيْهِمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	اَلَا	ذٰلِكَ
وہ لوگ ہیں جنہوں نے	خسارے میں ڈالا	اپنی جانوں کو	اور	اپنے گھر والوں کو	قیامت کے دن	خبردار!	یہ (جہنم کی ہمیشگی)

هُوَ	الْخُسْرَانُ	الْمُبِيْنُ ﴿١٥﴾	لَهُمْ	مِّنْ فَوْقِهِمْ	ظُلَلٌ	مِّنَ النَّارِ	وَ	مِنْ تَحْتِهِمْ
وہی ہے	خسران	ظاہر	ان کے لیے	ان کے اوپر	سائبان ہوں گے	آگ کے	اور	ان کے نیچے (بھی)

ظُلَلٌ ؕ	ذٰلِكَ	يُخَوِّفُ	اللّٰهُ	بِهٖ	عِبَادَهٗ ؕ	يٰعِبَادِ	فَاتَّقُوْنِ ﴿١٦﴾
سائبان ہوں گے	یہی ہے (وہ عذاب)	ڈراتا ہے	اللہ	اس کے ساتھ	اپنے بندوں کو	اے میرے بندو!	پس تم مجھ سے ڈرو

وَ	الَّذِيْنَ	اجْتَنَبُوا	الطَّاغُوْتَ	اَنْ	يَّعْبُدُوْهَا	وَ	اَنَابُوْا	اِلَى اللّٰهِ	لَهُمُ
اور	جو لوگ کہ	وہ بچے رہے	طاغوت سے	کہ	وہ عبادت کریں اس کی	اور	انہوں نے رجوع کیا	اللہ کی طرف	ان کے لیے

الْبُشْرٰى	فَبَشِّرْ	عِبَادِ ﴿١٧﴾	الَّذِيْنَ	يَسْتَمِعُوْنَ	الْقَوْلَ	فَيَتَّبِعُوْنَ
خوشخبری ہے	لہٰذا آپ خوشخبری دے دیں	میرے بندوں کو	وہ لوگ جو	سنتے ہیں	بات کو	پھر وہ پیروی کرتے ہیں

اَحْسَنَهٗ ؕ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	هَدٰىهُمُ اللّٰهُ	وَ	اُولٰٓئِكَ هُمْ	اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿١٨﴾
اس میں سے اچھی بات کی	یہی	وہ لوگ ہیں کہ	ہدایت دی ان کو اللہ نے	اور	یہی لوگ ہیں	عقل والے

اَ	فَمَنْ	حَقَّ	عَلَيْهِ	كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ	اَ	فَاَنْتَ	تُنْقِذُ	مَنْ	فِي النَّارِ ﴿١٩﴾
کیا	پھر جو شخص کہ	ثابت ہوگئی	اس پر	عذاب کی بات	کیا	پھر آپ	چھڑا لیں گے	اس کو جو	آگ میں ہے؟

لٰكِنِ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	لَهُمْ	غُرَفٌ	مِّنْ فَوْقِهَا	غُرَفٌ
لیکن	وہ لوگ جو	ڈر گئے	اپنے رب سے	ان کے لیے ہیں	بالاخانے	ان کے اوپر	(اور) بالاخانے ہیں

مَّبْنِيَّةٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ؕ	وَعْدَ اللّٰهِ ؕ	لَا	يُخْلِفُ	اللّٰهُ	الْمِيْعَادَ ﴿٢٠﴾
بنائے ہوئے	چلتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	(یہ) اللہ کا وعدہ ہے	نہیں	خلاف کرتا	اللہ	اپنے وعدے کے

اَ	لَمْ	تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَسَلَكَهٗ	يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ
کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	کہ بے شک اللہ ہی نے	نازل کیا	آسمان سے	پانی	پھر اس نے داخل کیا اس کو	زمین کے چشموں میں

ثُمَّ	يُخْرِجُ	بِهٖ	زَرْعًا	مُّخْتَلِفًا	اَلْوَانُهٗ	ثُمَّ	يَهِيْجُ	فَتَرٰىهُ
پھر	وہ نکالتا ہے	اس کے ذریعے سے	کھیتی	جس کے مختلف ہوتے ہیں	اس کے رنگ	پھر	وہ خشک ہو جاتی ہے	پھر آپ دیکھتے ہیں اس کو

مُصْفَرًّا	ثُمَّ	يَجْعَلُهٗ	حُطٰمًا ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٢١﴾	اَ	فَمَنْ
زرد شدہ	پھر	وہ اس کو کر دیتا ہے	ریزہ ریزہ	بلاشبہ	اس میں	البتہ نصیحت ہے	اہل عقل کے لیے	کیا	پھر جو شخص کہ

ع ۲ / ۱۲

شَرَحَ اللّٰهُ	صَدْرَهٗ	لِلْاِسْلَامِ	فَهُوَ	عَلٰى نُوْرٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
کھول دیا اللہ نے	اس کا سینہ	اسلام کے لیے	اور وہ	روشنی پر ہے	اپنے رب کی طرف سے (کیا وہ سخت اور تنگ دل کافر کے برابر ہو سکتا ہے؟)

فَوَيْلٌ	لِّلْقٰسِيَةِ	قُلُوْبُهُمْ	مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾	اَللّٰهُ نَزَّلَ
تو ہلاکت ہے	ان کے لیے کہ سخت ہیں	ان کے دل	اللہ کی یاد سے	یہی لوگ ہیں	صریح گمراہی میں	اللہ نے نازل کی

اَحْسَنَ	الْحَدِيْثِ	كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِيَ	تَقْشَعِرُّ	مِنْهُ	جُلُوْدُ	الَّذِيْنَ
بہترین	بات	(یعنی) کتاب	باہم ملتی جلتی	بار بار دہرائی ہوئی	کانپ اٹھتی ہیں	اس سے	جلدیں	ان لوگوں کی جو

يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	ثُمَّ	تَلِيْنُ	جُلُوْدُهُمْ	وَ	قُلُوْبُهُمْ	اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ
ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	پھر	نرم ہو جاتی ہیں	ان کی جلدیں	اور	ان کے دل	اللہ کی یاد کی طرف ہیں	یہی ہے

هُدَى اللّٰهِ	يَهْدِيْ	بِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا
اللہ کی ہدایت	وہ ہدایت دیتا ہے	اس کے ذریعے سے	جسے	چاہتا ہے	اور	جسے	گمراہ کر دے	اللہ	تو نہیں ہے

لَهٗ	مِنْ	هَادٍ ﴿۲۳﴾	اَ	فَمَنْ	يَّتَّقِيْ	بِوَجْهِهٖ	سُوْٓءَ الْعَذَابِ
اسے	کوئی بھی	ہدایت دینے والا	کیا	پھر جو شخص	بچتا ہے	اپنے چہرے (کی ڈھال) کے ذریعے سے	برے عذاب سے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَ	قِيْلَ	لِلظّٰلِمِيْنَ	ذُوْقُوْا	مَا	كُنْتُمْ	تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾
قیامت کے دن (وہ برابر ہے جنتی کے؟)	اور	کہا جائے گا	ظالموں سے	تم چکھو (اس کا مزا)	جو	تم تھے	کماتے

كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا	يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾
جھٹلایا تھا	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے ہوئے	تو آیا ان کے پاس	عذاب	ایسی جگہ سے کہ	نہیں	وہ شعور رکھتے تھے

فَاَذَاقَهُمُ	اللّٰهُ	الْخِزْيَ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَ	لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ	اَكْبَرُ	لَوْ	كَانُوْا
چنانچہ چکھائی ان کو	اللہ نے	رسوائی	دنیا کی زندگی میں	اور	البتہ آخرت کا عذاب	بہت بڑا ہے	کاش	وہ ہوتے

يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾	وَ	لَقَدْ	ضَرَبْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ	مِنْ كُلِّ مَثَلٍ	لَّعَلَّهُمْ
جانتے	اور	البتہ تحقیق	ہم نے بیان کی	لوگوں کے لیے	اس قرآن میں	ہر قسم کی مثال	تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾	قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	غَيْرَ	ذِيْ عِوَجٍ	لَّعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾	ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا
نصیحت پکڑیں	قرآن ہے	عربی (زبان) میں	نہیں ہے	کجی والا	تاکہ وہ	ڈریں	اللہ نے بیان کی	مثال

رَّجُلًا	فِيْهِ	شُرَكَآءُ	مُتَشٰكِسُوْنَ	وَ	رَجُلًا	سَلَمًا	لِّرَجُلٍ
ایک ایسے آدمی کی	جس میں	کئی شریک ہیں	باہم اختلاف رکھنے والے	اور	ایک ایسے آدمی کی	جو خالص ہے	ایک ہی آدمی کے لیے

هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ	مَثَلًا	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾
کیا	وہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں	مثال (حال) میں؟	سب تعریف اللہ کے لیے ہے	بلکہ	ان کے اکثر	نہیں	علم رکھتے

عِنْدَ رَبِّكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّكُمْ	ثُمَّ	مَّيِّتُوْنَ ۝	اِنَّهُمْ	وَّ	مَيِّتٌ	اِنَّكَ
اپنے رب کے پاس	قیامت کے دن	بلاشبہ تم	پھر	مرنے والے ہیں	بے شک وہ (بھی)	اور	مرنے والے ہیں	بلاشبہ آپ

تَخْتَصِمُوْنَ ۝
جھگڑو گے

فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	كَذَبَ	عَلَى اللّٰهِ	وَ	كَذَّبَ	بِالصِّدْقِ	اِذْ	جَآءَهٗ
پھر کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جس نے	جھوٹ بولا	اللہ پر	اور	اس نے جھٹلایا	سچائی کو	جب	وہ آئی اس کے پاس

اَ	لَيْسَ	فِيْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ (٣٢)	وَ	الَّذِيْ	جَآءَ	بِالصِّدْقِ	وَ	صَدَّقَ	بِهٖٓ
کیا	نہیں ہے	جہنم میں	ٹھکانا	کافروں کا؟	اور	جو	آیا	سچائی کے ساتھ	اور	جس نے تصدیق کی	اس کی

اُولٰٓئِكَ هُمُ	الْمُتَّقُوْنَ (٣٣)	لَهُمْ	مَّا	يَشَآءُوْنَ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	ذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا	الْمُحْسِنِيْنَ (٣٤)
یہی لوگ ہیں	متقی	ان کے لیے ہے	جو	وہ چاہیں گے	ان کے رب کے پاس	یہ ہے	بدلہ	نیکی کرنے والوں کا

لِيُكَفِّرَ	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	اَسْوَاَ	الَّذِيْ	عَمِلُوْا	وَ	يَجْزِيَهُمْ	اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ	الَّذِيْ
تاکہ دور کر دے	اللہ	ان سے	برائی	وہ جو	انہوں نے کی	اور	دے ان کو	ان کا اجر	نیکی کے بدلے میں	وہ جو

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ (٣٥)	اَ	لَيْسَ	اللّٰهُ	بِكَافٍ	عَبْدَهٗ	وَ	يُخَوِّفُوْنَكَ	بِالَّذِيْنَ
وہ تھے	عمل کرتے	کیا	نہیں ہے	اللہ	کافی	اپنے بندے کو؟	اور	وہ ڈراتے ہیں آپ کو	ان لوگوں سے جو

مِنْ دُوْنِهٖ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ	هَادٍ (٣٦)	وَ	مَنْ	يَّهْدِ
اس کے سوا ہیں	اور	جس کو	گمراہ کر دے	اللہ	تو نہیں ہے	اس کو	کوئی	ہدایت دینے والا	اور	جس کو	ہدایت دے

اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ	مُّضِلٍّ	اَ	لَيْسَ	اللّٰهُ	بِعَزِيْزٍ	ذِي انْتِقَامٍ (٣٧)	وَ	لَئِنْ
اللہ	تو نہیں ہے	اس کو	کوئی	گمراہ کرنے والا	کیا	نہیں ہے	اللہ	غالب	انتقام لینے والا؟	اور	البتہ اگر

سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَّا
آپ ان سے پوچھیں	کس نے	پیدا کیا	آسمانوں اور زمین کو؟	تو وہ ضرور کہیں گے	اللہ نے	آپ کہہ دیجیے	بھلا دیکھو تو	جن کو

تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَنِيَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	هَلْ	هُنَّ	كٰشِفٰتُ
تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا	اگر	ارادہ کرے میرے حق میں	اللہ	تکلیف کا	کیا	وہ	دور کر سکتے ہیں

ضُرِّهٖٓ	اَوْ	اَرَادَنِيْ	بِرَحْمَةٍ	هَلْ	هُنَّ	مُمْسِكٰتُ	رَحْمَتِهٖ	قُلْ
اس کی تکلیف کو؟	یا	وہ ارادہ کرے میرے حق میں	مہربانی کا	(تو) کیا	وہ	روک سکتے ہیں	اس کی مہربانی کو؟	آپ کہہ دیجیے

حَسْبِيَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِ	يَتَوَكَّلُ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ (٣٨)	قُلْ	يٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰى مَكَانَتِكُمْ
مجھے کافی ہے	اللہ	اسی پر	بھروسا کرتے ہیں	بھروسا کرنے والے	آپ کہہ دیجیے	اے میری قوم!	تم عمل کرو	اپنی جگہ پر

اِنِّيْ	عَامِلٌ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ (٣٩)	مَنْ	يَّاْتِيْهِ	عَذَابٌ
بے شک میں (بھی)	عمل کرنے والا ہوں	پھر عنقریب	تم جان لوگے	کون ہے کہ	آتا ہے اس کے پاس	(ایسا) عذاب

يُّخْزِيْهِ	وَ	يَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ ۝	اِنَّآ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	لِلنَّاسِ
جو اس کو رسوا کر دے	اور	اترتا ہے	اس پر	عذاب	ہمیشہ رہنے والا؟	بلاشبہ ہم نے نازل کی	آپ پر	کتاب	لوگوں کے لیے

بِالْحَقِّ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَلِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا
حق کے ساتھ	پھر جس نے	ہدایت پائی	تو اپنے ہی لیے	اور	جو	گمراہ ہوا	تو بس	وہ گمراہ ہوتا ہے	اپنے ہی نقصان کو

وَ	مَآ	اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ ۝	اَللّٰهُ	يَتَوَفَّى	الْاَنْفُسَ	حِيْنَ مَوْتِهَا	وَ	الَّتِيْ
اور	نہیں ہیں	آپ	ان پر	کوئی ذمے دار	اللہ ہی	قبض کرتا ہے	جانوں کو	ان کی موت کے وقت	اور	ان کو (بھی) جو

لَمْ	تَمُتْ	فِيْ مَنَامِهَا	فَيُمْسِكُ	الَّتِيْ	قَضٰى	عَلَيْهَا	الْمَوْتَ
نہیں	مریں	ان کی نیند (کے وقت) میں	پھر وہ روک لیتا ہے	اس (روح) کو	(کہ) اس نے فیصلہ کر دیا	اس پر	موت کا

وَ	يُرْسِلُ	الْاُخْرٰى	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝
اور	وہ بھیج دیتا ہے	دوسری کو	ایک وقت مقرر تک	بلاشبہ	اس میں	البتہ نشانیاں ہیں	اس قوم کے لیے	جو غور و فکر کرتی ہے

اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	شُفَعَآءَ	قُلْ	اَوَ	لَوْ	كَانُوْا	لَا	يَمْلِكُوْنَ	شَيْئًا
کیا	انہوں نے بنائے ہیں	اللہ کے سوا	سفارشی؟	آپ کہہ دیجیے	کیا	اگرچہ	وہ ہوں	نہ	اختیار رکھتے	کسی چیز کا

وَ	لَا	يَعْقِلُوْنَ ۝	قُلْ	لِّلّٰهِ	الشَّفَاعَةُ	جَمِيْعًا	لَهٗ	مُلْكُ
اور	نہ	وہ عقل رکھتے ہوں؟	آپ کہہ دیجیے	اللہ ہی کے لیے ہے	سفارش	سب کی سب	اسی کے لیے ہے	بادشاہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ ۝	وَ	اِذَا	ذُكِرَ	اللّٰهُ	وَحْدَهُ
آسمانوں اور زمین کی	پھر	اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور	جب	ذکر کیا جاتا ہے	اللہ	اکیلے کا

اشْمَاَزَّتْ	قُلُوْبُ	الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	وَ	اِذَا
(تو توحید الٰہی سے) نفرت کرتے (تنگ پڑ جاتے) ہیں	دل	ان کے جو	نہیں	ایمان رکھتے	آخرت پر	اور	جب

ذُكِرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اِذَا	هُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝	قُلِ	اللّٰهُمَّ
ذکر کیا جاتا ہے	ان (معبودوں) کا جو	اس کے سوا ہیں	(تو) اس وقت	وہ	بڑے خوش ہوتے ہیں	آپ کہہ دیجیے	اے اللہ!

فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	عٰلِمَ	الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	اَنْتَ تَحْكُمُ	بَيْنَ
پیدا کرنے والے	آسمانوں کے	اور	زمین کے	جاننے والے	چھپے اور ظاہر کے	تو ہی فیصلہ کرے گا	درمیان

عِبَادِكَ	فِيْ مَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ ۝	وَ	لَوْ	اَنَّ	لِلَّذِيْنَ
اپنے بندوں کے	ان (باتوں) میں کہ	وہ تھے	ان میں	اختلاف کرتے	اور	اگر	بلاشبہ	(میسر ہو) ان لوگوں کے لیے جنہوں نے

ظَلَمُوا	مَا	فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	وَ	مِثْلَهُ	مَعَهُ	لَافْتَدَوْا	بِهِ
ظلم کیا	جو کچھ	زمین میں ہے	سب	اور	اس کی مثل	اس کے ساتھ (اور بھی)	تو وہ البتہ فدیے میں دے دیں	اسے

مِنْ سُوءِ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	وَ	بَدَا	لَهُمْ	مِنَ اللَّهِ	مَا	لَمْ
برے عذاب سے	قیامت کے دن	اور	ظاہر ہو جائے گا	ان کے لیے	اللہ کی طرف سے	وہ (عذاب) جس کا	نہیں

يَكُونُوا	يَحْتَسِبُونَ ﴿۴۷﴾	وَ	بَدَا	لَهُمْ	سَيِّئَاتُ	مَا	كَسَبُوا
تھے وہ	گمان کرتے	اور	ظاہر ہو جائیں گی	ان کے لیے	برائیاں	ان (عملوں) کی جو	انہوں نے کمائے ہوں گے

وَ	حَاقَ	بِهِمْ	مَا	كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِءُونَ ﴿۴۸﴾	فَإِذَا	مَسَّ	الْإِنْسَانَ
اور	گھیر لے گا	ان کو	وہ (عذاب) کہ	وہ تھے	جس کے ساتھ	ٹھٹھا کرتے	پس جب	پہنچتی ہے	انسان کو

ضُرٌّ	دَعَانَا	ثُمَّ	إِذَا	خَوَّلْنَاهُ	نِعْمَةً	مِنَّا	قَالَ	إِنَّمَا
کوئی تکلیف	تو وہ ہمیں پکارتا ہے	پھر	جب	ہم عطا کر دیتے ہیں اس کو	کوئی نعمت	اپنی طرف سے	(تو) کہتا ہے	بس

أُوتِيتُهُ	عَلَىٰ عِلْمٍ	بَلْ	هِيَ	فِتْنَةٌ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَهُمْ	لَا
میں دیا گیا ہوں یہ	(اپنے) علم کی بدولت	(نہیں) بلکہ	وہ (تو)	ایک آزمائش ہے	اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں

يَعْلَمُونَ ﴿۴۹﴾	قَدْ	قَالَهَا	الَّذِينَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَمَا	أَغْنَىٰ	عَنْهُمْ	مَا
جانتے	تحقیق	کہی یہی بات	ان لوگوں نے (بھی) جو	ان سے پہلے ہوئے	پھر نہ	کام آیا	ان کے	وہ جو

كَانُوا	يَكْسِبُونَ ﴿۵۰﴾	فَأَصَابَهُمْ	سَيِّئَاتُ	مَا	كَسَبُوا	وَ	الَّذِينَ	ظَلَمُوا
وہ تھے	کماتے	چنانچہ پہنچیں ان کو	برائیاں	ان (عملوں) کی جو	انہوں نے کمائے	اور	وہ لوگ جنہوں نے	ظلم کیا

مِنْ هَٰؤُلَاءِ	سَيُصِيبُهُمْ	سَيِّئَاتُ	مَا	كَسَبُوا	وَ	مَا	هُمْ	بِمُعْجِزِينَ ﴿۵۱﴾
ان میں سے	عنقریب پہنچیں گی ان کو	برائیاں	ان (عملوں) کی جو	انہوں نے کمائے ہوں گے	اور	نہیں ہیں	وہ	عاجز کرنے والے

أَوَلَمْ	يَعْلَمُوا	أَنَّ	اللَّهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَشَاءُ	وَ	يَقْدِرُ
کیا نہیں	انہوں نے جانا	کہ بلاشبہ	اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کے لیے	وہ چاہتا ہے	اور	تنگ کرتا ہے

إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَاتٍ	لِقَوْمٍ	يُؤْمِنُونَ ﴿۵۲﴾	قُلْ	يَا عِبَادِيَ	الَّذِينَ
بے شک	اس میں	البتہ نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لیے	جو ایمان رکھتے ہیں	آپ کہہ دیجیے	اے میرے بندو!	وہ جنہوں نے

أَسْرَفُوا	عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ	لَا	تَقْنَطُوا	مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ	إِنَّ	اللَّهَ	يَغْفِرُ	الذُّنُوبَ	جَمِيعًا
ظلم کیا ہے	اپنی جانوں پر	نہ	تم مایوس ہو	اللہ کی رحمت سے	بلاشبہ	اللہ	معاف کر دیتا ہے	گناہ	سب

إِنَّهُ هُوَ	الْغَفُورُ	الرَّحِيمُ ﴿٥٣﴾	وَ	أَنِيبُوا	إِلَىٰ رَبِّكُمْ	وَ	أَسْلِمُوا	لَهُ
یقیناً وہی	بڑا بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے	اور	تم رجوع کرو	اپنے رب کی طرف	اور	تم مطیع ہو جاؤ	اس کے

مِنْ قَبْلِ	أَنْ	يَأْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	ثُمَّ	لَا	تُنْصَرُونَ ﴿٥٤﴾	وَ	اتَّبِعُوا	أَحْسَنَ مَا
اس سے پہلے	کہ	آ جائے تمہارے پاس	عذاب	پھر	نہ	تم مدد کیے جاؤ	اور	تم پیروی کرو	اس بہترین (بات) کی جو

أُنْزِلَ	إِلَيْكُمْ	مِنْ رَبِّكُمْ	مِنْ قَبْلِ	أَنْ	يَأْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	بَغْتَةً
نازل کی گئی	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے	اس سے پہلے	کہ	آ جائے تمہارے پاس	عذاب	اچانک

وَ	أَنْتُمْ	لَا	تَشْعُرُونَ ﴿٥٥﴾	أَنْ	تَقُولَ	نَفْسٌ	يَا حَسْرَتَىٰ	عَلَىٰ	مَا	فَرَّطْتُ
جبکہ	تم	نہ	شعور رکھتے ہو	(ایسا نہ ہو) کہ	کہے	کوئی نفس	ہائے افسوس!	اس پر	جو	میں نے کوتاہی کی

فِي جَنْبِ اللَّهِ	وَ	إِنْ	كُنْتُ	لَمِنَ السَّاخِرِينَ ﴿٥٦﴾	أَوْ	تَقُولَ	لَوْ	أَنَّ	اللَّهَ
اللہ کے حق میں	اور	بلاشبہ	میں رہا	ٹھٹھا مذاق کرنے والوں میں سے	یا	کہے	اگر	بے شک	اللہ

هَدَانِي	لَكُنْتُ	مِنَ الْمُتَّقِينَ ﴿٥٧﴾	أَوْ	تَقُولَ	حِينَ	تَرَى	الْعَذَابَ	لَوْ	أَنَّ
مجھے ہدایت دیتا	(تو) ضرور میں ہو جاتا	پرہیزگاروں میں سے	یا	کہے	جس وقت	دیکھے گا	عذاب کو	اگر	بے شک

لِي	كَرَّةً	فَأَكُونَ	مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٨﴾	بَلَىٰ	قَدْ	جَاءَتْكَ	آيَاتِي
میرے لیے (ہو)	ایک بار لوٹنا	تو میں ہو جاؤں گا	نیکوکاروں میں سے	کیوں نہیں!	تحقیق	آئیں تمھیں میرے پاس	میری آیتیں

فَكَذَّبْتَ	بِهَا	وَ	اسْتَكْبَرْتَ	وَ	كُنْتَ	مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿٥٩﴾	وَ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	تَرَى
چنانچہ تو نے جھٹلایا	ان کو	اور	تو نے تکبر کیا	اور	تو تھا	کافروں میں سے	اور	قیامت کے دن	آپ دیکھیں گے

الَّذِينَ	كَذَبُوا	عَلَى اللَّهِ	وُجُوهُهُمْ	مُسْوَدَّةٌ	أَ	لَيْسَ	فِي جَهَنَّمَ	مَثْوًى
ان لوگوں کو جنھوں نے	جھوٹ بولا	اللہ پر	ان کے چہرے	سیاہ ہوں گے	کیا	نہیں ہے	جہنم میں	ٹھکانا

لِلْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٦٠﴾	وَ	يُنَجِّي	اللَّهُ	الَّذِينَ	اتَّقَوْا	بِمَفَازَتِهِمْ	لَا
تکبر کرنے والوں کا؟	اور	نجات دے گا	اللہ	ان لوگوں کو جنھوں نے	تقویٰ اختیار کیا	ان کی کامیابی کے ساتھ	نہیں

يَمَسُّهُمُ	السُّوءُ	وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُونَ ﴿٦١﴾	اللَّهُ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَ	هُوَ	عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
پہنچے گی ان کو	برائی	اور	نہ	وہ	غمگین ہوں گے	اللہ ہی	خالق ہے	ہر چیز کا	اور	وہ	ہر چیز پر

وَكِيلٌ ﴿٦٢﴾	لَهُ	مَقَالِيدُ	السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ	وَ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	بِآيَاتِ اللَّهِ
خوب نگہبان ہے	اسی کے پاس ہیں	چابیاں	آسمانوں اور زمین کی	اور	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	اللہ کی آیات کے ساتھ

أُولَٰئِكَ هُمُ	الْخَاسِرُونَ ﴿٦٣﴾	قُلْ	أَ	فَغَيْرَ اللَّهِ	تَأْمُرُونِّي	أَعْبُدُ
یہی لوگ ہیں	نقصان اٹھانے والے	آپ کہہ دیجیے	کیا	پس غیر اللہ کی بابت	تم مجھے حکم دیتے ہو	(کہ) میں (ان کی) عبادت کروں

أَيُّهَا	الْجَاهِلُونَ ﴿٦٤﴾	وَ	لَقَدْ	أُوحِيَ	إِلَيْكَ	وَ	إِلَى الَّذِينَ	مِنْ قَبْلِكَ
اے	جاہلو!	اور	البتہ تحقیق	وحی کی گئی	آپ کی طرف	اور	ان لوگوں کی طرف جو	آپ سے پہلے ہوئے

لَئِنْ	أَشْرَكْتَ	لَيَحْبَطَنَّ	عَمَلُكَ	وَ	لَتَكُونَنَّ
البتہ اگر	آپ نے شرک کیا	تو یقیناً ضائع ہو جائیں گے	آپ کے عمل	اور	البتہ ضرور آپ ہو جائیں گے

مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٦٥﴾	بَلِ اللَّهَ	فَاعْبُدْ	وَ	كُنْ	مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٦٦﴾	وَ	مَا
نقصان اٹھانے والوں میں سے	بلکہ اللہ ہی کی	آپ عبادت کریں	اور	آپ ہو جائیں	شکر گزاروں میں سے	اور	نہیں

قَدَرُوا	اللَّهَ	حَقَّ	قَدْرِهِ	وَ	الْأَرْضُ	جَمِيعًا	قَبْضَتُهُ
انہوں نے قدر کی	اللہ کی	جیسا حق ہے	اس کی قدر کرنے کا	اور	زمین	سب کی سب	اس کی مٹھی میں ہوگی

يَوْمَ الْقِيَامَةِ	وَ	السَّمَاوَاتُ	مَطْوِيَّاتٌ	بِيَمِينِهِ	سُبْحَانَهُ	وَ	تَعَالَىٰ	عَمَّا
قیامت کے دن	اور	آسمان	لپٹے ہوں گے	اس کے دائیں ہاتھ میں	وہ پاک ہے	اور	وہ بلند ہے	اس سے جو

يُشْرِكُونَ ﴿٦٧﴾	وَ	نُفِخَ	فِي الصُّورِ	فَصَعِقَ	مَنْ	فِي السَّمَاوَاتِ	وَ
وہ شریک ٹھہراتے ہیں	اور	پھونک ماری جائے گی	صور میں	تو بے ہوش ہو جائے گا	جو ہے	آسمانوں میں	اور

مَنْ	فِي الْأَرْضِ	إِلَّا	مَنْ	شَاءَ	اللَّهُ	ثُمَّ	نُفِخَ	فِيهِ	أُخْرَىٰ	فَإِذَا
جو ہے	زمین میں	مگر	جسے	چاہے گا	اللہ	پھر	پھونک ماری جائے گی	اس میں	دوسری مرتبہ	تو یکایک

هُمْ	قِيَامٌ	يَنْظُرُونَ ﴿٦٨﴾	وَ	أَشْرَقَتِ	الْأَرْضُ	بِنُورِ رَبِّهَا	وَ	وُضِعَ
وہ	کھڑے (ہوکر)	دیکھتے ہوں گے	اور	چمک اٹھے گی	زمین	اپنے رب کے نور سے	اور	رکھی جائے گی

الْكِتَابُ	وَ	جِيءَ	بِالنَّبِيِّينَ	وَ	الشُّهَدَاءِ	وَ	قُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْحَقِّ
کتاب	اور	لائے جائیں گے	انبیاء	اور	گواہ	اور	فیصلہ کیا جائے گا	ان کے درمیان	حق کے ساتھ

وَ	هُمْ	لَا	يُظْلَمُونَ ﴿٦٩﴾	وَ	وُفِّيَتْ	كُلُّ نَفْسٍ	مَا	عَمِلَتْ	وَ	هُوَ
جبکہ	وہ	نہیں	ظلم کیے جائیں گے	اور	پورا دیا جائے گا	ہر نفس کو (اس کا بدلہ)	جو	اس نے کیا ہوگا	اور	وہ

أَعْلَمُ	بِمَا	يَفْعَلُونَ ﴿٧٠﴾	وَ	سِيقَ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	إِلَىٰ جَهَنَّمَ
خوب جانتا ہے	اس کو جو	وہ کر رہے ہیں	اور	ہانک (دھکیل) کر لے جائے جائیں گے	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	جہنم کی طرف

زُمَرًا ط	حَتّٰۤى	اِذَا	جَآءُوۡهَا	فُتِحَتۡ	اَبۡوَابُهَا	وَ	قَالَ
گروہ در گروہ	یہاں تک کہ	جب	وہ اس کے پاس آئیں گے	تو کھول دیے جائیں گے	اس کے دروازے	اور	کہیں گے

لَهُمۡ	خَزَنَتُهَاۤ	اَ	لَمۡ	يَاۡتِكُمۡ	رُسُلٌ	مِّنۡكُمۡ	يَتۡلُوۡنَ	عَلَيۡكُمۡ
ان سے	اس کے داروغے	کیا	نہیں	آئے تھے تمہارے پاس	رسول	تم میں سے	جو پڑھتے تھے	تم پر

اٰيٰتِ رَبِّكُمۡ	وَ	يُنۡذِرُوۡنَكُمۡ	لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ هٰذَا ط	قَالُوۡا	بَلٰى	وَلٰكِنۡ
تمہارے رب کی آیتیں	اور	وہ ڈراتے تھے تم کو	تمہاری اس دن کی ملاقات سے	وہ کہیں گے	(ہاں) کیوں نہیں!	اور لیکن

حَقَّتۡ	كَلِمَةُ الۡعَذَابِ	عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ ۝	قِيۡلَ	ادۡخُلُوۡۤا	اَبۡوَابَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيۡنَ
ثابت ہوگئی	عذاب کی بات	کافروں پر	کہا جائے گا	تم داخل ہو جاؤ	جہنم کے دروازوں میں	ہمیشہ رہو گے

فِيۡهَا	فَبِئۡسَ	مَثۡوَى	الۡمُتَكَبِّرِيۡنَ ۝	وَ	سِيۡقَ	الَّذِيۡنَ	اتَّقَوۡا
اس میں	پس برا ہے	ٹھکانا	تکبر کرنے والوں کا	اور	لے جائے جائیں گے	وہ لوگ جو	ڈرتے رہے ہوں گے

رَبَّهُمۡ	اِلَى الۡجَـنَّةِ	زُمَرًا ط	حَتّٰۤى	اِذَا	جَآءُوۡهَا	وَ	فُتِحَتۡ
اپنے رب سے	جنت کی طرف	گروہ در گروہ	حتیٰ کہ	جب	وہ آئیں گے اس کے پاس	اور	کھلے ہوئے ہوں گے

اَبۡوَابُهَا	وَ	قَالَ	لَهُمۡ	خَزَنَتُهَا	سَلٰمٌ	عَلَيۡكُمۡ	طِبۡتُمۡ	فَادۡخُلُوۡهَا
اس کے دروازے	اور	کہیں گے	ان سے	اس کے دربان	سلام ہو	تم پر	تم پاکیزہ رہے	لہٰذا تم داخل ہو جاؤ اس میں

خٰلِدِيۡنَ ۝	وَ	قَالُوا	الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ	الَّذِىۡ	صَدَقَنَا	وَعۡدَهٗ	وَ
ہمیشہ رہنے والے	اور	وہ کہیں گے	سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں	وہ جس نے	سچا کیا ہم سے	اپنا وعدہ	اور

اَوۡرَثَنَا	الۡاَرۡضَ	نَتَبَوَّاُ	مِنَ الۡجَـنَّةِ	حَيۡثُ	نَشَآءُ	فَنِعۡمَ	اَجۡرُ
ہمیں وارث کر دیا	اس زمین کا	ہم ٹھکانا بنائیں	جنت میں	جہاں	ہم چاہیں	پس کس قدر اچھا ہے	اجر

الۡعٰمِلِيۡنَ ۝	وَ	تَرَى	الۡمَلٰٓـئِكَةَ	حَآفِّيۡنَ	مِنۡ حَوۡلِ الۡعَرۡشِ	يُسَبِّحُوۡنَ
عمل کرنے والوں کا	اور	آپ دیکھیں گے	فرشتوں کو	گھیرے ہوئے	عرش کے اردگرد کو	جبکہ وہ تسبیح بیان کر رہے ہوں گے

بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ	وَ	قُضِىَ	بَيۡنَهُمۡ	بِالۡحَـقِّ	وَ	قِيۡلَ
اپنے رب کی حمد کے ساتھ	اور	فیصلہ کیا جائے گا	ان کے درمیان	حق کے ساتھ	اور	کہا جائے گا

الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ	رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝
سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں	جو جہانوں کا رب ہے

سورة المؤمن (٤٠) مکیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

ركوعاتها ٩

حٰمٓ ۝	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ ۝	غَافِرِ الذَّنْۢبِ	وَ	قَابِلِ
حٰمٓ	اتارنا کتاب کا	اللہ کی طرف سے ہے	جو بڑا غالب	خوب جاننے والا ہے	بخشنے والا ہے گناہ کا	اور	قبول کرنے والا ہے

التَّوْبِ	شَدِيْدِ	الْعِقَابِ	ذِي الطَّوْلِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	اِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ ۝
توبہ کا	شدید	سزا دینے والا	بڑے فضل والا ہے	نہیں ہے	کوئی معبود	مگر	وہی	اسی کی طرف	لوٹ کر جانا ہے

مَا	يُجَادِلُ	فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَلَا	يَغْرُرْكَ
نہیں	جھگڑا کرتے	اللہ کی آیتوں میں	مگر	وہی لوگ جنھوں نے	کفر کیا	لہٰذا نہ	آپ کو دھوکے میں ڈالے

تَقَلُّبُهُمْ	فِي الْبِلَادِ ۝	كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَ	الْاَحْزَابُ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ
ان (کافروں) کا چلنا پھرنا	شہروں میں	جھٹلایا	ان سے پہلے	قوم نوح نے	اور	(دوسرے) گروہوں نے	ان کے بعد

وَ	هَمَّتْ	كُلُّ اُمَّةٍ	بِرَسُوْلِهِمْ	لِيَاْخُذُوْهُ	وَ	جٰدَلُوْا	بِالْبَاطِلِ
اور	ارادہ کیا	ہر امت نے	اپنے رسول کی بابت	تاکہ وہ پکڑیں اس کو	اور	انھوں نے جھگڑا کیا	جھوٹی باتوں کے ساتھ

لِيُدْحِضُوْا	بِهِ	الْحَقَّ	فَاَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ	عِقَابِ ۝	وَ	كَذٰلِكَ
تاکہ ڈگمگا دیں	اس کے ذریعے سے	حق کو	چنانچہ میں نے پکڑ لیا ان کو	تو کیسی	تھی	میری سزا؟	اور	اسی طرح

حَقَّتْ	كَلِمَتُ رَبِّكَ	عَلَى الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اَنَّهُمْ	اَصْحٰبُ النَّارِ ۝	اَلَّذِيْنَ
ثابت ہوگئی	آپ کے رب کی بات	ان لوگوں پر جنھوں نے	کفر کیا	(کہ) بلاشبہ وہی ہیں	دوزخی	وہ (فرشتے) جو

يَحْمِلُوْنَ	الْعَرْشَ	وَ	مَنْ	حَوْلَهٗ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ رَبِّهِمْ
اٹھائے ہوئے ہیں	عرش کو	اور	جو	اس کے ارد گرد ہیں	وہ پاکیزگی بیان کرتے ہیں	اپنے رب کی حمد کے ساتھ

وَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَ	يَسْتَغْفِرُوْنَ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	رَبَّنَا
اور	وہ ایمان رکھتے ہیں	اس پر	اور	وہ بخشش مانگتے ہیں	ان لوگوں کے لیے جو	ایمان لائے	(کہ) اے ہمارے رب!

وَسِعْتَ	كُلَّ شَيْءٍ	رَّحْمَةً	وَّ	عِلْمًا	فَاغْفِرْ	لِلَّذِيْنَ	تَابُوْا
تو نے گھیر لیا ہے	ہر چیز کو	(اپنی) رحمت سے	اور	علم سے	پس تو بخش دے	ان لوگوں کو جنھوں نے	توبہ کی

وَ	اتَّبَعُوْا	سَبِيْلَكَ	وَ	قِهِمْ	عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝	رَبَّنَا	وَ	اَدْخِلْهُمْ
اور	پیروی کی	تیرے راستے کی	اور	تو بچا ان کو	دوزخ کے عذاب سے	اے ہمارے رب!	اور	تو داخل کر ان کو

جَنّٰتِ عَدْنِ ِ	الَّتِيْ	وَعَدْتَّهُمْ	وَ	مَنْ	صَلَحَ	مِنْ اٰبَآىِٕهِمْ
ہمیشہ رہنے والے باغوں میں	وہ جن کا	تو نے ان سے وعدہ کیا ہے	اور	جو	نیک ہوئے	ان کے باپ دادوں سے

وَ	اَزْوَاجِهِمْ	وَ	ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ	اِنَّكَ اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿۸﴾	وَ	قِهِمُ
اور	ان کی بیویوں سے	اور	ان کی اولاد میں سے	بے شک تو ہی	بڑا غالب	خوب حکمت والا ہے	اور	تو بچا ان کو

السَّيِّاٰتِ ؕ	وَ	مَنْ	تَقِ	السَّيِّاٰتِ	يَوْمَىِٕذٍ	فَقَدْ	رَحِمْتَهٗ ؕ	وَ	ذٰلِكَ هُوَ
برائیوں سے	اور	جس کو	تو بچائے گا	برائیوں سے	اس دن	تو تحقیق	تو نے رحم کیا اس پر	اور	یہی ہے

الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يُنَادَوْنَ	لَمَقْتُ اللّٰهِ	اَكْبَرُ
کامیابی	بہت بڑی	بلاشبہ	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	وہ پکارے جائیں گے	(کہ) البتہ اللہ کی ناراضی	زیادہ بڑی ہے

مِنْ مَّقْتِكُمْ	اَنْفُسَكُمْ	اِذْ	تُدْعَوْنَ	اِلَى الْاِيْمَانِ	فَتَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰﴾	قَالُوْا	رَبَّنَآ
تمہاری ناراضی سے	اپنے آپ پر	جب	تم بلائے جاتے تھے	ایمان کی طرف	تو تم انکار کرتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب!

اَمَتَّنَا	اثْنَتَيْنِ	وَ	اَحْيَيْتَنَا	اثْنَتَيْنِ	فَاعْتَرَفْنَا	بِذُنُوْبِنَا	فَهَلْ
تو نے ہمیں موت دی	دو مرتبہ	اور	تو نے ہمیں زندہ کیا	دو مرتبہ	اب ہم نے اقرار کیا	اپنے گناہوں کا	تو کیا (اب)

اِلٰى خُرُوْجٍ	مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۱۱﴾	ذٰلِكُمْ	بِاَنَّهٗ	اِذَا	دُعِيَ	اللّٰهُ	وَحْدَهٗ	كَفَرْتُمْ
نکلنے کی (بھی)	کوئی راہ ہے؟	یہ (عذاب)	اس سبب سے ہے کہ بلاشبہ	جب	پکارا جاتا تھا	اللہ	اکیلے کو	(تو) تم انکار کرتے تھے

وَ	اِنْ	يُّشْرَكْ	بِهٖ	تُؤْمِنُوْا ؕ	فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ	الْعَلِيِّ	الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾
اور	اگر	شریک ٹھہرایا جاتا (کسی کو)	اس کے ساتھ	تو تم (اسے) مان لیتے تھے	اب حکم تو اللہ ہی کا ہے	جو نہایت بلند	بہت بڑا ہے

هُوَ الَّذِيْ	يُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	وَ	يُنَزِّلُ	لَكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	رِزْقًا ؕ	وَ	مَا
وہی ہے جو	تمہیں دکھاتا ہے	اپنی نشانیاں	اور	وہ نازل کرتا ہے	تمہارے لیے	آسمان سے	رزق	اور	نہیں

يَتَذَكَّرُ	اِلَّا	مَنْ	يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾	فَادْعُوا اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ	وَلَوْ
نصیحت پکڑتا	مگر	(وہی) جو	رجوع کرتا ہے	لہٰذا تم اللہ کو پکارو	خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے	بندگی کو	اگرچہ

كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾	رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ	ذُو الْعَرْشِ	يُلْقِي	الرُّوْحَ	مِنْ اَمْرِهٖ
ناپسند (برا) سمجھیں	کافر	(وہ) بہت بلند درجوں والا ہے	عرش کا مالک ہے	وہ ڈالتا ہے	روح (وحی)	اپنے حکم سے

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	لِيُنْذِرَ	يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾	يَوْمَ	هُمْ	بٰرِزُوْنَ
جس پر وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے	تاکہ وہ ڈرائے	ملاقات کے دن سے	جس دن	وہ	(قبروں سے) نکلیں گے

لَا	يَخْفٰى	عَلَى اللّٰهِ	مِنْهُمْ	شَيْءٌ	لِمَنِ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ
نہیں	مخفی ہوگی	اللہ پر	ان میں سے	کوئی چیز	(اللہ پوچھے گا) کس کے لیے ہے	بادشاہی	آج کے دن؟

لِلّٰهِ	الْوَاحِدِ	الْقَهَّارِ ⑯	اَلْيَوْمَ	تُجْزٰى	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا
(پھر خود ہی فرمائے گا) اللہ ہی کے لیے	جو ایک ہے	بڑی طاقتوں والا	آج	بدلہ دیا جائے گا	ہر نفس کو	اس کے ساتھ جو

كَسَبَتْ	لَا ظُلْمَ	الْيَوْمَ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ الْحِسَابِ ⑰	وَ	اَنْذِرْهُمْ
اس نے کمایا	نہیں ہوگا کوئی ظلم	آج	بلاشبہ	اللہ	جلد حساب لینے والا ہے	اور	آپ ڈرائیں ان کو

يَوْمَ الْاٰزِفَةِ	اِذِ	الْقُلُوْبُ	لَدَى	الْحَنَاجِرِ	كٰظِمِيْنَ	مَا
قریب آنے والے دن (قیامت) سے	جب	دل	قریب آرہے ہوں گے	گلوں کے	غم سے بھرے ہوئے	نہیں ہوگا

لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ حَمِيْمٍ	وَّ	لَا	شَفِيْعٍ	يُّطَاعُ ⑱	يَعْلَمُ	خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ
ظالموں کے لیے	کوئی دوست	اور	نہ	کوئی سفارشی	جس کی بات مانی جائے	وہ جانتا ہے	خیانت آنکھوں کی

وَ	مَا	تُخْفِي	الصُّدُوْرُ ⑲	وَ	اللّٰهُ	يَقْضِيْ	بِالْحَقِّ	وَ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ
اور	(اس کو بھی) جو	چھپاتے ہیں	(ان کے) سینے	اور	اللہ	فیصلہ کرے گا	حق (انصاف) کے ساتھ	اور	جن کو	وہ پکارتے ہیں

مِنْ دُوْنِهٖ	لَا	يَقْضُوْنَ	بِشَيْءٍ	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ ⑳	اَوَلَمْ
اس کے سوا	نہیں	وہ فیصلہ کرسکتے	کسی بھی چیز کا	بلاشبہ	اللہ	وہی ہے	خوب سننے والا	خوب دیکھنے والا	کیا نہیں

يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْا
انھوں نے سیر کی	زمین کی	پس وہ دیکھتے	کیسا	ہوا	انجام	ان لوگوں کا جو	تھے	ان سے پہلے؟	تھے

هُمْ	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَّ	اٰثَارًا	فِي الْاَرْضِ	فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ
وہ	زیادہ سخت	ان سے	قوت میں	اور	نشانیوں میں	زمین میں	پھر پکڑ لیا ان کو اللہ نے	بسبب ان کے گناہوں کے

وَ	مَا	كَانَ	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّاقٍ ㉑	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانَتْ
اور	نہ	تھا	ان کے لیے	اللہ سے	کوئی بچانے والا	یہ	اس سبب سے کہ بے شک وہ	تھے

تَّاْتِيْهِمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَكَفَرُوْا	فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ	اِنَّهٗ
آتے ان کے پاس	ان کے رسول	واضح دلیلوں کے ساتھ	تو انھوں نے انکار کیا	پھر پکڑ لیا ان کو اللہ نے	بلاشبہ وہ

قَوِيٌّ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ ㉒	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ㉓
بڑا قوت والا ہے	شدید	سزا دینے والا	اور	البتہ تحقیق	ہم نے بھیجا	موسیٰ کو	اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ	وَ	هَامَانَ	وَ	قَارُونَ	فَقَالُوا	سَاحِرٌ	كَذَّابٌ ﴿٢٤﴾	فَلَمَّا
فرعون کی طرف	اور	ہامان	اور	قارون (کی طرف)	تو انہوں نے کہا	(یہ) جادوگر ہے	بڑا جھوٹا	چنانچہ جب

جَاءَهُمْ	بِالْحَقِّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوا	اقْتُلُوا	أَبْنَاءَ	الَّذِينَ	آمَنُوا
وہ آیا ان کے پاس	حق لے کر	ہماری طرف سے	(تو) انہوں نے کہا	تم قتل کرو	بیٹوں کو	ان لوگوں کے جو	ایمان لائے

مَعَهُ	وَ	اسْتَحْيُوا	نِسَاءَهُمْ	وَ	مَا	كَيْدُ الْكَافِرِينَ	إِلَّا	فِي ضَلَالٍ ﴿٢٥﴾
اس (موسیٰ) کے ساتھ	اور	زندہ رکھو	ان کی عورتوں (بیٹیوں) کو	اور	نہیں تھی	چال کافروں کی	مگر	ناکام ہی

وَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	ذَرُونِي	أَقْتُلْ	مُوسَىٰ	وَ	لْيَدْعُ	رَبَّهُ	إِنِّي
اور	کہا	فرعون نے	مجھے چھوڑ دو	(تاکہ) میں قتل کر دوں	موسیٰ کو	اور	چاہیے کہ وہ پکارے	اپنے رب کو	بلاشبہ میں

أَخَافُ	أَنْ	يُبَدِّلَ	دِينَكُمْ	أَوْ	أَنْ	يُظْهِرَ	فِي الْأَرْضِ	الْفَسَادَ ﴿٢٦﴾	وَ	قَالَ	مُوسَىٰ
ڈرتا ہوں	کہ	وہ بدل دے گا	تمہارے دین کو	یا	یہ کہ	وہ پھیلائے گا	زمین میں	فساد	اور	کہا	موسیٰ نے

إِنِّي	عُذْتُ	بِرَبِّي	وَ	رَبِّكُمْ	مِنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ	لَا يُؤْمِنُ	بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٢٧﴾
بے شک میں	پناہ میں آتا ہوں	اپنے رب کی	اور	تمہارے رب کی	ہر اس متکبر سے	جو نہیں ایمان رکھتا	یوم حساب پر

وَ	قَالَ	رَجُلٌ مُؤْمِنٌ	مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ	يَكْتُمُ	إِيمَانَهُ	أَ	تَقْتُلُونَ	رَجُلًا
اور	کہا	ایک مومن مرد نے	آل فرعون میں سے	جو چھپاتا تھا	اپنا ایمان	کیا	تم قتل کرتے ہو	ایک آدمی کو

أَنْ	يَقُولَ	رَبِّيَ اللَّهُ	وَ	قَدْ	جَاءَكُمْ	بِالْبَيِّنَاتِ	مِنْ رَبِّكُمْ
اس بات پر کہ	وہ کہتا ہے	میرا رب اللہ ہے	اور	تحقیق	وہ آیا ہے تمہارے پاس	روشن دلائل کے ساتھ	تمہارے رب کی طرف سے؟

وَ	إِنْ	يَكُ	كَاذِبًا	فَعَلَيْهِ	كَذِبُهُ	وَ	إِنْ	يَكُ	صَادِقًا	يُصِبْكُمْ	بَعْضُ
اور	اگر	ہے وہ	جھوٹا	تو اسی پر ہے	اس کا (وبال) جھوٹ	اور	اگر	ہے وہ	سچا	تو تم کو پہنچے گا	کچھ حصہ

الَّذِي	يَعِدُكُمْ	إِنَّ	اللَّهَ	لَا	يَهْدِي	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ
اس (عذاب) کا جس کا	وہ تم سے وعدہ کرتا ہے	بے شک	اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	اس شخص کو جو ہو	حد سے بڑھنے والا

كَذَّابٌ ﴿٢٨﴾	يَا قَوْمِ	لَكُمُ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	ظَاهِرِينَ	فِي الْأَرْضِ	فَمَنْ	يَنْصُرُنَا
بہت جھوٹا	اے میری قوم!	تمہارے لیے ہی	بادشاہی ہے	آج	جب کہ تم ہی غالب ہو	زمین میں	پھر کون	ہماری مدد کرے گا

مِنْ بَأْسِ اللَّهِ	إِنْ	جَاءَنَا	قَالَ	فِرْعَوْنُ	مَا	أُرِيكُمْ	إِلَّا	مَا	أَرَىٰ
اللہ کے عذاب سے	اگر	وہ آ گیا ہمارے پاس؟	کہا	فرعون نے	نہیں	میں دکھاتا تمہیں	مگر	وہی جو	میں دیکھتا ہوں

وَ	مَآ	اَهْدِيْكُمْ	اِلَّا	سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾	وَ	قَالَ	الَّذِيْٓ	اٰمَنَ	يٰقَوْمِ
اور	نہیں	میں تمہاری رہنمائی کرتا	مگر	بھلائی ہی کے راستے کی	اور	کہا	اس شخص نے جو	ایمان لایا تھا	اے میری قوم!

اِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	مِّثْلَ	يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾	مِثْلَ	دَاْبِ	قَوْمِ نُوْحٍ	وَّ	عَادٍ	وَّ	ثَمُوْدَ
بلاشبہ میں	ڈرتا ہوں	تم پر	مانند	(گزشتہ) گروہوں کے دن کے	مانند	حال	قوم نوح	اور	عاد	اور	ثمود کے

وَ	الَّذِيْنَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	وَ	مَا	اللّٰهُ	يُرِيْدُ	ظُلْمًا	لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾	وَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْٓ
اور	ان لوگوں کے جو	ان کے بعد ہوئے	اور	نہیں	اللہ	چاہتا	ظلم کرنا	بندوں پر	اور	اے میری قوم!	بلاشبہ میں

اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾	يَوْمَ	تُوَلُّوْنَ	مُدْبِرِيْنَ	مَا	لَكُمْ
ڈرتا ہوں	تم پر	ایک دوسرے کو پکارنے کے دن سے	جس دن	تم پھرو (بھاگو) گے	پیٹھ پھیرتے ہوئے	نہیں (ہوگا)	تمہارے لیے

مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ عَاصِمٍ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾	وَ	لَقَدْ
اللہ (کے عذاب) سے	کوئی بچانے والا	اور	جس کو	گمراہ کردے	اللہ	تو نہیں ہے	اس کو	کوئی ہدایت دینے والا	اور	البتہ تحقیق

جَآءَكُمْ	يُوْسُفُ	مِنْ قَبْلُ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا زِلْتُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّمَّا	جَآءَكُمْ بِهٖ
آیا تمہارے پاس	یوسف (بھی)	اس سے پہلے	واضح دلائل کے ساتھ	پھر تم ہمیشہ رہے	شک میں	اس سے جو	وہ تمہارے پاس لایا

حَتّٰٓى	اِذَا	هَلَكَ	قُلْتُمْ	لَنْ	يَّبْعَثَ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رَسُوْلًا	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ
یہاں تک کہ	جب	وہ فوت ہوگیا	تو تم نے کہا	ہرگز نہیں	بھیجے گا	اللہ	اس کے بعد	کوئی رسول	اسی طرح	گمراہ کرتا ہے

اللّٰهُ	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ	مُّرْتَابُ ﴿۳۴﴾	الَّذِيْنَ	يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ	بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ
اللہ	اس شخص کو کہ وہ ہو	حد سے بڑھنے والا	شک کرنے والا	وہ لوگ جو	جھگڑتے ہیں	اللہ کی آیتوں میں	بغیر کسی ایسی دلیل کے

اَتٰىهُمْ	كَبُرَ مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	عِنْدَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كَذٰلِكَ
جو آئی ہو ان کے پاس	بڑی ناراضی کا باعث ہے	اللہ کے نزدیک	اور	ان لوگوں کے نزدیک جو	ایمان لائے	اسی طرح

يَطْبَعُ	اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ قَلْبِ	مُتَكَبِّرٍ	جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾	وَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰهَامٰنُ	ابْنِ	لِيْ
مہر لگا دیتا ہے	اللہ	ہر دل پر	متکبر	سرکش کے	اور	کہا	فرعون نے	اے ہامان!	تو بنا	میرے لیے

صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَبْلُغُ	الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾	اَسْبَابَ	السَّمٰوٰتِ	فَاَطَّلِعَ	اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى
ایک بلند عمارت	تاکہ میں	پہنچوں	راستوں پر	راستوں پر	آسمانوں کے	پھر میں جھانک کر دیکھوں	موسیٰ کے الٰہ کی طرف

وَ	اِنِّيْ	لَاَظُنُّهٗ	كَاذِبًا	وَ	كَذٰلِكَ	زُيِّنَ	لِفِرْعَوْنَ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ
اور	بے شک میں	یقیناً اسے گمان کرتا ہوں	جھوٹا	اور	اسی طرح	مزین کردیا گیا	فرعون کے لیے	اس کا برا عمل

وَ	صُدَّ	عَنِ السَّبِيْلِ	وَ	مَا	كَيْدُ	فِرْعَوْنَ	اِلَّا	فِيْ تَبَابٍ	وَ	قَالَ	الَّذِيْٓ
اور	وہ روکا گیا	(سیدھے) راستے سے	اور	نہیں تھی	چال	فرعون کی	مگر	تباہی میں	اور	کہا	اس شخص نے جو

اٰمَنَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوْنِ	اَهْدِكُمْ	سَبِيْلَ	الرَّشَادِ	يٰقَوْمِ	اِنَّمَا	هٰذِهِ
ایمان لایا تھا	اے میری قوم!	تم میری پیروی کرو	میں تمھیں بتلاؤں گا	راستہ	بھلائی (نیکی) کا	اے میری قوم!	بس	یہ

سَنُقْرِئُكَ	فَلَا	تَنْسٰٓى ⑥	اِلَّا	مَا	شَآءَ	اللّٰهُ	اِنَّهٗ
عنقریب ہم پڑھائیں گے آپ کو (قرآن)	پھر نہیں	بھولیں گے آپ	سوائے اس کے	جو	چاہے	اللہ	بلاشبہ وہ

يَعْلَمُ	الْجَهْرَ	وَ	مَا	يَخْفٰى ⑦	وَ	نُيَسِّرُكَ	لِلْيُسْرٰى ⑧	فَذَكِّرْ
جانتا ہے	ظاہر کو	اور	(اس کو) جو	مخفی ہے	اور	ہم توفیق دیں گے آپ کو	آسان (راستے) کی	پھر آپ نصیحت کیجیے

اِنْ	نَّفَعَتِ	الذِّكْرٰى ⑨	سَيَذَّكَّرُ	مَنْ	يَّخْشٰى ⑩	وَ	يَتَجَنَّبُهَا	الْاَشْقَى ⑪
اگر	نفع دے	نصیحت	ضرور نصیحت حاصل کرے گا	وہ جو	ڈرتا ہے	اور	دور رہے گا اس سے	بدبخت

الَّذِيْ	يَصْلَى	النَّارَ الْكُبْرٰى ⑫	ثُمَّ	لَا	يَمُوْتُ	فِيْهَا	وَ	لَا	يَحْيٰى ⑬	قَدْ	اَفْلَحَ
وہ جو	داخل ہوگا	بہت بڑی آگ میں	پھر	نہ	وہ مرے گا	اس میں	اور	نہ	جیے گا	تحقیق	فلاح پا گیا

مَنْ	تَزَكّٰى ⑭	وَ	ذَكَرَ	اسْمَ	رَبِّهٖ	فَصَلّٰى ⑮	بَلْ	تُؤْثِرُوْنَ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ⑯
وہ شخص جو	پاک ہوا	اور	اس نے یاد کیا	نام	اپنے رب کا	پھر اس نے نماز پڑھی	بلکہ	تم ترجیح دیتے ہو	حیات دنیا کو

وَ	الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	وَّ	اَبْقٰى ⑰	اِنَّ	هٰذَا	لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ⑱	صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ⑲
جبکہ	آخرت	بہت بہتر	اور	زیادہ پائیدار ہے	بلاشبہ	یہ (بات)	البتہ پہلے صحیفوں میں ہے	(یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں

سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ — رکوعہا ۱ — آیاتہا ۲۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	الْغَاشِيَةِ ①	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	خَاشِعَةٌ ②	عَامِلَةٌ
کیا	آ گئی ہے آپ کے پاس	بات	چھا جانے والی (قیامت) کی؟	کئی چہرے	اس دن	ذلیل ہوں گے	عمل کرنے والے

نَاصِبَةٌ ۳	تَصْلٰى	نَارًا حَامِيَةً ۴	تُسْقٰى	مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۵	لَيْسَ
تھک جانے والے	وہ داخل ہوں گے	بھڑکتی آگ میں	وہ پلائے جائیں گے	کھولتے ہوئے پانی کے چشمے سے	نہیں ہوگا

لَهُمْ	طَعَامٌ	اِلَّا	مِنْ ضَرِيْعٍ ۶	لَا	يُسْمِنُ	وَ	لَا	يُغْنِيْ	مِنْ جُوْعٍ ۷	وُجُوْهٌ
ان کے لیے	کھانا	سوائے	خاردار جھاڑی کے	نہ	وہ موٹا کرے گا	اور	نہ	فائدہ دے گا	بھوک سے	کئی چہرے

يَوْمَئِذٍ	نَاعِمَةٌ ۸	لِسَعْيِهَا	رَاضِيَةٌ ۹	فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۱۰	لَا	تَسْمَعُ	فِيْهَا
اس دن	تروتازہ ہوں گے	اپنی کوششوں پر	خوش ہوں گے	بہشت بریں میں ہوں گے	نہیں	وہ سنیں گے	اس میں

لَاغِيَةً ۱۱	فِيْهَا	عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۱۲	فِيْهَا	سُرُرٌ	مَرْفُوْعَةٌ ۱۳	وَ	اَكْوَابٌ	مَوْضُوْعَةٌ ۱۴
کوئی لغو بات	اس میں	ایک چشمہ جاری (ہوگا)	اس میں	تخت (ہوں گے)	اونچے اونچے	اور	ساغر	رکھے ہوئے

وَ	نَمَارِقُ	مَصْفُوْفَةٌ ۱۵	وَ	زَرَابِيُّ	مَبْثُوْثَةٌ ۱۶	اَ	فَلَا	يَنْظُرُوْنَ	اِلَى الْاِبِلِ	كَيْفَ
اور	گاؤ تکیے	برابر قطار میں لگے ہوئے	اور	نفیس غالیچے	بچھے ہوئے	کیا	پھر نہیں	دیکھتے وہ	اونٹوں کی طرف	کیسے

خُلِقَتْ ۱۷	وَ	اِلَى السَّمَآءِ	كَيْفَ	رُفِعَتْ ۱۸	وَ	اِلَى الْجِبَالِ	كَيْفَ	نُصِبَتْ ۱۹	وَ	اِلَى الْاَرْضِ
وہ پیدا کیے گئے؟	اور	آسمان کی طرف	کیسے	وہ بلند کیے گئے؟	اور	پہاڑوں کی طرف	کیسے	وہ گاڑے گئے؟	اور	زمین کی طرف

كَيْفَ	سُطِحَتْ ۲۰	فَذَكِّرْ	اِنَّمَا اَنْتَ	مُذَكِّرٌ ۲۱	لَسْتَ	عَلَيْهِمْ	بِمُصَيْطِرٍ ۲۲
کیسے	بچھائی گئی وہ؟	پس آپ نصیحت کریں	بس آپ تو	نصیحت ہی کرنے والے ہیں	نہیں ہیں آپ	ان پر	کوئی ذمہ دار

اِلَّا	مَنْ	تَوَلّٰى	وَ	كَفَرَ ۲۳	فَيُعَذِّبُهُ	اللّٰهُ	الْعَذَابَ	الْاَكْبَرَ ۲۴	اِنَّ	اِلَيْنَا
مگر	جس نے	روگردانی کی	اور	کفر کیا	تو اسے عذاب دے گا	اللہ	عذاب	بہت بڑا	بلاشبہ	ہماری ہی طرف ہے

اِيَابَهُمْ ۲۵	ثُمَّ	اِنَّ	عَلَيْنَا	حِسَابَهُمْ ۲۶
ان کا لوٹ کر آنا	پھر	یقیناً	ہمارے ہی ذمے ہے	ان کا حساب

سورۃ الفجر (۸۹) مکیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

آیاتها ۳۰ رکوعها ۱

وَ	الْفَجْرِ ۱	وَ	لَيَالٍ عَشْرٍ ۲	وَ	الشَّفْعِ	وَ	الْوَتْرِ ۳	وَ	الَّيْلِ	اِذَا	يَسْرِ ۴	هَلْ
قسم ہے	فجر کی	اور	دس راتوں کی	اور	جفت کی	اور	طاق کی	اور	رات کی	جب	وہ گزر جاتی ہے	یقیناً

فِيْ ذٰلِكَ	قَسَمٌ	لِذِيْ حِجْرٍ ۵	اَ	لَمْ	تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِعَادٍ ۶
اس میں	بہت بڑی قسم ہے	صاحب عقل کے لیے	کیا	نہیں	دیکھا آپ نے	کیسا	سلوک کیا	آپ کے رب نے	عاد کے ساتھ؟

إِرَمَ	ذَاتِ الْعِمَادِ ۝	الَّتِي	لَمْ	يُخْلَقْ	مِثْلُهَا	فِي الْبِلَادِ ۝	وَ	ثَمُودَ	الَّذِينَ
(یعنی) ارم	جو ستونوں والے تھے	وہ جو	نہیں	پیدا کیا گیا	(کوئی) اُن جیسا	شہروں میں	اور	(قوم) ثمود (کے ساتھ)	وہ جو

جَابُوا	الصَّخْرَ	بِالْوَادِ ۝	وَ	فِرْعَوْنَ	ذِي الْأَوْتَادِ ۝	الَّذِينَ	طَغَوْا	فِي الْبِلَادِ ۝
تراشتے تھے	چٹانوں کو	وادی میں	اور	فرعون	میخوں والے (کے ساتھ)	وہ جنھوں نے	سرکشی کی	شہروں میں

فَأَكْثَرُوا	فِيهَا الْفَسَادَ ۝	فَصَبَّ	عَلَيْهِمْ	رَبُّكَ	سَوْطَ	عَذَابٍ ۝	إِنَّ	رَبَّكَ
پھر انھوں نے زیادہ کیا	ان (شہروں) میں فساد	تو برسایا	ان پر	آپ کے رب نے	کوڑا	عذاب کا	بلاشبہ	آپ کا رب

لَبِالْمِرْصَادِ ۝	فَأَمَّا	الْإِنْسَانُ	إِذَا مَا	ابْتَلَاهُ	رَبُّهُ	فَأَكْرَمَهُ	وَ
البتہ گھات (تاک) میں ہے	پس لیکن	انسان	جب	آزماتا ہے اس کو	اس کا رب	پھر وہ عزت دیتا ہے اس کو	اور

نَعَّمَهُ	فَيَقُولُ	رَبِّي	أَكْرَمَنِ ۝	وَ	أَمَّا	إِذَا مَا	ابْتَلَاهُ	فَقَدَرَ	عَلَيْهِ
نعمت دیتا ہے اس کو	تو وہ کہتا ہے	میرے رب نے	مجھے عزت بخشی	اور	لیکن	جب	وہ آزماتا ہے اسے	پھر تنگ کرتا ہے	اس پر

رِزْقَهُ	فَيَقُولُ	رَبِّي	أَهَانَنِ ۝	كَلَّا	بَلْ	لَا	تُكْرِمُونَ	الْيَتِيمَ ۝	وَ	لَا
اس کا رزق	تو وہ کہتا ہے	میرے رب نے	میری توہین کی ہے	ہرگز نہیں!	بلکہ	نہیں	تم عزت کرتے	یتیم کی	اور	نہیں

تَحَاضُّونَ	عَلَى طَعَامِ	الْمِسْكِينِ ۝	وَ	تَأْكُلُونَ	التُّرَاثَ	أَكْلًا لَمًّا ۝	وَ	تُحِبُّونَ
تم ترغیب دیتے	کھانا کھلانے کی	مسکین کو	اور	تم کھا جاتے ہو	میراث کا مال	خوب سمیٹ سمیٹ کر	اور	تم محبت کرتے ہو

الْمَالَ	حُبًّا	جَمًّا ۝	كَلَّا	إِذَا	دُكَّتِ	الْأَرْضُ	دَكًّا دَكًّا ۝	وَ	جَاءَ
مال سے	محبت	بہت زیادہ	ہرگز نہیں!	جب	کوٹ کر ہموار کر دی جائے گی	زمین	ریزہ ریزہ کر کے	اور	آئے گا

رَبُّكَ	وَ	الْمَلَكُ	صَفًّا صَفًّا ۝	وَ	جِايْءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ	يَوْمَئِذٍ	يَتَذَكَّرُ	الْإِنْسَانُ	وَ
آپ کا رب	اور	فرشتے	صف بہ صف	اور	اس دن جہنم لائی جائے گی	اس دن	یاد کرے گا	انسان (اپنے کرتوت)	اور

أَنَّى	لَهُ	الذِّكْرَى ۝	يَقُولُ	يَا لَيْتَنِي	قَدَّمْتُ	لِحَيَاتِي ۝	فَيَوْمَئِذٍ
کیونکر (مفید ہوگا)	اس کے لیے	یاد کرنا؟	وہ کہے گا	اے کاش!	میں نے آگے بھیجا ہوتا	اپنی (اس) زندگی کیلئے	چنانچہ اس دن

لَا	يُعَذِّبُ	عَذَابَهُ	أَحَدٌ ۝	وَ	لَا	يُوثِقُ	وَثَاقَهُ	أَحَدٌ ۝	يَا أَيَّتُهَا	النَّفْسُ	الْمُطْمَئِنَّةُ ۝
نہیں	عذاب دے گا	اس جیسا عذاب	کوئی بھی	اور	نہ	جکڑے گا	اس جیسا جکڑنا	کوئی بھی	اے	روح	اطمینان والی!

ارْجِعِي	إِلَى رَبِّكِ	رَاضِيَةً	مَرْضِيَّةً ۝	فَادْخُلِي	فِي عِبَادِي ۝	وَ	ادْخُلِي	جَنَّتِي ۝
تو لوٹ	اپنے رب کی طرف	راضی ہونے والی	پسندیدہ	پھر تو داخل ہو	میرے بندوں میں	اور	تو داخل ہو	میری جنت میں

سورۃ البلد ۹۰ مکیۃ — آیاتها ۲۰ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

لَآ اُقْسِمُ	بِهٰذَا	الْبَلَدِ ①	وَ	اَنْتَ	حِلٌّ	بِهٰذَا الْبَلَدِ ②	وَ	وَالِدٍ
میں قسم کھاتا ہوں	اس	شہر کی!	اور	آپ (کے لیے لڑائی)	حلال ہونے والی ہے	اس شہر میں	اور	(قسم ہے) والد کی

وَّ	مَا	وَلَدَ ③	لَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْ كَبَدٍ ④	اَ	يَحْسَبُ	اَنْ	لَّنْ
اور	جسے	اس نے جنا!	البتہ تحقیق	ہم نے پیدا کیا	انسان کو	بڑی مشقت میں	کیا	وہ سمجھتا ہے	یہ کہ	ہرگز نہیں

يَّقْدِرَ	عَلَيْهِ	اَحَدٌ ⑤	يَقُوْلُ	اَهْلَكْتُ	مَالًا	لُّبَدًا ⑥	اَ	يَحْسَبُ	اَنْ	لَّمْ	يَرَهٗٓ
قادر ہو سکے گا	اس پر	کوئی بھی؟	وہ کہتا ہے	میں نے لٹا دیا	مال	بہت زیادہ	کیا	وہ سمجھتا ہے	یہ کہ	نہیں	اسے دیکھا

اَحَدٌ ⑦	اَ	لَمْ	نَجْعَلْ	لَّهٗ	عَيْنَيْنِ ⑧	وَ	لِسَانًا	وَّ	شَفَتَيْنِ ⑨	وَ	هَدَيْنٰهُ
کسی نے بھی؟	کیا	نہیں	بنائیں ہم نے	اس کیلئے	دو آنکھیں	اور	ایک زبان	اور	دو ہونٹ؟	اور	بتلا دیے ہم نے اس کو

النَّجْدَيْنِ ⑩	فَلَا	اقْتَحَمَ	الْعَقَبَةَ ⑪	وَ	مَآ	اَدْرٰىكَ	مَا	الْعَقَبَةُ ⑫	فَكُّ
دونوں راستے	پھر نہیں	وہ داخل ہوا	دشوار گھاٹی میں	اور	کس چیز نے	خبر دی آپ کو	کیا ہے	وہ گھاٹی؟	(وہ) چھڑانا ہے

رَقَبَةٍ ⑬	اَوْ	اِطْعٰمٌ	فِيْ يَوْمٍ	ذِيْ مَسْغَبَةٍ ⑭	يَّتِيْمًا	ذَا مَقْرَبَةٍ ⑮	اَوْ	مِسْكِيْنًا	ذَا مَتْرَبَةٍ ⑯
گردن کا	یا	کھانا کھلانا	ایسے دن میں	جو بھوک والا ہے	کسی یتیم	قرابت دار کو	یا	مسکین	خاک نشین کو

ثُمَّ	كَانَ	مِنَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	تَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ	وَ
پھر	ہو وہ	ان لوگوں میں سے جو	ایمان لائے	اور	انھوں نے ایک دوسرے کو وصیت کی	صبر کرنے کی	اور

تَوَاصَوْا	بِالْمَرْحَمَةِ ⑰	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ⑱	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
انھوں نے ایک دوسرے کو وصیت کی	رحم کرنے کی	یہ لوگ	دائیں (ہاتھ) والے ہیں	اور	وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا

بِاٰيٰتِنَا	هُمْ	اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ⑲	عَلَيْهِمْ	نَارٌ	مُّؤْصَدَةٌ ⑳
ہماری آیتوں کے ساتھ	وہ	بائیں (ہاتھ) والے ہیں	ان پر	آگ (ہوگی)	(ہر طرف سے) بند کی ہوئی

سورۃ الشمس ۹۱ مکیۃ — آیاتها ۱۵ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَ	الشَّمْسِ	وَ	ضُحٰىهَا ①	وَ	الْقَمَرِ	اِذَا	تَلٰىهَا ②	وَ	النَّهَارِ	اِذَا
قسم ہے	سورج کی	اور	اس کی دھوپ چڑھنے کی!	اور	چاند کی	جب	وہ اس کے پیچھے آتا ہے	اور	دن کی	جب

جَلّٰىهَا	وَ	الَّيْلِ	اِذَا	يَغْشٰىهَا	وَ	السَّمَآءِ	وَ	مَا
وہ سورج کو روشن کر دیتا ہے	اور	رات کی	جب	وہ اسے ڈھانپ لیتی ہے	اور	آسمان کی	اور	اس ذات کی

بَنٰىهَا	وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	طَحٰىهَا	وَ	نَفْسٍ	وَّ	مَا
جس نے اس کو بنایا	اور	زمین کی	اور	اس ذات کی	جس نے اس کو بچھایا	اور	(انسانی) نفس کی	اور	اس ذات کی

سَوّٰىهَا	فَاَلْهَمَهَا	فُجُوْرَهَا	وَ	تَقْوٰىهَا	قَدْ	اَفْلَحَ	مَنْ
جس نے اسے ٹھیک ٹھاک کیا	پھر اسے الہام کی	اس کی بدکرداری	اور	اس کی پرہیزگاری	یقیناً	فلاح پا گیا	وہ جس نے

زَكّٰىهَا	وَ	قَدْ	خَابَ	مَنْ	دَسّٰىهَا ؕ	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	بِطَغْوٰىهَا	اِذِ
اس (نفس) کا تزکیہ کیا	اور	یقیناً	ناکام ہوا	وہ جس نے	اس (نفس) کو آلودہ کیا	جھٹلایا	(قوم) ثمود نے	اپنی سرکشی کی وجہ سے	جب

انْۢبَعَثَ	اَشْقٰىهَا	فَقَالَ	لَهُمْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	نَاقَةَ اللّٰهِ	وَ	سُقْيٰهَا ؕ
کھڑا ہوا	بڑا بدبخت اس (قوم) کا	تو کہا	ان سے	اللہ کے رسول نے	(تم حفاظت کرو) اللہ کی اونٹنی کی	اور	اس کو پانی پلانے کی

فَكَذَّبُوْهُ	فَعَقَرُوْهَا	فَدَمْدَمَ	عَلَيْهِمْ	رَبُّهُمْ	بِذَنْۢبِهِمْ
چنانچہ انھوں نے جھٹلایا اس کو	پھر انھوں نے اس (اونٹنی) کو مار ڈالا	تو تباہی ڈال دی	ان پر	ان کے رب نے	بوجہ ان کے گناہ کے

فَسَوّٰىهَا	وَ	لَا	يَخَافُ	عُقْبٰهَا
پھر برابر (ملیامیٹ) کر دیا ان کو	اور	نہیں	وہ ڈرتا	اس (تباہی) کے انجام سے

سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ (۹۲) — رکوعہا ۱ — آیاتہا ۲۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَ	الَّيْلِ	اِذَا	يَغْشٰى	وَ	النَّهَارِ	اِذَا	تَجَلّٰى	وَ	مَا	خَلَقَ	الذَّكَرَ
قسم ہے	رات کی	جب	وہ چھا جاتی ہے	اور	دن کی	جب	وہ روشن ہوتا ہے	اور	اس ذات کی جس نے	پیدا کیا	نر

وَ	الْاُنْثٰى	اِنَّ	سَعْيَكُمْ	لَشَتّٰى ؕ	فَاَمَّا	مَنْ	اَعْطٰى	وَ	اتَّقٰى	وَ	صَدَّقَ
اور	مادہ	بلاشبہ	تمھاری کوشش	البتہ مختلف ہے	چنانچہ لیکن	جس نے	دیا	اور	(اللہ سے) ڈرا	اور	اس نے تصدیق کی

بِالْحُسْنٰى	فَسَنُيَسِّرُهٗ	لِلْيُسْرٰى ؕ	وَ	اَمَّا	مَنْۢ	بَخِلَ	وَ	اسْتَغْنٰى	وَ	كَذَّبَ
نیک بات کی	تو یقیناً ہم اسے سہولت دیں گے	آسان راہ (نیکی) کیلیے	اور	لیکن	جس نے	بخل کیا	اور	بے پروا ہوا	اور	اس نے جھٹلایا

بِالْحُسْنٰى	فَسَنُيَسِّرُهٗ	لِلْعُسْرٰى ؕ	وَ	مَا	يُغْنِيْ	عَنْهُ	مَالُهٗۤ	اِذَا	تَرَدّٰى ؕ
نیک بات کو	تو یقیناً ہم اسے سہولت دیں گے	مشکل راہ (بدی) کیلیے	اور	نہیں	فائدہ کرے گا	اس کو	اس کا مال	جب	وہ (جہنم میں) گرے گا

إِنَّ	عَلَيْنَا	لَلْهُدٰى ⑫	وَ	إِنَّ	لَنَا	لَلْاٰخِرَةَ	وَ	الْاُوْلٰى ⑬
بلاشبہ	ہمارے ہی ذمے ہے	ہدایت دینا	اور	بلاشبہ	ہمارے ہی اختیار میں ہے	آخرت	اور	دنیا

فَاَنْذَرْتُكُمْ	نَارًا	تَلَظّٰى ⑭	لَا	يَصْلٰىهَآ	اِلَّا	الْاَشْقَى ⑮	الَّذِيْ
بالآخر میں نے تمہیں ڈرا دیا ہے	ایسی آگ سے	جو بھڑک رہی ہے	نہیں	اس میں داخل ہوگا	مگر	بڑا بدبخت ہی	وہ جس نے

كَذَّبَ	وَ	تَوَلّٰى ⑯	وَ	سَيُجَنَّبُهَا	الْاَتْقَى ⑰	الَّذِيْ	يُؤْتِيْ	مَالَهٗ	يَتَزَكّٰى ⑱
جھٹلایا	اور	روگردانی کی	اور	عنقریب دور رکھا جائے گا اس سے	بڑا پرہیزگار	وہ جو	دیتا ہے	اپنا مال	(تاکہ) وہ پاک ہو

وَ	مَا	لِاَحَدٍ	عِنْدَهٗ	مِنْ نِّعْمَةٍ	تُجْزٰى ⑲	اِلَّا	ابْتِغَآءَ
اور	نہیں ہے	کسی کا بھی	اس کے ہاں	کوئی احسان	(کہ) وہ (اس کا) بدلہ دیا جا رہا ہو	مگر (صرف)	چاہنے کے لیے

وَجْهِ	رَبِّهِ	الْاَعْلٰى ⑳	وَ	لَسَوْفَ	يَرْضٰى ㉑
چہرہ	اپنے رب	برتر کا	اور	یقیناً عنقریب	وہ (اللہ) راضی ہو جائے گا

سُوْرَةُ الضُّحٰى مكية — رکوعها ١ — آیاتها ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَ	الضُّحٰى ①	وَ	الَّيْلِ	اِذَا	سَجٰى ②	مَا	وَدَّعَكَ	رَبُّكَ	وَ
قسم ہے	چڑھتے دن کی!	اور	رات کی	جب	وہ چھا جائے	نہیں	چھوڑا آپ کو	آپ کے رب نے	اور

مَا	قَلٰى ③	وَ	لَلْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لَّكَ	مِنَ الْاُوْلٰى ④	وَ	لَسَوْفَ
نہ	وہ (آپ سے) ناراض ہوا	اور	یقیناً آخرت	بہت بہتر ہے	آپ کے لیے	دنیا سے	اور	البتہ عنقریب

يُعْطِيْكَ	رَبُّكَ	فَتَرْضٰى ⑤	اَلَمْ	يَجِدْكَ	يَتِيْمًا	فَاٰوٰى ⑥
عطا کرے گا آپ کو	آپ کا رب	(کہ) آپ راضی ہو جائیں گے	کیا نہیں	پایا (اس نے) آپ کو	یتیم	پھر اس نے جگہ دی؟

وَ	وَجَدَكَ	ضَآلًّا	فَهَدٰى ⑦	وَ	وَجَدَكَ	عَآئِلًا	فَاَغْنٰى ⑧
اور	اس نے پایا آپ کو	ناواقف راہ	پھر اس نے ہدایت دی	اور	اس نے پایا آپ کو	تنگ دست	تو اس نے غنی کر دیا

فَاَمَّا	الْيَتِيْمَ	فَلَا	تَقْهَرْ ⑨	وَ	اَمَّا	السَّآئِلَ	فَلَا	تَنْهَرْ ⑩	وَ	اَمَّا
لہذا	یتیم	تو نہ	سختی کیجیے اس پر	اور	لیکن	سائل	تو نہ	آپ جھڑکیے (اسے)	اور	لیکن

بِنِعْمَةِ	رَبِّكَ	فَحَدِّثْ ⑪
نعمت	اپنے رب کی	تو (اسے) بیان کیجیے

سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاح (۹۴) مَكِّيَّةٌ (۱۲) — آیاتها ۸ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

اَ	لَمْ	نَشْرَحْ	لَكَ	صَدْرَكَ ۝١	وَ	وَضَعْنَا	عَنْكَ	وِزْرَكَ ۝٢	الَّذِيْٓ
(اے نبی!) کیا	نہیں	کھول دیا ہم نے	آپ کیلئے	آپ کا سینہ؟	اور	ہم نے اتار دیا	آپ سے	آپ کا بوجھ	وہ جس نے

اَنْقَضَ	ظَهْرَكَ ۝٣	وَ	رَفَعْنَا	لَكَ	ذِكْرَكَ ۝٤	فَاِنَّ	مَعَ الْعُسْرِ	يُسْرًا ۝٥	اِنَّ
توڑ دی تھی	آپ کی کمر	اور	ہم نے بلند کر دیا	آپ کے لیے	آپ کا ذکر	پھر یقیناً	(ہر) تنگی کے ساتھ	آسانی ہے	بلاشبہ

مَعَ الْعُسْرِ	يُسْرًا ۝٦	فَاِذَا	فَرَغْتَ	فَانْصَبْ ۝٧	وَ	اِلٰى رَبِّكَ	فَارْغَبْ ۝٨
(ہر) تنگی کے ساتھ	آسانی ہے	چنانچہ جب	آپ فارغ ہو جائیں	تو محنت کیجیے	اور	اپنے رب کی طرف	چنانچہ رغبت کیجیے

ع

سُوْرَةُ التِّيْن (۹۵) مَكِّيَّةٌ (۲۸) — آیاتها ۸ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَ	التِّيْنِ	وَ	الزَّيْتُوْنِ ۝١	وَ	طُوْرِ	سِيْنِيْنَ ۝٢	وَ	هٰذَا	الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝٣	لَقَدْ
قسم ہے	انجیر کی!	اور	زیتون کی	اور	طور	سینا کی	اور	اس	پرامن شہر (مکہ) کی	البتہ یقیناً

خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝٤	ثُمَّ	رَدَدْنٰهُ	اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝٥	اِلَّا	الَّذِيْنَ
ہم نے پیدا کیا	انسان کو	بہترین شکل وصورت میں	پھر	ہم نے اس کو لوٹا (کر) دیا	پست تر پستوں سے بھی	مگر	وہ لوگ جو

اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَلَهُمْ	اَجْرٌ	غَيْرُ	مَمْنُوْنٍ ۝٦	فَمَا
ایمان لائے	اور	انھوں نے عمل کیے	نیک	تو ان کیلئے ہے	اجر	غیر	منقطع	پھر (اے انسان!) کونسی چیز

يُكَذِّبُكَ	بَعْدُ	بِالدِّيْنِ ۝٧	اَ	لَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَحْكَمِ	الْحٰكِمِيْنَ ۝٨
تجھے جھٹلانے پر (آمادہ) کرتی ہے	اس کے بعد	جزا کو؟	کیا	نہیں ہے	اللہ	بڑا حاکم	سب حاکموں سے؟

ع

سُوْرَةُ الْعَلَق (۹۶) مَكِّيَّةٌ (۱) — آیاتها ۱۹ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

اِقْرَاْ	بِاسْمِ رَبِّكَ	الَّذِيْ	خَلَقَ ۝١	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ	مِنْ عَلَقٍ ۝٢	اِقْرَاْ	وَ	رَبُّكَ
پڑھیے	اپنے رب کے نام سے	وہ جس نے	پیدا کیا	اس نے پیدا کیا	انسان کو	جمے ہوئے خون سے	پڑھیے	اور	آپ کا رب

الْاَكْرَمُ ۝٣	الَّذِيْ	عَلَّمَ	بِالْقَلَمِ ۝٤	عَلَّمَ	الْاِنْسَانَ	مَا	لَمْ	يَعْلَمْ ۝٥	كَلَّآ
بڑا کریم ہے	وہ ذات جس نے	(علم) سکھایا	قلم کے ذریعے سے	اس نے سکھایا	انسان کو	جو کچھ	نہیں	وہ جانتا تھا	یقیناً

إِنَّ	الْإِنْسَانَ	لَيَطْغَىٰ ۝٦	أَنْ	رَآهُ	اسْتَغْنَىٰ ۝٧	إِنَّ	إِلَىٰ رَبِّكَ
بلاشبہ	انسان	البتہ سرکشی کرتا ہے	(اس لیے) کہ	وہ اپنے آپ کو دیکھتا ہے	بے پروا	بلاشبہ	آپ کے رب (ہی) کی طرف

الرُّجْعَىٰ ۝٨	أَرَأَيْتَ	الَّذِي	يَنْهَىٰ ۝٩	عَبْدًا	إِذَا	صَلَّىٰ ۝١٠	أَرَأَيْتَ
واپسی ہے	بھلا بتلاؤ تو سہی	وہ شخص (ابوجہل) جو	روکتا ہے	ایک بندے (محمد ﷺ) کو	جب	وہ نماز پڑھتا ہے؟	بھلا بتلاؤ تو سہی

إِنْ	كَانَ	عَلَى الْهُدَىٰ ۝١١	أَوْ	أَمَرَ	بِالتَّقْوَىٰ ۝١٢	أَرَأَيْتَ	إِنْ	كَذَّبَ	وَ	تَوَلَّىٰ ۝١٣	أَ	لَمْ
اگر	ہو وہ (نمازی)	ہدایت پر	یا	وہ حکم دیتا ہو	تقویٰ کا؟	بھلا بتلاؤ تو سہی	اگر	اس نے جھٹلایا	اور	روگردانی کی؟	کیا	نہیں

يَعْلَمْ	بِأَنَّ	اللَّهَ	يَرَىٰ ۝١٤	كَلَّا	لَئِنْ	لَمْ	يَنْتَهِ	لَنَسْفَعًا
جانا اس نے	یہ کہ بلاشبہ	اللہ	(اسے) دیکھ رہا ہے؟	ہرگز نہیں!	البتہ اگر	نہ	رکا وہ	(تو) ہم ضرور گھسیٹیں گے (اسے)

بِالنَّاصِيَةِ ۝١٥	نَاصِيَةٍ	كَاذِبَةٍ	خَاطِئَةٍ ۝١٦	فَلْيَدْعُ	نَادِيَهُ ۝١٧	سَنَدْعُ
پیشانی کے بالوں سے (پکڑ کر)	پیشانی	جھوٹی	خطاکار	چنانچہ چاہیے کہ وہ بلالے	اپنی مجلس کو	عنقریب ہم بھی بلالیں گے

الزَّبَانِيَةَ ۝١٨	كَلَّا	لَا	تُطِعْهُ	وَ	اسْجُدْ	وَاقْتَرِبْ ۝١٩
عذاب کے فرشتوں کو	ہرگز نہیں!	نہ	اطاعت کریں آپ اس کی	اور	سجدہ کیجیے	اور (اللہ کا) قرب حاصل کیجیے

سُوْرَةُ الْقَدْرِ ۹۷ مکیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

آیاتها ٥

إِنَّا	أَنْزَلْنَاهُ	فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝١	وَ	مَا	أَدْرَاكَ	مَا	لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝٢
بلاشبہ ہم نے	نازل کیا اس (قرآن) کو	لیلۃ القدر میں	اور	کس چیز نے	خبر دی آپ کو	کیا ہے	لیلۃ القدر؟

لَيْلَةُ الْقَدْرِ	خَيْرٌ	مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝٣	تَنَزَّلُ	الْمَلَائِكَةُ	وَ	الرُّوحُ	فِيهَا
لیلۃ القدر	بہتر ہے	ایک ہزار مہینوں سے	نازل ہوتے ہیں	فرشتے	اور	روح (جبریل)	اس (رات) میں

بِإِذْنِ رَبِّهِمْ	مِنْ كُلِّ أَمْرٍ ۝٤	سَلَامٌ	هِيَ	حَتَّىٰ	مَطْلَعِ	الْفَجْرِ ۝٥
اپنے رب کے حکم سے	ہر کام کے لیے	سلامتی (ہی سلامتی) ہے	وہ (رات)	یہاں تک کہ	طلوع ہو	فجر

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ ۹۸ مدنیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

آیاتها ٨

لَمْ	يَكُنِ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ	وَ	الْمُشْرِكِينَ	مُنْفَكِّينَ	حَتَّىٰ
نہیں	تھے	وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا	اہل کتاب میں سے	اور	مشرکین	رکنے والے (کفر سے)	یہاں تک کہ

يَأْتِيَهُمُ	الْبَيِّنَةُ ۝١	رَسُوْلٌ	مِّنَ اللّٰهِ	يَتْلُوْا	صُحُفًا	مُّطَهَّرَةً ۝٢	فِيْهَا
آئے ان کے پاس	واضح دلیل	(یعنی) ایک رسول	اللہ کی طرف سے	وہ پڑھے	صحیفے	پاکیزہ	ان (صحیفوں) میں

كُتُبٌ	قَيِّمَةٌ ۝٣	وَ	مَا	تَفَرَّقَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ
احکام ہوں	درست معتدل	اور	نہیں	متفرق (مختلف) ہوئے	وہ لوگ جو	دیے گئے	کتاب (کبھی بھی)	مگر	بعد اس کے

مَا جَآءَتْهُمُ	الْبَيِّنَةُ ۝٤	وَ	مَآ	اُمِرُوْٓا	اِلَّا	لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ
کہ آئی ان کے پاس	واضح دلیل	حالانکہ	نہیں	وہ حکم دیے گئے	مگر	یہ کہ وہ عبادت کریں اللہ کی	خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے

الدِّيْنَ	حُنَفَآءَ	وَ	يُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	يُؤْتُوا	الزَّكٰوةَ	وَ	ذٰلِكَ	دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝٥	اِنَّ	الَّذِيْنَ
بندگی	یکسو ہوکر	اور	وہ قائم کریں	نماز	اور	ادا کریں	زکوٰۃ	اور	یہی ہے	دین سیدھی (ملت) کا	بلاشبہ	وہ لوگ جنھوں نے

كَفَرُوْا	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	وَ	الْمُشْرِكِيْنَ	فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	اُولٰٓئِكَ هُمْ
کفر کیا	اہل کتاب میں سے	اور	مشرکین	(وہ ہوں گے) آتش جہنم میں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہی لوگ ہیں

شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝٦	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	اُولٰٓئِكَ هُمْ	خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝٧
بدترین خلائق	بلاشبہ	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور	انھوں نے عمل کیے	نیک	یہی لوگ ہیں	بہترین خلائق

جَزَآؤُهُمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا
ان کی جزا ہے	ان کے رب کے ہاں	باغات	دائمی	چلتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ابد تک

رَضِيَ اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَ	رَضُوْا	عَنْهُ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَشِيَ	رَبَّهٗ ۝٨
اللہ راضی ہوا	ان سے	اور	وہ راضی ہوئے	اس (اللہ) سے	یہ (جزا)	اس شخص کے لیے ہے جو	ڈر گیا	اپنے رب سے

سورۃ الزلزال (۹۹) مدنیۃ — آیاتها ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

اِذَا	زُلْزِلَتِ	الْاَرْضُ	زِلْزَالَهَا ۝١	وَ	اَخْرَجَتِ	الْاَرْضُ	اَثْقَالَهَا ۝٢	وَ	قَالَ	الْاِنْسَانُ
جب	ہلائی جائے گی	زمین	خوب زور سے ہلایا جانا	اور	باہر نکال دے گی	زمین	اپنے بوجھ	اور	کہے گا	انسان

مَا	لَهَا ۝٣	يَوْمَئِذٍ	تُحَدِّثُ	اَخْبَارَهَا ۝٤	بِاَنَّ	رَبَّكَ	اَوْحٰى	لَهَا ۝٥
کیا ہوا	اس کو؟	اس دن	وہ بیان کرے گی	اپنی خبریں	اس لیے کہ بلاشبہ	آپ کا رب	وحی (حکم) کرے گا	اس کو

يَوْمَئِذٍ	يَّصْدُرُ	النَّاسُ	اَشْتَاتًا	لِّيُرَوْا	اَعْمَالَهُمْ ۝٦	فَمَنْ	يَّعْمَلْ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ
اس دن	لوٹیں گے	لوگ	متفرق (الگ الگ) ہوکر	تاکہ وہ دکھائے جائیں	اپنے اعمال	لہٰذا جو کوئی	کرے گا	ذرہ برابر

خَيْرًا	يَّرَهٗ ۟	وَ	مَنْ	يَّعْمَلْ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ	شَرًّا	يَّرَهٗ ۟
بھلائی	(تو) وہ دیکھ لے گا اس کو	اور	جو کوئی	کرے گا	ذرہ برابر	برائی	(تو) وہ بھی دیکھ لے گا اس کو

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مکیۃ ١٠٠ — آیاتها ١١ رکوعها ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَ	الْعٰدِيٰتِ	ضَبْحًا ۟	فَالْمُوْرِيٰتِ	قَدْحًا ۟	فَالْمُغِيْرٰتِ
قسم ہے	سرپٹ دوڑنے والوں (گھوڑوں) کی!	ہانپتے ہوئے	پھر آگ نکالنے والوں کی	سم مار کر	پھر حملہ کرنے والوں کی

صُبْحًا ۟	فَاَثَرْنَ	بِهٖ	نَقْعًا ۟	فَوَسَطْنَ	بِهٖ	جَمْعًا ۟	اِنَّ
صبح کے وقت	پھر وہ اڑاتے ہیں	اس وقت	غبار	پھر وہ درمیان میں گھس جاتے ہیں	اس وقت	(دشمن کی) جماعت میں	یقیناً

الْاِنْسَانَ	لِرَبِّهٖ	لَكَنُوْدٌ ۟	وَ	اِنَّهٗ	عَلٰى ذٰلِكَ	لَشَهِيْدٌ ۟	وَ	اِنَّهٗ	لِحُبِّ الْخَيْرِ
انسان	اپنے رب کا	بڑا ہی ناشکرا ہے	اور	بلاشبہ وہ	اس بات پر	(خود بھی) البتہ شاہد ہے	اور	بلاشبہ وہ	محبت مال میں (بھی)

لَشَدِيْدٌ ۟	اَفَلَا	يَعْلَمُ	اِذَا	بُعْثِرَ	مَا	فِي الْقُبُوْرِ ۟	وَ	حُصِّلَ
یقیناً بہت سخت ہے	کیا پھر نہیں	جانتا وہ	جب	نکال باہر کر دیا جائے گا	جو کچھ	قبروں میں ہے؟	اور	ظاہر کر دیا جائے گا

مَا	فِي الصُّدُوْرِ ۟	اِنَّ	رَبَّهُمْ	بِهِمْ	يَوْمَىِٕذٍ	لَّخَبِيْرٌ ۟
جو کچھ	سینوں میں ہے	بلاشبہ	ان کا رب	ان (کے حال) سے	اس دن	یقیناً خوب خبردار ہوگا

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مکیۃ ١٠١ — آیاتها ١١ رکوعها ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

اَلْقَارِعَةُ ۟	مَا	الْقَارِعَةُ ۟	وَ	مَا	اَدْرٰىكَ	مَا	الْقَارِعَةُ ۟	يَوْمَ	يَكُوْنُ
کھڑکھڑانے والی	کیا ہے	کھڑکھڑانے والی؟	اور	کس چیز نے	آپ کو خبر دی	(کہ) کیا ہے	کھڑکھڑانے والی؟	جس دن	ہو جائیں گے

النَّاسُ	كَالْفَرَاشِ	الْمَبْثُوْثِ ۟	وَ	تَكُوْنُ	الْجِبَالُ	كَالْعِهْنِ	الْمَنْفُوْشِ ۟	فَاَمَّا
لوگ (ایسے)	جیسے پروانے (پتنگے)	بکھرے ہوئے	اور	ہو جائیں گے	پہاڑ	(ایسے) جیسے رنگین اون	دھنکی ہوئی	چنانچہ لیکن

مَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِيْنُهٗ ۟	فَهُوَ	فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۟	وَ	اَمَّا	مَنْ	خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ ۟
جو شخص کہ	بھاری ہوگی	اس کی میزان	تو وہ	پسندیدہ زندگی میں ہوگا	اور	لیکن	جو شخص کہ	ہلکی ہوگی	اس کی ترازو

فَاُمُّهٗ	هَاوِيَةٌ ۟	وَ	مَا	اَدْرٰىكَ	مَا هِيَهْ ۟	نَارٌ	حَامِيَةٌ ۟
تو اس کا ٹھکانا	ہاویہ (گڑھا) ہوگا	اور	کس چیز نے	خبر دی آپ کو	کیا ہے وہ (ہاویہ)؟	(وہ) آگ ہے	سخت دہکتی ہوئی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

اَلْهٰىكُمُ	التَّكَاثُرُ ۝١	حَتّٰى	زُرْتُمُ	الْمَقَابِرَ ۝٢	كَلَّا	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ۝٣
تمھیں غافل کردیا	باہم کثرت کی خواہش نے	یہاں تک کہ	تم جا پہنچے	قبرستانوں میں	ہرگز نہیں!	عنقریب	تم جان لوگے

ثُمَّ	كَلَّا	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ۝٤	كَلَّا	لَوْ	تَعْلَمُوْنَ	عِلْمَ	الْيَقِيْنِ ۝٥	لَتَرَوُنَّ	الْجَحِيْمَ ۝٦	ثُمَّ
پھر	ہرگز نہیں!	عنقریب	تم جان لوگے	یقیناً	اگر	تم جان لو	جاننا	یقین کا	(تو) تم ضرور دیکھوگے	دوزخ کو	پھر

لَتَرَوُنَّهَا	عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝٧	ثُمَّ	لَتُسْــَٔلُنَّ	يَوْمَىِٕذٍ	عَنِ النَّعِيْمِ ۝٨
تم ضرور دیکھوگے اسے	یقین کی آنکھ سے	پھر	تم ضرور سوال کیے جاؤگے	اس دن	نعمتوں کی بابت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَ	الْعَصْرِ ۝١	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا
قسم ہے	زمانے کی!	بلاشبہ	انسان	البتہ خسارے میں ہے	سوائے	ان لوگوں کے جو	ایمان لائے	اور	انھوں نے عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ	وَ	تَوَاصَوْا	بِالْحَقِّ	وَ	تَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ ۝٣
نیک	اور	ایک دوسرے کو وصیت کی	حق کی	اور	ایک دوسرے کو وصیت کی	صبر کی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ	لِّكُلِّ	هُمَزَةٍ	لُّمَزَةِ ۝١	الَّذِيْ	جَمَعَ	مَالًا	وَّ	عَدَّدَهٗ ۝٢
ہلاکت ہے	واسطے ہر	عیب جو	غیبت کرنے والے کے	وہ جس نے	جمع کیا	مال	اور	اس کو گن (گن) کر رکھا

يَحْسَبُ	اَنَّ	مَالَهٗۤ	اَخْلَدَهٗ ۝٣	كَلَّا	لَيُنْۢبَذَنَّ	فِي الْحُطَمَةِ ۝٤	وَ
وہ سمجھتا ہے	(کہ) بلاشبہ	اس کا مال	اس کو ہمیشہ زندہ رکھے گا	ہرگز نہیں!	یقیناً وہ ضرور پھینکا جائے گا	حطمہ میں	اور

مَاۤ	اَدْرٰىكَ	مَا	الْحُطَمَةُ ۝٥	نَارُ اللّٰهِ	الْمُوْقَدَةُ ۝٦	الَّتِيْ	تَطَّلِعُ	عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝٧
کس چیز نے	خبر دی آپ کو	(کہ) کیا ہے	(وہ) حطمہ؟	اللہ (تعالیٰ) کی آگ ہے	بھڑکائی ہوئی	وہ جو	پہنچتی ہے	دلوں تک

اِنَّهَا	عَلَيْهِمْ	مُّؤْصَدَةٌ ۝٨	فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝٩
بلاشبہ وہ (آگ)	ان پر	(ہر طرف سے) بند کردی جائے گی	لمبے لمبے ستونوں میں

سُوْرَةُ الْفِيْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

أَ	لَمْ	تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِأَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝	أَ	لَمْ	يَجْعَلْ
کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	کیا سلوک	کیا	آپ کے رب نے	ہاتھی والوں کے ساتھ؟	کیا	نہیں	کر دیا تھا اس نے

كَيْدَهُمْ	فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝	وَّ	أَرْسَلَ	عَلَيْهِمْ	طَيْرًا	أَبَابِيْلَ ۝	تَرْمِيْهِمْ	بِحِجَارَةٍ
ان کی چال کو	بے کار؟	اور	اس نے بھیجے	ان پر	پرندے	جھنڈ کے جھنڈ	وہ پھینکتے تھے ان پر	کنکریاں

مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝	فَجَعَلَهُمْ	كَعَصْفٍ	مَّأْكُوْلٍ ۝
کنکری	سو اس (اللہ) نے کر دیا انہیں (ایسے)	جیسے بھوسا	کھایا ہوا

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

لِإِيْلٰفِ	قُرَيْشٍ ۝	إِلٰفِهِمْ	رِحْلَةَ	الشِّتَآءِ	وَالصَّيْفِ ۝	فَلْيَعْبُدُوْا	رَبَّ
بوجہ مانوس ہونے کے	قریش کے	مانوس ہونا ان کا	سفر سے	سردی	اور گرمی کے	لہٰذا چاہیے کہ وہ عبادت کریں	مالک کی

هٰذَا الْبَيْتِ ۝	الَّذِيْٓ	أَطْعَمَهُمْ	مِّنْ جُوْعٍ	وَّ	اٰمَنَهُمْ	مِّنْ خَوْفٍ ۝
اس گھر (کعبہ) کے	وہ ذات جس نے	کھانا کھلایا ان کو	بھوک میں	اور	امن دیا ان کو	خوف سے

سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

أَرَءَيْتَ	الَّذِيْ	يُكَذِّبُ	بِالدِّيْنِ ۝	فَذٰلِكَ	الَّذِيْ	يَدُعُّ
بھلا دیکھا آپ نے	اس شخص کو جو	جھٹلاتا ہے	جزا کو؟	تو یہ	وہ (شخص) ہے جو	دھکے دیتا ہے

الْيَتِيْمَ ۝	وَ	لَا	يَحُضُّ	عَلٰى طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ ۝	فَوَيْلٌ	لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝
یتیم کو	اور	نہیں	وہ شوق دلاتا	کھانا کھلانے پر	مسکین کو	چنانچہ ہلاکت ہے	(ان) نمازیوں کے لیے

الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنْ صَلَاتِهِمْ	سَاهُوْنَ ۝	الَّذِيْنَ	هُمْ	يُرَآءُوْنَ ۝
وہ جو	وہ	اپنی نماز سے	غفلت کرتے ہیں	وہ جو	وہ	دکھلاوا کرتے ہیں

وَ	يَمْنَعُوْنَ	الْمَاعُوْنَ ۝
اور	وہ روکتے ہیں	استعمال کی معمولی چیزیں بھی

سُوْرَةُ الْكَوْثَر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

إِنَّآ	أَعْطَيْنٰكَ	الْكَوْثَرَ ۝	فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ ۝
یقیناً ہم نے	عطا کی آپ کو	کوثر	تو آپ نماز پڑھیں	اپنے رب کے لیے	اور قربانی کریں

إِنَّ	شَانِئَكَ هُوَ	الْأَبْتَرُ ۝
بلاشبہ	آپ کا دشمن ہی	بے نام ونشان رہے گا

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	يٰٓأَيُّهَا	الْكٰفِرُوْنَ ۝	لَآ	أَعْبُدُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ ۝	وَ	لَآ	أَنْتُمْ	عٰبِدُوْنَ
آپ کہہ دیجیے	اے	کافرو!	نہیں	میں عبادت کرتا	جن (بتوں) کی	تم عبادت کرتے ہو	اور	نہ	تم	عبادت کرنے والے ہو

مَآ	أَعْبُدُ ۝	وَ	لَآ	أَنَا	عَابِدٌ	مَّا	عَبَدْتُّمْ ۝	وَ	لَآ
(اس کی) جس کی	میں عبادت کرتا ہوں	اور	نہ	میں (ہی)	عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم عبادت کرتے ہو	اور	نہ

أَنْتُمْ	عٰبِدُوْنَ	مَآ	أَعْبُدُ ۝	لَكُمْ	دِيْنُكُمْ	وَ	لِيَ	دِيْنِ ۝
تم (ہی)	عبادت کرنے والے ہو	(اس کی) جس کی	میں عبادت کرتا ہوں	تمہارے لیے	تمہارا دین ہے	اور	میرے لیے	میرا دین

سُوْرَةُ النَّصْر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللّٰهِ	وَ	الْفَتْحُ ۝	وَ	رَأَيْتَ	النَّاسَ	يَدْخُلُوْنَ	فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ
جب	آ جائے	اللہ کی مدد	اور	فتح	اور	آپ دیکھیں	لوگوں کو	(کہ) وہ داخل ہو رہے ہیں	اللہ کے دین میں

أَفْوَاجًا ۝	فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ	وَ	اسْتَغْفِرْهُ	إِنَّهُ	كَانَ	تَوَّابًا ۝
فوج در فوج	تو آپ تسبیح کیجیے	اپنے رب کی حمد کے ساتھ	اور	اس سے بخشش مانگیے	بلاشبہ وہ	ہے	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا

سُوْرَةُ اللَّهَب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

تَبَّتْ	يَدَآ	أَبِيْ لَهَبٍ	وَّ	تَبَّ ۝	مَآ	أَغْنٰى	عَنْهُ	مَالُهُ	وَ	مَا
ٹوٹ جائیں	دونوں ہاتھ	ابولہب کے	اور	وہ ہلاک ہو گیا	نہ	فائدہ دیا	اس کو	اس کے مال نے	اور	جو کچھ

تَبَّ ؕ ۝۱	سَيَصْلٰى	نَارًا	ذَاتَ لَهَبٍ ۝۳	وَّ	امْرَاَتُهٗ ؕ	حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝۴
اس نے کمایا	وہ ضرور داخل ہوگا	ایسی آگ میں	جو شعلوں والی ہے	اور	اس کی بیوی بھی	(جو) لکڑیاں ڈھونے والی ہے
فِيْ جِيْدِهَا	حَبْلٌ	مِّنْ مَّسَدٍ ۝۵				
اس کی گردن میں	رسی (ہوگی)	چھال کی بٹی ہوئی				

سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ ۱۱۲ — آیاتها ۴ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ ۝۱	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ ۝۲	لَمْ	يَلِدْ	وَ	لَمْ	يُوْلَدْ ۝۳
آپ کہہ دیجیے	وہ	اللہ	یکتا ہے	اللہ	بے نیاز ہے	نہیں	اس نے (کسی کو) جنا	اور	نہیں	وہ (خود) جنا گیا
وَ	لَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ ۝۴					
اور	نہیں	ہے	اس کا	ہمسر	کوئی بھی					

سُوْرَةُ الْفَلَقِ ۱۱۳ — آیاتها ۵ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱	مِنْ شَرِّ	مَا	خَلَقَ ۝۲	وَ	مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ
کہہ دیجیے	میں پناہ میں آتا ہوں	صبح کے رب کی	(ہر) اس چیز کے شر سے	جو	اس نے پیدا کی	اور	اندھیری رات کے شر سے

اِذَا	وَقَبَ ۝۳	وَ	مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ ۝۴	وَ	مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ	اِذَا	حَسَدَ ۝۵
جب	وہ چھا جائے	اور	پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے	گرہوں میں	اور	حسد کرنے والے کے شر سے	جب	وہ حسد کرے

سُوْرَةُ النَّاسِ ۱۱۴ — آیاتها ۶ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱	مَلِكِ النَّاسِ ۝۲	اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳
کہہ دیجیے	میں پناہ میں آتا ہوں	انسانوں کے رب کی	انسانوں کے بادشاہ کی	انسانوں کے معبود کی

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ ۝۴	الَّذِيْ	يُوَسْوِسُ	فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵
وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے	وہ جو (ذکر الٰہی کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے	وہ جو	وسوسہ ڈالتا ہے	لوگوں کے سینوں میں
مِنَ الْجِنَّةِ	وَ	النَّاسِ ۝۶		
جنوں میں سے	اور	انسانوں میں سے		

لفظ
بامعنی (موضوع)
بے معنی (مہمل)
مفرد (کلمہ)
مرکب
اسم
فعل
حرف
عامل
غیر عامل
مفید
غیر مفید
جملہ خبریہ
انشائیہ
اسمیہ
فعلیہ
شرطیہ
ظرفیہ
مرکب اضافی
مرکب اشاری
مرکب توصیفی
مرکب جاری
مضاف
مضاف الیہ
اشارہ
مشارالیہ
موصوف
صفت
جار
مجرور
زمانے کے اعتبار سے
ماضی
مضارع
امر
نہی
مفعول کے اعتبار سے
لازم
متعدی
فاعل کے اعتبار سے
فعل معروف
فعل مجہول
بناوٹی اقسام
مصدر
مشتق
جامد
اسم صفت
اسم ظرف
اسم آلہ
اسم فاعل
اسم مفعول
اسم تفضیل
اسم مبالغہ
صفت مشبہ
جنس کے اعتبار سے
مذکر
مؤنث
عدد کے اعتبار سے
واحد
تثنیہ
جمع
عموم وخصوص کے اعتبار سے
معرفہ
نکرہ
علم
ضمیر
موصول
اشارہ
معرف باللام
جو ان پانچوں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو
منادیٰ

براہ راست ترجمہ قرآن سیکھنے کے لیے
مختصر مگر جامع بنیادی قواعد اور عربی گرامر

حرکت: پیش، زبر اور زیر کو "حرکت" یا "اعراب" کہتے ہیں، عربی میں ان کے نام حسب ذیل ہیں:

- **رفع یا ضمہ:** پیش (ـُ) کو رفع یا ضمہ کہتے ہیں اور جس لفظ کے آخری حرف پر یہ حرکت آئے اسے "مرفوع" اور کبھی "مضموم" کہتے ہیں، جیسے: ﴿اَلْحَمْدُ﴾۔
- **نصب یا فتحہ:** زبر (ـَ) کو نصب یا فتحہ کہتے ہیں اور جس لفظ کے آخری حرف پر یہ حرکت آئے اسے "منصوب" اور کبھی "مفتوح" کہا جاتا ہے، جیسے: ﴿الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ﴾۔
- **جر یا کسرہ:** زیر (ـِ) کو جر یا کسرہ کہتے ہیں اور جس لفظ کے آخری حرف پر یہ حرکت آئے اسے "مجرور" اور کبھی "مکسور" کہتے ہیں، جیسے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾۔(1)

تنوین: دو پیش، دو زبر اور دو زیر کو "تنوین" کہا جاتا ہے۔ ان کی ادائیگی کے وقت [ن] کی آواز پیدا ہوتی ہے اور اس [ن] کو نون تنوین کہتے ہیں، مثلاً: يَوْمٌ، خَيْرًا، حَبْلٍ کو يَوْمُنْ، خَيْرَنْ اور حَبْلِنْ پڑھا جاتا ہے۔

سکون: حرکت کے نہ ہونے کی حالت کو "سکون" کہتے ہیں، اس کی علامت [ـْ] ہے جبکہ یہ علامتیں بھی مستعمل ہیں: [٥] [٨] انھیں جزم کہتے ہیں، جیسے: ﴿لَمْ يُنَبَّأْ﴾ "وہ خبر نہیں دیا گیا" جزم لفظ کے درمیان میں بھی آتی ہے اور آخر میں بھی۔

تشدید: علامت [ـّ] کا نام تشدید یا شدہ یا شد ہے، جس حرف پر یہ علامت ہو اسے مُشَدَّد کہتے ہیں اور وہ دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے، مثلاً: مُحَمَّدٌ میں دوسرا میم۔

مفرد (کلمہ)

کلمہ: جس لفظ (Word) سے کوئی معنی سمجھ میں آئیں اسے "کلمہ" کہتے ہیں۔ کلمہ کی تین قسمیں ہیں:

★ اسم ★ فعل ★ حرف

اسم (Noun): اسم وہ کلمہ ہے جو کسی کے نام یا صفت (اچھائی یا برائی) کو ظاہر کرے اور اپنے معنی از خود بیان کرے، مثلاً: مُحَمَّدٌ (تعریف کیا گیا)، أَرْضٌ (زمین)، قَمَرٌ (چاند)، بَابٌ (دروازہ)، صَادِقٌ (سچا)، صَالِحٌ (نیک)۔

(1) یاد رہے کہ ضمہ، فتح اور کسرہ مبنی کے لیے اور رفع، نصب اور جر معرب کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

فعل (Verb): فعل وہ کلمہ ہے جس میں ماضی، حال اور مستقبل میں سے کوئی زمانہ پایا جائے اور وہ اپنے معنی از خود بیان کرے، مثلاً: خَلَقَ ''اس نے پیدا کیا۔'' دَعَا ''اس نے پکارا یا دعا کی۔'' يَسْمَعُ ''وہ سنتا ہے یا سنے گا۔''

حرف (Preposition): حرف وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی بیان کرنے کے لیے اسم یا فعل کا محتاج ہو اور محض ربط کا فائدہ دے، مثلاً: بِ ''ساتھ'' فِی ''میں'' وَ ''اور''

نوٹ: اسم اور فعل کے پہچاننے کے لیے علامات مقرر ہیں جن کی مدد سے ہم انھیں ایک دوسرے سے ممتاز کر سکتے ہیں۔

* الف لام شروع میں آئے، جیسے: ﴿الصِّرَاطَ﴾ ''راستہ''۔
* آخر میں زیر آئے، جیسے: ﴿بِيَدِهِ الْخَيْرُ﴾ ''اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے۔'' یہاں اسم يَدِ مکسور ہے۔
* مضاف الیہ ہو، جیسے: ﴿هُدَى اللَّهِ﴾ ''اللہ کی ہدایت۔'' یہاں لفظ [اللّٰہ] مضاف الیہ ہے۔
* تنوین آئے، جیسے: ﴿جَزَاءً﴾ ''بدلہ''۔
* مسند الیہ ہو، جیسے: ﴿وَاللَّهُ خَبِيرٌ﴾ ''اور اللہ خوب خبر رکھنے والا ہے۔'' لفظ [اللّٰہ] مسند الیہ (مبتدا) ہے، جس کے بارے میں خبر دی جارہی ہے۔
* منسوب ہو، جیسے: ﴿أَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ﴾ ''کیا (کتاب) عجمی اور (رسول) عربی ہے۔'' أَعْجَمِی، أعجم سے منسوب ہے اور عَرَبِی، عرب سے۔
* تصغیر ہو، جیسے: ﴿قُرَيْشٍ﴾ یہ قَرْش کا اسم مُصغّر ہے۔
* تثنیہ ہو، جیسے: ﴿لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ﴾ ''دو یتیم بچوں کا۔''
* جمع ہو، جیسے: ﴿أَنْهَارٌ﴾ ''نہریں۔''
* موصوف ہو، جیسے: ﴿النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ﴾ ''مطمئن روح'' یہاں ''النفس'' موصوف ہے۔
* اس کے ساتھ تائے مربوط متحرکہ (ۃ) ملی ہوئی ہو، جیسے: ﴿مُسَلَّمَةٌ﴾ ''صحیح سالم''
* منادیٰ ہو، جیسے: ﴿يَا آدَمُ﴾ ''اے آدم!'' یہاں [یَا] حرف ندا ہے اور آدَمُ منادیٰ ہے۔

نوٹ: فعل بذاتہ جمع یا تثنیہ نہیں ہوتا بلکہ فاعل کے اعتبار سے تثنیہ یا جمع کہا جاتا ہے، جیسے: فَعَلَا يَفْعَلَانِ ''ان دو مردوں نے کیا' وہ دو مرد کرتے ہیں'' فَعَلُوا يَفْعَلُونَ ان سب مردوں نے کیا' وہ سب مرد کرتے ہیں۔

علاماتِ فعل

* شروع میں [قَدْ] ہو، جیسے: ﴿قَدْ خَلَتْ﴾ ''تحقیق گزر چکی۔''
* شروع میں سین ہو، جیسے: ﴿سَيَصْلَى نَارًا﴾ ''وہ ضرور آگ میں جائے گا۔''
* شروع میں سوف ہو، جیسے: ﴿فَسَوْفَ يَأْتِ اللّٰهُ بِقَوْمٍ﴾ ''تو عنقریب اللہ ایسی قوم لے آئے گا''
* شروع میں حرف جازم ہو، جیسے: ﴿لَمْ يَلِدْ﴾ ''اس نے کسی کو نہیں جنا۔''
* شروع میں حرف ناصب ہو جیسے ﴿فَإِن لَّم تَفعَلُوا وَلَن تَفعَلُوا﴾ ''پس اگر تم نے نہ کیا اور ہرگز نہیں کر سکتے'' اس میں ''لن'' حرف ناصب ہے۔
* آخر میں تائے ساکن ملی ہوئی ہو، جیسے: ﴿نَبَّأَتْ﴾ ''اس عورت نے خبر دی۔''
* آخر میں ضمیر متصل ہو، جیسے: ﴿أَنْعَمْتَ﴾ ''تو نے انعام کیا۔'' یہاں [تَ] ضمیر ہے جو فعل کے ساتھ متصل ہے۔
* امر ہو، جیسے: ﴿وَأْمُرْ أَهْلَكَ﴾ ''اور اپنے گھر والوں کو حکم دے۔''
* نہی ہو، جیسے: ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ﴾ ''(اے نبی!) اپنی زبان کو حرکت نہ دیں۔''

نوٹ: فعل کی آخری چار (4) علامات کی تفصیل کے لیے آخر میں فعل کی بحث دیکھیے۔

اسم (Noun)

کسی شخص، چیز یا جگہ کے نام کو ''اسم'' کہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل الفاظ عربی زبان میں اسم کہلاتے ہیں اور اُردو میں بھی بطور اسم استعمال ہوتے ہیں' مثلاً: کتاب، قلم، ورق، مسجد، نبی، رسول، امت، جماعت، حبیب، صدیق۔ اسماء کو عربی زبان میں دو طرح سے لکھا جاتا ہے:

1۔ ان کے شروع میں [اَلْ] لگا دیتے ہیں، جیسے: کتاب سے اَلْكِتَابُ، قلم سے اَلْقَلَمُ اور مسجد سے اَلْمَسْجِدُ ان کے معنی ہوں گے: خاص کتاب، خاص قلم، خاص مسجد۔ جیسے انگریزی میں ''The'' ہے تقریباً اسی طرح عربی میں [اَل] ہے۔ اگر حروف شمسیہ ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ل ن سے شروع ہونے والے اسماء سے پہلے [اَل] آئے تو ان حروف شمسیہ پر شد آئے گی اور ''ل'' ساکت (Silent) ہوگا' یعنی پڑھا نہیں جائے گا' جیسے: ﴿وَالشَّمْسِ﴾

''سورج کی قسم!'' حروف شمسیہ کے علاوہ جس حرف پر بھی [اَل] آئے وہاں لام پڑھا جائے گا' جیسے: ﴿ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ﴾ ''اور چاند کی (قسم!) جب وہ اس کے پیچھے آئے۔''

2۔ ان کے آخر میں تنوین: ـٌـ، ـٍـ، ـً لگائی جاتی ہے' جیسے: كِتَابٌ، أَجْرًا، كَزَرْعٍ (کھیتی کی طرح)، مَسْجِدٌ، خَلِيْلٌ (گہرا دوست۔)

نوٹ: ★ اسم نکرہ کے آخر میں عموماً تنوین آتی ہے، اگر اسم نکرہ کے شروع میں [اَلْ] لگا دیا جائے تو وہ معرفہ ہو جاتا ہے اس صورت میں اس کے آخر میں تنوین نہیں آتی' جیسے: كِتَابٌ (ایک کتاب) سے اَلْكِتَابُ (مخصوص کتاب۔)

★ اور مضاف پر بھی تنوین نہیں آتی' جیسے: ﴿ صِرَاطَ الَّذِيْنَ ﴾ ''راستہ اُن لوگوں کا'' اس کی وضاحت کے لیے اگلے صفحات آپ کے منتظر ہیں۔ اسی طرح اسم منادیٰ پر بھی تنوین نہیں آتی' جیسے: يَا رَجُلُ ''اے آدمی''

اسم کی بنیادی اقسام

اسم کی بنیادی اقسام تین ہیں: ★ مصدر ★ مشتق ★ جامد

1۔ **مصدر**: وہ اسم جو خود کسی لفظ سے نہیں بنتا' مگر اس سے بہت سے لفظ بنتے ہیں، مصدر کہلاتا ہے۔ مصدر کو کسی لفظ کا بنیادی مادہ بھی کہہ سکتے ہیں، جیسے: علم مصدر (مادہ) ہے اسی سے عَالِمٌ (علم والا) ہے اسی سے مَعْلُوْمٌ (جانا ہوا) ہے وغیرہ۔

2۔ **مشتق**: وہ اسم ہے جو مصدر سے بنتا ہے' جیسے: مذکورہ مثال میں عَالِمٌ یا مَعْلُوْمٌ ہیں۔ اس کی تین (3) قسمیں ہیں: ★ اسم صفت ★ اسم ظرف ★ اسم آلہ

★ **اسم صفت**: ایسا اسم جو کسی ذات کی صفت (اچھائی یا برائی) کو ظاہر کرے، جیسے: ﴿ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ﴾ ''آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا'' یہاں [فَاطِر] صفت کے معنی دے رہا ہے۔

اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں:

★ اسم فاعل ★ اسم مفعول ★ اسم تفضیل ★ اسم مبالغہ ★ صفت مشبہ

★ اسم فاعل: ایسا اسم مشتق ہے جو کام کرنے والے پر دلالت کرے، جیسے: نَاصِرٌ (مدد کرنے والا۔) اور یہ مادے کے پہلے حرف کے بعد [ا] کے اضافے اور دوسرے حرف کو کسرہ دینے سے بنتا ہے، جیسے: نَصْرٌ سے نَاصِرٌ ۔ اس کے چھ صیغے ہیں:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	نَاصِرٌ	نَاصِرَانِ	نَاصِرُوْنَ
مؤنث	نَاصِرَةٌ	نَاصِرَتَانِ	نَاصِرَاتٌ

اور اگر مصدر تین حروف سے زائد پر مشتمل ہے تو اس صورت میں اسم فاعل کے شروع میں ''میم'' مضموم ہوگا اور آخری حرف سے پہلا حرف مکسور ہوگا' جیسے: ﴿وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَالَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ﴾ ''اور جسے اللہ ذلیل کرے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں۔'' اس میں لفظ مُکْرِمٍ اسم فاعل ہے جو عزت دینے والے پر دلالت کر رہا ہے۔ جس کا مصدر إکرام ہے۔ اور اسی طرح ﴿وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ﴾ ''اور البتہ ایمان والی لونڈی مشرک عورت سے بہتر ہے۔'' یہاں مُؤْمِنَةٌ اور مُشْرِكَةٌ اسم فاعل ہیں گویا یہ مزید فیہ کا (اسم فاعل) فعل مضارع کی علامات کی جگہ میم مضموم اور آخری سے پہلے حرف کو مکسور کرنے سے بنتا ہے۔

نوٹ: ★ اسم فاعل کے تثنیہ کی صورت میں آخر میں [انِ] یا [یْنِ] اور جمع میں [وْنَ] یا [یْنَ] کا اضافہ اور واحد مؤنث کی صورت میں تائے تانیث [ۃ] اور جمع مؤنث کی صورت میں [ات] کا اضافہ ہوتا ہے۔

★ اسم فاعل اور فاعل میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل مقررہ اوزان پر مشتق ہوتے ہیں جبکہ صرف فاعل جملے میں آنے کی وجہ سے فاعل بنتا ہے' جیسے: ﴿خَتَمَ اللّٰهُ﴾ ''اللہ نے مہر لگا دی ہے۔'' میں لفظ ''اللّٰهُ'' فاعل ہے مگر اسم فاعل نہیں۔ فاعل مکمل جملہ بھی ہو سکتا ہے' نیز فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے جبکہ اسم فاعل پر اعراب کی تینوں حالتیں آسکتی ہیں' جیسے: ﴿وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا﴾ ''اور جو کوئی مومن کو قتل کرے۔'' یہاں مُؤْمِنًا بذاتِ خود اسم فاعل کا صیغہ ہے لیکن جملے میں یہ بطور مفعول استعمال ہو رہا ہے۔

★ اسم مفعول: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کے بارے میں بتائے جس پر فعل واقع ہو' جیسے: ﴿وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ﴾ ''اور (قسم ہے) حاضر ہونے والے اور حاضر کیے گئے کی!'' یہاں مَشْهُوْدٍ اسم مفعول ہے جو اس ذات پر دلالت کر رہا ہے جس کو حاضر کیا گیا ہے۔ اور یہ مادے کے شروع میں میم مفتوح اور آخر سے ماقبل حرف کے بعد ''وْ'' کا اضافہ کرنے سے بنتا ہے۔ اس کے بھی چھ (6) صیغے ہیں:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَنْصُوْرٌ	مَنْصُوْرَانِ	مَنْصُوْرُوْنَ
مؤنث	مَنْصُوْرَةٌ	مَنْصُوْرَتَانِ	مَنْصُوْرَاتٌ

اگر مصدر تین حروف سے زائد ہو تو اسم فاعل کی طرح اس کے شروع میں بھی ''میم'' مضموم ہوگا لیکن اسم فاعل اور اسم مفعول میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل میں تثنیہ وجمع کی علامات اور ضمائر کو چھوڑ کر آخری سے پہلا حرف مکسور ہوتا ہے جبکہ اسم مفعول میں مفتوح ہوتا ہے' جیسے: ﴿مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ﴾ ''محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔'' میں لفظ مُحَمَّدٌ اسم مفعول ہے' یعنی ''جس کی تعریف کی گئی ہو۔''

* اسم تفضیل: وہ اسم جو دوسروں کی نسبت کسی ذات کے برتر یا بدتر ہونے کو ظاہر کرے۔ اس کا صیغۂ مذکر اَفْعَلُ کے وزن پر اور صیغۂ مؤنث فُعْلٰی کے وزن پر آتا ہے، جیسے: ﴿اِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا﴾ "شراب اور جوئے کا گناہ ان کے نفع سے زیادہ بڑا ہے۔" یہاں اَكْبَرُ اسم تفضیل ہے۔ اسی طرح ﴿وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى﴾ "سب سے اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں۔" یہاں حُسْنٰى اسم تفضیل مؤنث کا صیغہ ہے۔

* اسم مبالغہ: اگر فاعل کے معنی میں صفت کی زیادتی یا تاکید پیش نظر ہو تو اس کو مبالغہ کہتے ہیں، مثلاً: علم مصدر سے عَلِيْمٌ (بہت جاننے والا) جبکہ اسم فاعل عَالِمٌ ہے جس کے معنی فقط "جاننے والے" کے ہیں۔ اسم مبالغہ کے بعض اوزان یہ ہیں: فَعُولٌ، فَعِيلٌ، فَعَّالٌ، فُعَّالٌ، جیسے: ﴿وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ میں لفظ غفور (بہت بخشنے والا) اور رحیم (انتہائی مہربان) مبالغے کے طور پر استعمال ہوئے ہیں۔ اسی طرح صِدِّيْق (بہت سچا) بروزن فِعِّيل مبالغے کا صیغہ ہے۔

اسم تفضیل اور اسم مبالغے میں فرق یہ ہے کہ تفضیل میں دوسروں کے مقابلے میں زیادتی کے معنی ہوتے ہیں اور مبالغے میں بذاتِ خود زیادتی کے معنی پائے جاتے ہیں۔

* صفت مشبہ: وہ اسم مشتق ہے جس میں صفت بطور ثبوت اور دوام پائی جائے، جیسے: جَمِيْلٌ سے ایسی ذات مراد ہوگی جس میں خوبصورتی کی صفت ہمیشہ برقرار رہے جبکہ اسم فاعل میں یہ صفت عارضی ہوتی ہے۔ اسی طرح كَرِيْمٌ اور شَرِيْفٌ کے صیغے بھی صفت مشبہ کے ہیں۔ اس کے بعض اوزان یہ ہیں: فَعِيْلٌ کے وزن پر حَسِيْنٌ (خوبصورت)، اور قَبِيْحٌ (بدصورت) اور "فَعَلٌ" کے وزن پر حَسَنٌ (اچھا) اور فَعْلٌ کے وزن پر حَقٌّ ہے کیونکہ یہ اصل میں حَقَقٌ تھا وغیرہ۔ یاد رہے کہ صفت مشبہ فعل لازم سے آتی ہے۔

* اسم ظرف وہ اسم مشتق ہے جو اس زمان یا مکان کو ظاہر کرے جس میں کام واقع ہو۔ یہ اسم، مادہ سے پہلے میم مفتوح لگانے سے بنتا ہے، مثلاً: مادہ حِلٌّ کے شروع میں میم مفتوح لگانے سے مَحِلٌّ بنے گا یہ اسم ظرف ہے، جیسے: ﴿ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ﴾ "پھر ان (قربانیوں) کے حلال ہونے کی جگہ قدیم گھر (بیت اللہ) کے پاس ہے۔" یہاں [مَحِلٌّ] (حلال ہونے کی جگہ) اسی طرح ﴿اِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ "مسجد حرام کی طرف" میں المسجد (سجدہ گاہ) اسم ظرف ہے۔ اسم ظرف بنانے کا تفصیلی طریقہ بڑی کتب نحو میں ملاحظہ فرمائیں۔

* اسم آلہ وہ اسم ہے جو کام کرنے کے آلے کو ظاہر کرے۔ یہ اسم مادے سے پہلے میم مکسور بڑھانے سے بنتا ہے، جیسے: ﴿وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ﴾ "اور اسی کے پاس غیب کی چابیاں ہیں۔" اور لفظ مَفَاتِحُ مِفْتَاحٌ (چابی، یعنی کھولنے کا آلہ) کی جمع ہے۔ اسم آلہ بنانے کا تفصیلی طریقہ بڑی کتب نحو میں ملاحظہ فرمائیں۔

3۔ جامد: وہ اسم جو نہ کسی لفظ سے بنا ہو نہ اس سے کوئی لفظ بنے، جیسے: فَرَسٌ "گھوڑا"

جنس کے اعتبار سے اسم کی اقسام

مذکر و مؤنث

(Masculine and Feminine)

مؤنث: وہ اسم جس میں علامت تانیث لفظی یا پوشیدہ طور پر موجود ہو۔ اور علامات تانیث تین ہیں: تائے مربوطہ [ۃ]، جیسے: مُسْلِمَۃٌ ، الف مقصورہ زائدہ، یعنی کھڑا زبر جو اسم تفضیل مؤنث کے صیغے میں یا مؤنث کی صفت کی صورت میں ہوتا ہے، جیسے: [عُظْمٰی] "سب سے بڑی"، [حُبْلٰی] "حاملہ"۔ اس کے علاوہ الف مقصورہ مؤنث کی علامت نہیں ہے، جیسے: [مُوسٰی] پر الف مقصورہ تو ہے لیکن یہ مؤنث نہیں اور الف ممدودہ "اء" جیسے: اَلزَّهْرَاءُ (آب و تاب والی) اور اس علامت کا ایک ہی وزن ہے اور وہ [فَعْلَاءُ] ہے، جیسے: [حَمْرَاءُ] "سرخ رنگ کی" [زَرْقَاءُ] "نیلی" قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ﴾ "وہ گائے زرد رنگ کی ہو۔" اور پوشیدہ علامتِ تانیث کی مثال [أَرْض] ہے، جیسے: ﴿أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً﴾ میں [أَرْض] کو مؤنث استعمال کیا گیا ہے جبکہ علامت تانیث لفظوں میں نہیں ہے۔

مذکر: وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ پائی جائے، مثلاً: مُؤْمِنٌ ، شَرِيْفٌ

* **باعتبار ذات مؤنث کی اقسام:** ذات کے اعتبار سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں: * مؤنث حقیقی * مؤنث لفظی

1۔ **مؤنث حقیقی:** وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار نر ہو، خواہ تانیث کی علامت ہو یا نہ ہو، جیسے: ﴿وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ﴾ "اور ان (عیسیٰ علیہ السلام) کی والدہ صدیقہ تھیں۔" یہاں لفظ [أُمّ] مؤنث استعمال ہوا ہے اگرچہ اس میں مؤنث کی علامت نہیں ہے۔

2۔ **مؤنث لفظی:** وہ مؤنث جس کے مقابلے میں جاندار نر نہ ہو۔

نوٹ: مؤنث حقیقی کے لیے بولا جانے والا لفظ مؤنث ہی ہوگا، جیسے: [أُمٌّ] "ماں" اور مذکر کے لیے بولا جانے والا لفظ مذکر ہی ہوگا، خواہ اس میں تانیث کی علامت پائی جائے، جیسے: طَلْحَةُ، حَمْزَةُ تائے تانیث کے باوجود یہ مذکر ہی استعمال ہوں گے کیونکہ یہ مذکر ہی کے لیے بنائے گئے ہیں۔

* **باعتبار علامت مؤنث کی اقسام:** جس اسم میں نر اور مادے کا تصور موجود نہ ہو، اس کی تذکیر و تانیث پہچاننے کے لیے علامات تانیث مدنظر رکھی جاتی ہیں۔ اس لحاظ سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں: * مؤنث قیاسی * مؤنث سماعی

1۔ **مؤنث قیاسی:** وہ مؤنث جس میں علامتِ تانیث لفظوں میں موجود ہو مؤنث قیاسی کہلاتی ہے، جیسے: ﴿اَلْقَارِعَةُ﴾ مؤنث قیاسی ہے۔ مذکر اسم جو کسی صفت (خوبی یا خامی) کو ظاہر کر رہا ہو، اس سے مؤنث بنانے کے لیے عام طور پر اس کے آخر میں [ۃ] لگا دیتے ہیں، جیسے: قاری سے قاریہ [قَارِئَة]، عالم سے عالمہ اور عابد سے عابدہ، اسی طرح:

مؤنث			مذکر	
سجدہ کرنے والی	سَاجِدَةٌ	سے	سجدہ کرنے والا	سَاجِدٌ
گواہی دینے والی	شَاهِدَةٌ	سے	گواہی دینے والا	شَاهِدٌ
توبہ کرنے والی	تَائِبَةٌ	سے	توبہ کرنے والا	تَائِبٌ

2۔ **مؤنث سماعی:** عربی میں مندرجہ ذیل الفاظ بھی مؤنث استعمال ہوتے ہیں، اگرچہ ان کے آخر میں تانیث کی "ۃ" نہیں انہیں مؤنث سماعی کہتے ہیں، جیسے:

شَمْسٌ (سورج)، أَرْضٌ (زمین)، خَمْرٌ (شراب)، نَارٌ (آگ)، دَارٌ (گھر)، سُوْقٌ (بازار)، رِيْحٌ (ہوا)

- جسم کے جوڑا جوڑ اعضا بھی مؤنث استعمال ہوتے ہیں جیسے:

يَدٌ (ہاتھ)، رِجْلٌ (ٹانگ)، عَيْنٌ (آنکھ)، أُذُنٌ (کان)، قَدَمٌ (پاؤں)

- عربی میں شہروں اور ملکوں کے نام بھی مؤنث استعمال ہوتے ہیں جیسے: لاہور، دمشق، پاکستان، مصر، شام۔
- جہنم کے نام بھی مؤنث استعمال ہوتے ہیں جیسے: ﴿إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا﴾ "بے شک جہنم گھات کی جگہ ہے۔"
- خاندان کے بعض افراد أُمٌّ (ماں)، عَرُوْسٌ (دلہن) وغیرہ

نوٹ: خَلِيْفَةٌ، عَلَّامَةٌ وغیرہ مذکر ہیں کیوں کہ یہ الفاظ صرف مردوں کے لیے بولے جاتے ہیں، یہ [ۃ] کی وجہ سے مؤنث نہ سمجھے جائیں۔

عدد کے اعتبار سے اسم کی اقسام

عدد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں: ★ واحد ★ تثنیہ ★ جمع

واحد: وہ اسم جو ایک فرد یا چیز کے لیے استعمال ہو، واحد (مفرد) کہلاتا ہے، جیسے: کتاب، قلم وغیرہ

تثنیہ: ایسا اسم جو دو افراد یا اشیاء کے لیے استعمال ہو تثنیہ کہلاتا ہے جیسے: دو کتابیں، دو قلمیں، دو آدمی
عربی میں دو کے لیے اسم کے آخر میں [ان] یا [یْن] لگاتے ہیں، جیسے:

قَمِيْصٌ (ایک قمیص) سے قَمِيْصَانِ یا قَمِيْصَيْنِ (دو قمیص)

كَلِمَةٌ سے كَلِمَتَانِ یا كَلِمَتَيْنِ، أَخٌ (بھائی) سے أَخَوَانِ یا أَخَوَيْنِ

جمع: ایسا اسم جو تین یا اس سے زیادہ افراد یا اشیاء کے لیے استعمال ہو، جمع کہلاتا ہے، جیسے:

کتاب سے کتب، قلم سے اقلام وغیرہ

عربی میں مذکر کی جمع سالم بنانے کے لیے اسم کے آخر میں [ـُوْنَ] یا [ـِیْنَ] لگاتے ہیں، جیسے:

واحد	جمع (رفعی حالت)	(نصبی / جری حالت)	معنی
مُسْلِمٌ سے	مُسْلِمُوْنَ یا	مُسْلِمِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ مسلمان
كَافِرٌ سے	كَافِرُوْنَ یا	كَافِرِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ کافر
جَاهِلٌ سے	جَاهِلُوْنَ یا	جَاهِلِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ جاہل
عَالِمٌ سے	عَالِمُوْنَ یا	عَالِمِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ عالم

مونث کی جمع

عربی زبان میں مونث کی جمع بنانے کے لیے واحد کے آخر میں ات/ اٹ لگاتے ہیں جیسے: مُسْلِمٌ (مسلمان مرد) سے مُسْلِمَاتٌ (مسلمان عورتیں)، جَاهِلٌ (جاہل مرد) سے جَاهِلَاتٌ (جاہل عورتیں)، اَلْمُؤْمِنُ (مومن مرد) سے اَلْمُؤْمِنَاتُ (مومن عورتیں)، كَاتِبٌ (لکھنے والا) سے كَاتِبَاتٌ (لکھنے والی عورتیں)

نوٹ: [ـُوْنَ] یا [ـِیْنَ] سے بنائی ہوئی جمع کو جمع مذکر سالم اور [ات] سے بنائی ہوئی جمع کو جمع مونث سالم کہتے ہیں کیونکہ ان صورتوں میں واحد کا صیغہ اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے صرف آخر میں اضافہ ہوتا ہے۔

اکثر اسماء جمع میں مخصوص اوزان پر آتے ہیں، ان کی مختصر فہرست یہاں دی جاتی ہے:

أَفْعَالٌ	فُعَلٌ	فُعَلَاءُ	مَفَاعِلُ اور مَفَاعِيلُ
فُعُوْلٌ	أَفْعُلٌ	أَفْعِلَةٌ	فَعَائِلُ اور فَعَالِيلُ
فِعَالٌ	فُعَّالٌ	أَفْعِلَاءُ	

جمع کے بعض مقررہ اوزان کی تفصیل اور مثالیں درج ذیل ہیں (ان میں سے اکثر الفاظ اُردو میں پائے جاتے ہیں):

أَفْعَالٌ [أ ف ع ا ل]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
وَلَدٌ	بیٹا	أَوْلَادٌ	عَمَلٌ	کام	أَعْمَالٌ
طِفْلٌ	لڑکا	أَطْفَالٌ	صَاحِبٌ	دوست	أَصْحَابٌ

فُعُوْلٌ [ف ع و ل]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
شَاهِدٌ	گواہ	شُهُوْدٌ	مَلِكٌ	بادشاہ	مُلُوْكٌ
قَلْبٌ	دل	قُلُوْبٌ	بُرْجٌ	برج	بُرُوْجٌ

فِعَالٌ [ف ع ا ل]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
حَسَنٌ	خوب صورت	حِسَانٌ	رَجُلٌ	مرد	رِجَالٌ
عَبْدٌ	بندہ	عِبَادٌ	جَبَلٌ	پہاڑ	جِبَالٌ

فُعُلٌ [ف ع ل]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
رَسُوْلٌ	پیغمبر	رُسُلٌ	كِتَابٌ	کتاب	كُتُبٌ
عِمَادٌ	ستون	عُمُدٌ	سَبِيْلٌ	راستہ	سُبُلٌ

فُعَّالٌ [ف ع ع ا ل]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
جَاهِلٌ	بے وقوف	جُهَّالٌ	كَافِرٌ	کافر (منکر)	كُفَّارٌ

أَفْعُلٌ [أ ف ع ل]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
نَهْرٌ	دریا	أَنْهُرٌ	رِجْلٌ	ٹانگ	أَرْجُلٌ
بَحْرٌ	سمندر	أَبْحُرٌ	شَهْرٌ	مہینہ	أَشْهُرٌ

فُعَلَاءُ [ف ع ل ا ء]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
شَرِيْفٌ	شریف	شُرَفَاءُ	ضَعِيْفٌ	کمزور	ضُعَفَاءُ
شَاعِرٌ	شاعر	شُعَرَاءُ	عَالِمٌ	علم والا	عُلَمَاءُ

أَفْعِلَةٌ [أ ف ع ل ة]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
طَعَامٌ	کھانا	أَطْعِمَةٌ	فُؤَادٌ	دل	أَفْئِدَةٌ
لِسَانٌ	زبان	أَلْسِنَةٌ	إِلٰهٌ	معبود	آلِهَةٌ

أَفْعِلَاءُ [أ ف ع ل ا ء]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
نَبِيٌّ	پیغمبر	أَنْبِيَاءُ	غَنِيٌّ	دولت مند	أَغْنِيَاءُ
تَقِيٌّ	پرہیزگار	أَتْقِيَاءُ	ذَكِيٌّ	ذہین، ہوشیار	أَذْكِيَاءُ

مَفَاعِلُ [م ف ا ع ل] اور مَفَاعِيْلُ [م ف ا ع ی ل]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
مَسْجِدٌ	مسجد	مَسَاجِدُ	مِصْبَاحٌ	چراغ	مَصَابِيْحُ
مِفْتَاحٌ	چابی	مَفَاتِحُ / مَفَاتِيْحُ	مَقْعَدٌ	سیٹ	مَقَاعِدُ

فَعَالِلُ [فَ عَ ا لِ لُ] اور فَعَالِيْلُ [فَ عَ ا لِ ی لُ]

جمع	معنی	واحد	جمع	معنی	واحد
كَوَاكِبُ	ستارہ	كَوْكَبٌ	دَرَاهِمُ	چاندی کا سکہ	دِرْهَمٌ
قَرَاطِيْسُ	کاغذ	قِرْطَاسٌ	حَوَادِثُ	حادثہ	حَادِثَةٌ

عموم وخصوص کے اعتبار سے اسم کی اقسام

اسم نکرہ اور اسم معرفہ

(Common Noun and Proper Noun)

اسم نکرہ: عام نام کو اسم نکرہ کہتے ہیں یعنی ایک ہی طرح کی کئی چیزوں کے عمومی نام، جیسے: قَلَمٌ (ایک قلم) كِتَابٌ (ایک کتاب) كُرْسِيٌّ (ایک کرسی۔)

اسم معرفہ: خاص نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں، مثلاً: مُحَمَّدٌ، إِبْرَاهِيْمُ، مَكَّةُ۔

اسم معرفہ کی سات اقسام ہیں:

1۔ **اسم علم:** وہ اسم جو کسی خاص آدمی، خاص شہر یا خاص چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو، جیسے: محمد، مکہ، زمزم

2۔ **اسم ضمیر:** اسم ضمیر ایسا اسم ہے جو کسی نام کی جگہ استعمال کیا جائے، جیسے: ﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ﴾ "وہ اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔" میں "هُوَ" اسم ضمیر ہے۔

ضمائر کی گردان یہ ہے:

	مذکر	مؤنث	مذکر حاضر	مؤنث حاضر	مذکر ومؤنث متکلم
واحد	هُوَ (وہ/اس)	هِيَ (وہ/اس)	أَنْتَ (تو/تم/آپ)	أَنْتِ (تو/تم/آپ)	أَنَا (میں)
تثنیہ	هُمَا (وہ دونوں/ان دونوں)	هُمَا (وہ دونوں/ان دونوں)	أَنْتُمَا (آپ دونوں/تم دونوں)	أَنْتُمَا (آپ دونوں/تم دونوں)	نَحْنُ
جمع	هُمْ (وہ سب/ان سب)	هُنَّ (وہ سب/ان سب)	أَنْتُمْ (تم سب/آپ سب)	أَنْتُنَّ (تم سب/آپ سب)	(ہم/ہم سب)

اور اسی طرح إِيَّاكَ وغیرہ بھی ضمائر ہیں۔ اور کچھ ضمائر فعل کے ساتھ متصل ہوتی ہیں جیسا کہ فعل کی بحث میں ماضی اور مضارع

کی علامات سے واضح ہے۔

3۔ **اسم اشارہ:** اس کی بحث آگے آ رہی ہے۔

4۔ **اسم موصول:** اسم موصول ایسے اسم کو کہتے ہیں جو اپنے صلے سے مل کر جملے کا جز بنتا ہے، جیسے: ﴿اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ﴾ ''جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔'' اس کا ترجمہ پڑھنے سے مفہوم ابھی واضح نہیں ہوا، یہ سوال باقی ہے کہ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں وہ کون لوگ ہیں؟ ان کا انجام کیسا ہوگا؟ وغیرہ اس سے ظاہر ہوا کہ یہ جملے کا حصہ ہیں کیونکہ اگر جملہ مکمل ہو تو اس سے ایک مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ اور یہاں ﴿یُؤْمِنُوْنَ﴾، ﴿اَلَّذِیْنَ﴾ کا صلہ ہے۔ عام اسمائے موصولہ یہ ہیں:

مذکر	اَلَّذِیْ	اَلَّذَانِ	اَلَّذِیْنَ
مؤنث	اَلَّتِیْ	اَللَّتَانِ	اَللَّاتِیْ

نوٹ: اردو میں ان کے معنی عموماً جو، جس، جسے، جنھیں وغیرہ سے ہوتے ہیں۔

5۔ **معرف باللام:** وہ اسم جس پر [الْ] آئے معرف باللام کہلاتا ہے۔ اس کی بحث بھی شروع میں ہو چکی ہے۔

6۔ **وہ اسم نکرہ** جو ان پانچوں اقسام میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو وہ بھی معرفہ ہو جائے گا، جیسے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ﴾ ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔'' یہاں لفظ ''ربّ'' نکرہ ہے لیکن ''العٰلمین'' کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ ہے، اسی طرح لفظ ''عبد'' نکرہ ہے لیکن جب یہ ''الرّحمٰن'' کی طرف مضاف ہو، جو معرف باللام ہونے کی وجہ سے معرفہ ہے، تو لفظ ''عبد'' بھی معرفہ ہو جائے گا۔

7۔ **مُنادٰی:** ایسا اسم جس کو حروف ندا، (یا ''اے'' وغیرہ) کے ذریعے سے پکارا جائے، جیسے: ﴿یٰزَکَرِیَّا﴾ ''اے زکریا!'' اور کبھی حرف ندا محذوف بھی ہوتا ہے، جیسے: ﴿رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا﴾ ''اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے۔''

اعراب

اعراب سے یہ تعین ہوتا ہے کہ کلام میں فعل (Verb)، فاعل (Subject) اور مفعول (Object) کون کون سے ہیں؟

مثلاً: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ﴾ ''اور جب ابراہیم (علیہ السلام) کو اس کے رب نے آزمایا۔'' اس آیت میں لفظ ''ابراہیم'' پر نصب (ـَـ) نے واضح کیا ہے کہ یہ مفعول ہے اور ''رَبُّهٗ'' پر رفع سے پتہ چلا کہ یہ فاعل ہے۔

اردو میں فاعل کے بعد عموماً ''نے'' اور مفعول کے بعد عموماً ''کو'' استعمال ہوتا ہے۔

مرفوعات کی اقسام

عربی میں فاعل کی علامت رفع (پیش) ہے اور جس کلمے کے آخر میں پیش ہو وہ مرفوع کہلاتا ہے، مثلاً: ﴿وَقَالَ الرَّسُوْلُ﴾ میں "الرَّسُوْلُ" پر رفع ہے۔ یہ علامت ہے کہ "قَالَ" فعل کا فاعل لفظ "الرَّسولُ" ہے۔ اسی لیے قاعدہ ہے: كُلُّ فَاعِلٍ مَرْفُوْعٌ وَكُلُّ مَفْعُوْلٍ مَنْصُوْبٌ "ہر فاعل مرفوع اور ہر مفعول منصوب ہوتا ہے۔"

فاعل کے علاوہ اور بھی کئی کلمات ہیں جو مرفوع ہوتے ہیں، مثلاً: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ﴾ میں الحَمْدُ مرفوع ہے لیکن یہ فاعل نہیں۔ اور اعراب کی اس حالت کو حالت رفعی کہا جاتا ہے۔ اور مرفوعات کی آٹھ اقسام ہیں:

1- **فاعل:** وہ ذات جس سے فعل واقع ہو، جیسے: ﴿يَتُوْبُ اللّٰهُ﴾ "اللہ توبہ قبول فرماتا ہے۔"

2- **نائب فاعل:** ایسا مفعول جس کو فاعل کی جگہ پر لایا گیا ہو، جیسے: ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ﴾ "اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے۔" یہاں [مَثَلٌ] نائب فاعل ہے۔

3- **مبتدا:** جس اسم سے جملے کی ابتدا ہو وہ مبتدا کہلاتا ہے اور یہ عموماً معرفہ ہوتا ہے، جیسے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ﴾ یہاں جملے کی ابتدا اسم اَلْحَمْدُ سے ہو رہی ہے، لہٰذا یہ مبتدا ہے اور ایسے جملے کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔

4- **خبر:** جملہ اسمیہ (جو جملہ اسم سے شروع ہو رہا ہے) کے دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں، جیسے: ﴿اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾ "اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔" اس آیت میں لفظ "اَللّٰہُ" مبتدا اور "نُورٌ" خبر ہے۔

5- **إِنَّ وغیرہ کی خبر:** جملہ اسمیہ کے شروع میں جب "إِنَّ" تاکید کے لیے آتا ہے تو مبتدا کو إِنَّ کا اسم اور خبر کو إِنَّ کی خبر کہا جاتا ہے۔ إِنَّ وغیرہ کا اسم منصوب اور خبر مرفوع ہوتی ہے، جیسے: ﴿اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ "بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا انتہائی مہربان ہے۔" یہاں لفظ [اَللّٰهَ] منصوب ہے کیونکہ یہ "إِنَّ" کا اسم ہے۔ اور [غَفُوْرٌ] مرفوع ہے کیونکہ یہ خبر ہے۔

6- **كَانَ وغیرہ کا اسم:** جملہ اسمیہ پر لفظ "كَانَ" آئے تو مبتدا "كَانَ" کا اسم کہلاتا ہے اور خبر "كَانَ" کی خبر کہلاتی ہے۔ اور "كَانَ" کا اسم ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے اور خبر ہمیشہ منصوب ہوتی ہے، جیسے: ﴿كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا﴾ "اللہ بہت جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے۔"

7- **مَا اور لَا کا اسم:** یہ بھی مرفوع اور اس کی خبر منصوب ہوتی ہے، جیسے: ﴿مَا هٰذَا بَشَرًا﴾ "یہ (یوسف) بشر نہیں۔"

نوٹ: اگرچہ "هٰذَا" بظاہر مرفوع نہیں لیکن حقیقت میں یہ مرفوع ہے جسے مرفوع تقدیری کہتے ہیں۔

8- **لائے نفی جنس کی خبر:** یعنی وہ "لا" جس کے ذریعے سے پوری جنس کی نفی کی گئی ہو، جیسے: ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ﴾ میں لفظ "اللّٰہُ" مرفوع ہے۔ اور [لَا] سے تمام معبودانِ باطلہ کی نفی ہے اس وجہ سے اسے لائے نفی جنس کہا جاتا ہے۔

منصوبات کی اقسام

عربی زبان میں مفعول کی علامت نصب (ـَ) ہے اور جس کلمے کے آخر میں یہ علامت آئے، اسے منصوب کہتے ہیں۔ مثلاً: ﴿فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ﴾ "چنانچہ فرعون نے رسول (موسیٰ) کی نافرمانی کی۔" یہاں [اَلرَّسُوْلَ] پر نصب سے پتا چلا کہ یہ مفعول ہے' یعنی ان کی نافرمانی کی گئی ہے' مگر عربی میں مفعول کے علاوہ کچھ اور الفاظ بھی منصوب استعمال ہوتے ہیں، جیسے: ﴿وَلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا﴾ "اور لیکن وہ (ابراہیم) حق پرست تھے۔" میں [حَنِيْفًا] منصوب ہے لیکن مفعول نہیں' اعراب کی اس حالت کو حالتِ نصبی کہتے ہیں' اور منصوبات کی بارہ (۱۲) اقسام ہیں:

1۔ **مفعول بہ:** جس اسم پر فاعل کا فعل واقع ہو وہ مفعول بہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿وَلَا تُبْطِلُوْا اَعْمَالَكُمْ﴾ "اپنے اعمال ضائع نہ کرو۔" یہاں [اَعْمَالَ] مفعول بہ ہے۔

2۔ **مفعول مطلق:** وہ مصدر جو اپنے ہی فعل کے بعد تاکید کے لیے' یا اس کا عدد' یا نوع بیان کرنے کے لیے آئے' مفعول مطلق کہلاتا ہے' جیسے: ﴿وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا﴾ "خوب ٹھہر ٹھہر کر قرآن مجید کی تلاوت کیجیے۔" میں لفظ "تَرْتِيْلًا" مفعول مطلق ہے۔

3۔ **مفعول لہٗ:** ایسا اسم جو کسی کام کی غرض وغایت بیان کرے کہ یہ کام کس بنا پر ہوا' یا کیا گیا' مفعول لہٗ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا﴾ "ہر کشتی کو غصب کر لیتا تھا۔" یہاں غَصْبًا' مفعول لہٗ ہے۔

4۔ **مفعول معہٗ:** وہ اسم جو واؤ بمعنی "مع" کے بعد واقع ہو، اسے مفعول معہٗ کہتے ہیں، جیسے: ﴿يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ﴾ "اے پہاڑو! اس (داود) کے ساتھ تسبیح دہراؤ اور (اے) پرندو! (تم بھی۔)" یہاں اَلطَّيْرَ' مفعول معہٗ ہے' کیونکہ یہاں [وَ] مع کے معنی میں ہے' جیسا کہ ترجمے سے واضح ہے۔

5۔ **مفعول فیہ:** جس جگہ یا وقت میں فعل واقع ہو، اسے مفعول فیہ کہتے ہیں اور یہ ظرف ہوتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

★ ظرف مکان ★ ظرف زمان

★ **ظرف مکان:** جیسے ﴿وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ﴾ "جبکہ ان کے آگے ایک بادشاہ تھا۔" یہاں لفظ "وَرَآءَ" مفعول فیہ (ظرف) ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔

★ **ظرف زمان:** جیسے ﴿يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا﴾ "جس دن ہم متقیوں کو رحمن کی طرف (بطور) مہمان اکٹھا کر لائیں گے۔" یہاں لفظ "يَوْمَ" ظرف ہے۔

6۔ **حال:** ایسا اسم جو کسی ذات کی حالت کو بیان کرے حال کہلاتا ہے' جیسا کہ اوپر والی مثال میں لفظ "وَفْدًا" ہے۔

7۔ **تمییز:** ایسا اسم جو کسی چیز کا ابہام اور پوشیدگی دور کردے، تمییز کہلاتا ہے، جیسے: ﴿إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا﴾ ''بے شک میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے دیکھے۔'' اگر یہاں ''کوکبا'' کا لفظ نہ ہوتو ہمیں یہ نہیں پتا چلے گا کہ وہ گیارہ چیزیں کیا تھیں؟ ''کوکبا'' نے اس پوشیدگی کو دور کر دیا۔

8۔ **مستثنٰی:** جو اسم ''إِلَّا'' وغیرہ کے بعد آئے، وہ مستثنٰی کہلاتا ہے، جیسے: ﴿فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ﴾ ''تو انھوں (فرشتوں) نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا۔)'' اور باقی چار منصوبات وہی ہیں جو مرفوعات کی آخری چار اقسام کے تحت گزر چکے ہیں۔

9۔ إن وغیرہ کا اسم' جیسے: ﴿إن الله غفورٌ رحيمٌ﴾

10۔ کان وغیرہ کی خبر' جیسے: ﴿وكان اللهُ عليماً حكيماً﴾۔

11۔ ماولا کی خبر' جیسے: ﴿ما هذا بشراً﴾

12۔ لائے نفی جنس کا اسم ہے' جیسے: ﴿لا إله إلا الله﴾ تفصیل کے لیے مرفوعات کی آخری چار اقسام ملاحظہ فرمائیں۔

مجرورات کی اقسام

بعض اسماء ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں زیر آتی ہے انھیں مجرورات کہتے ہیں اور وہ صرف دو ہیں:

1۔ جن اسماء سے پہلے حروف جارہ آئیں، جیسے: ﴿بِسْمِ اللهِ﴾ میں لفظ اسم ' ب ' کی وجہ سے مجرور ہے۔

2۔ وہ اسماء مضاف الیہ جن کی طرف کسی کی نسبت (اضافت) کی جائے' جیسے: ﴿بِسْمِ اللهِ﴾ میں ''اسم'' کی نسبت لفظ ''اللہ'' کی طرف کی گئی ہے' چنانچہ اسم مضاف اور لفظ اللہ مضاف الیہ۔ اور اردو میں اضافت کا معنی کرتے ہوئے عام طور پر ''کا''، ''کی''، ''کے'' آتا ہے، جیسے: [كِتَابُ اللهِ] ''اللہ کی کتاب'' میں ''کی'' ہے۔

نوٹ: اعراب کی اس حالت کو حالت جری کہتے ہیں۔

فعل (Verb)

فعل: کسی کام کے کرنے یا ہونے کو فعل کہتے ہیں، جیسے: ﴿خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ﴾ ''اس نے تمھارے لیے پیدا کیا جو کچھ زمین میں ہے۔'' یہاں [خَلَقَ] ''پیدا کیا'' فعل ہے۔

زمانے کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

زمانے کے اعتبار سے فعل کی چار قسمیں ہیں: ٭ ماضی ٭ مضارع ٭ امر ٭ نہی

1۔ **فعل ماضی:** وہ فعل جس سے پتا چلے کہ کام گزرے ہوئے زمانے میں ہو چکا ہے' مثلاً: قَالَ ''اس نے کہا۔'' جَاهَدَ ''اس نے انتہائی کوشش کی۔''

2۔ **فعل مضارع:** وہ فعل جس میں موجودہ یا آئندہ زمانے کا مفہوم پایا جاتا ہو' مثلاً: يَسْمَعُ ''وہ سنتا ہے یا سنے گا۔''

تَعْلَمُوْنَ "تم جانتے ہو یا جان لو گے۔"

نوٹ: فعل مضارع، حال اور مستقبل دونوں پر مشتمل ہوتا ہے' البتہ ایک وقت میں ایک ہی زمانے کا مفہوم دے سکتا ہے۔

3۔ **فعل امر**: وہ فعل جس میں کسی شخص کو کام کرنے کا حکم دیا جائے' یا اس سے کام کرنے کی گزارش کی جائے' مثلاً: لِيَشْهَدْ "چاہیے کہ وہ حاضر ہو۔" اِفْعَلُوْا "تم کام کرو۔" اُعْبُدْ "تو عبادت کر۔"

4۔ **فعل نہی**: نہی اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام سے حکماً روکا گیا ہو' یا نہ کرنے کی التجا کی گئی ہو' مثلاً: ﴿لَا تُشْرِكْ﴾ "تو شرک نہ کر" ﴿لَا يَسْخَرْ﴾ "وہ ٹھٹھا نہ کرے۔" اسی طرح ﴿اُدْعُ لَنَا﴾ "ہمارے لیے دعا کیجیے۔"

نوٹ: فاعل کے اعتبار سے فعل کے صیغے تین قسم کے ہوتے ہیں:

1۔ **غائب**: غیر حاضر فرد/افراد کو' یا جسے آپ نے مخاطب نہ کیا ہو' اسے غائب کہتے ہیں۔

2۔ **حاضر /مخاطب**: موجود شخص' یا جسے آپ مخاطب کریں' اسے حاضر/مخاطب کہتے ہیں۔

3۔ **متکلم**: بات کرنے والے شخص/اشخاص کو متکلم کہتے ہیں۔

مفعول کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

مفعول کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

★ لازم ★ متعدی

1۔ **فعل لازم** (Intransitive): جو فعل صرف فاعل ہی کے ساتھ پورا ہو جائے' وہ فعل لازم کہلاتا ہے، جیسے: ﴿وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ يَسْعَىٰ﴾ "اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا۔" یہاں [جَاءَ] "آیا" فعل لازم ہے' جس کا فاعل [رَجُلٌ] "آدمی" ہے۔

2۔ **فعل متعدی** (Transitive): جس فعل کو فاعل کے ساتھ مفعول کی بھی ضرورت ہو' وہ فعل متعدی ہوتا ہے' جیسے: ﴿أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ﴾ "کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو؟" یہاں [تَأْمُرُوْنَ] "تم حکم دیتے ہو۔" فعل متعدی ہے۔ اس کا فاعل ضمیر ہے اور [اَلنَّاسَ] "لوگ" اس کا مفعول ہے۔

فاعل کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

فاعل کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

★ فعل معروف ★ فعل مجہول

1۔ **فعل معروف** (Active Verb): جس فعل کی نسبت فاعل کی طرف ہو' اسے فعل معروف کہتے ہیں' جیسے: ﴿أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ﴾

"یقیناً اللہ جانتا ہے" یہاں [یَعۡلَمُ] "وہ جانتا ہے۔" فعل معروف ہے کیونکہ اس کا فاعل ضمیر [هُوَ] "وہ" محذوف ہے اسی طرح ﴿إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ﴾ "جب قیامت واقع ہو جائے گی" میں فاعل اسم ظاہر مذکور ہے اور [وَقَعَتْ] "واقع ہوگئی۔" فعل معروف ہے۔

2۔ فعل مجہول (Passive Verb): جس فعل کا فاعل مذکور نہ ہو اور اس فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہو وہ فعل مجہول کہلاتا ہے جیسے: ﴿خُلِقَ الْإِنسَانُ ضَعِيفًا﴾ "انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔" ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ﴾ "تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہے۔" ﴿لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ﴾ "ان سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا۔"

ان مثالوں پر غور کرنے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اگرچہ انسان کے پیدا کرنے والی اور روزہ فرض قرار دینے والی اور عذاب میں تخفیف کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے لیکن افعال کی نسبت اللہ تعالیٰ یعنی فاعل کی طرف نہیں ہے بلکہ فاعل مذکور ہی نہیں۔ اور فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہے چنانچہ یہ تینوں افعال مجہول ہیں۔

نوٹ: فعل مجہول صرف فعل متعدی سے بنتا ہے۔ فعل لازم سے فعل مجہول نہیں بنتا کیونکہ فعل لازم کا مفعول نہیں ہوتا اور فعل مجہول میں نسبت مفعول کی طرف ہوتی ہے۔ تاہم فعل لازم سے اگر فعل مجہول لانا مقصود ہو تو فعل لازم کے فاعل کے ساتھ (بِ) کا اضافہ کر دیا جائے تو فعل مجہول بن جائے گا جیسے: ذَهَبَ زَيْدٌ "زید گیا" سے ذُهِبَ بِزَيْدٍ "زید کو لے جایا گیا"۔

فعل مجہول کی علامات

* ماضی مجہول: ماضی مجہول کا آخری سے پہلا حرف مکسور اور اس سے پہلے جتنی حرکات ہوں گی وہ مضموم ہوں گی خواہ ایک ہی حرکت کیوں نہ ہو جیسے: [كَتَبَ] فعل معروف ہے اس میں آخری حرف [ب] ہے لہٰذا فعل مجہول بنانے کے لیے اس سے پہلے [ت] کو کسرہ (زیر) دیں گے اور [ت] سے پہلے والے حرف کی حرکت کو ضمہ سے بدل دیں گے۔ یوں: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ﴾ "لڑنا تم پر فرض کیا گیا ہے۔" میں [كُتِبَ] فعل مجہول ہے۔ اسی قاعدے کے مطابق [أَنْزَلَ] (اس نے اتارا) سے [أُنْزِلَ] (اتارا گیا) اور [اِبْتَلَى] (اس نے آزمایا) سے [اُبْتُلِيَ] "(آزمایا گیا) ہیں۔

نوٹ: أَفْعَلَ یا أُفْعِلَ (باب افعال کی ماضی معروف یا مجہول) کے علاوہ دوران عبارت میں ماضی کے شروع والا ہمزہ پڑھنے میں نہیں آتا۔

* مضارع مجہول: مضارع مجہول میں علامات مضارع [أ، ت، ي، ن] جو شروع میں آتی ہیں، مضموم اور حروف اصلیہ میں سے آخری سے پہلا حرف مفتوح ہوتا ہے جیسے: ﴿وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ﴾ "اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے۔" یہاں [يُنْظَرُوْنَ] فعل مضارع مجہول ہے۔ اس کا مادہ [نَظَرَ] ہے۔ اور آخری حرف سے پہلا حرف [ظ] ہے جو مفتوح ہے۔ اور

شروع میں علامت مضارع مضموم ہے، اسی طرح آیت کریمہ: ﴿ أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ ﴾ "کیا (وہ اللہ کی اولاد ہے) جس کی زیور میں پرورش کی جاتی ہے۔" یہاں 'يُنَشَّأُ' "وہ پرورش کی جاتی ہے۔" فعل مضارع مجہول ہے۔

نوٹ: ماضی، مضارع معروف و مجہول میں کبھی دو ایک جیسے حرف آجاتے ہیں، اسی طرح کبھی حروف علت (Vowels) آجاتے ہیں جن کی وجہ سے صیغے کی شکل مختلف ہو جاتی ہے، مثلاً: "قول" میں [و] حرف علت ہے۔ اس کا فعل ماضی معروف "قَالَ" اور ماضی مجہول "قِيلَ" ہے۔ جبکہ مذکورہ قاعدے کی رو سے اسے [قُوِلَ] ہونا چاہیے تھا۔

عددی حیثیت اور تذکیر و تانیث کے اعتبار سے فعل کے بدلتے ہوئے صیغوں کے مجموعے کو گردان کہتے ہیں۔ فعل کی بنیادی گردانیں درج ذیل ہیں:

فعل ماضی معروف کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر حاضر	مؤنث حاضر	مذکر و مؤنث متکلم
واحد	نَصَرَ	نَصَرَتْ	نَصَرْتَ	نَصَرْتِ	نَصَرْتُ
تثنیہ	نَصَرَا	نَصَرَتَا	نَصَرْتُمَا	نَصَرْتُمَا	نَصَرْنَا
جمع	نَصَرُوْا	نَصَرْنَ	نَصَرْتُمْ	نَصَرْتُنَّ	

ماضی معروف و مجہول کی گردان کی تفصیل درج ذیل ہے:

ماضی معروف	معانی	ماضی مجہول	معانی	عدد	جنس	حالت
نَصَرَ	اس ایک مرد نے مدد کی	نُصِرَ	اس ایک مرد کی مدد کی گئی	واحد	مذکر	غائب
یہ تمام علامات سے خالی واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔ اس کے ذریعے سے فعل، مصدر اور مشتق میں حروف اصلیہ کو پہچانا جا سکتا ہے۔ اسی وجہ سے عربی لغت کی کتابوں میں مادے میں سب سے پہلے اسی صیغے کو ذکر کیا جاتا ہے۔ اگر اس کا فاعل ضمیر ہو تو [هُوَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔						
نَصَرَا	ان دو مردوں نے مدد کی	نُصِرَا	ان دو مردوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مذکر	غائب
اس میں [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرُوْا	انھوں نے مدد کی	نُصِرُوْا	ان کی مدد کی گئی	جمع	مذکر	غائب
اس میں [و] علامت جمع مذکر اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [و] کے بعد [ا] اس لیے ہے کہ یہ [و] عاطفہ نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔						

ماضی معروف	معانی	ماضی مجہول	معانی	عدد	جنس	حالت
نَصَرَتْ	اس ایک عورت نے مدد کی	نُصِرَتْ	اس ایک عورت کی مدد کی گئی	واحد	مؤنث	غائب
اس میں [تْ] ساکن علامت تانیث ہے اور اگر فاعل ضمیر ہو تو یہاں [ھِیَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔						
نَصَرَتَا	ان دو عورتوں نے مدد کی	نُصِرَتَا	ان دو عورتوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مؤنث	غائب
[نَصَرَا] میں [ا] کی طرح یہاں بھی [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [ت] [نَصَرَتْ] میں [ت] کی طرح یہاں بھی مؤنث کی علامت ہے۔ اور یہاں مفتوح اس لیے ہے کہ اس [ت] کے بعد [ا] ہے۔						
نَصَرْنَ	ان سب عورتوں نے مدد کی	نُصِرْنَ	ان سب عورتوں کی مدد کی گئی	جمع	مؤنث	غائب
اس میں [نَ] مفتوح جمع مؤنث غائب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتَ	تو ایک مرد نے مدد کی	نُصِرْتَ	تیری (ایک مرد کی) مدد کی گئی	واحد	مذکر	حاضر
اس میں [تَ] واحد مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُمَا	تم دو مردوں نے مدد کی	نُصِرْتُمَا	تم دو مردوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مذکر	حاضر
اس میں [تُمَا] تثنیہ مذکر مخاطب اور تثنیہ مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُمْ	تم سب مردوں نے مدد کی	نُصِرْتُمْ	تم سب مردوں کی مدد کی گئی	جمع	مذکر	حاضر
اس میں [تُمْ] جمع مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتِ	تو ایک عورت نے مدد کی	نُصِرْتِ	تو ایک عورت کی مدد کی گئی	واحد	مؤنث	حاضر
اس میں [تِ] مکسور واحد مؤنث مخاطب کی علامت ہے اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُمَا	تم دو عورتوں نے مدد کی	نُصِرْتُمَا	تم دو عورتوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مؤنث	حاضر
اس کی تفصیل [نَصَرْتُمَا] تثنیہ مذکر مخاطب کے صیغے کے ذیل میں دیکھیے۔						
نَصَرْتُنَّ	تم سب عورتوں نے مدد کی	نُصِرْتُنَّ	تم سب عورتوں کی مدد کی گئی	جمع	مؤنث	حاضر
اس میں [تُنَّ] علامت جمع مؤنث مخاطب اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُ	میں ایک مرد یا عورت نے مدد کی	نُصِرْتُ	میری ایک مرد یا عورت کی مدد کی گئی	واحد	مذکر/مؤنث	متکلم
اس میں [تُ] مذکر و مؤنث واحد متکلم کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْنَا	ہم سب مردوں/عورتوں نے مدد کی	نُصِرْنَا	ہم سب مردوں/عورتوں کی مدد کی گئی	تثنیہ و جمع	مذکر/مؤنث	متکلم
اس میں [نَا] تثنیہ و جمع، مذکر و مؤنث متکلم کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						

اب ہم مندرجہ بالا نقشے میں مادہ اور علامات وضمائر کو علیحدہ کریں تو ہمارے سامنے یہ صورت آئے گی:

فعل	علامات	فعل	علامات
نصر		نصر	ا
نصر	وْا	نصر	تْ
نصر	تَا	نصر	نَ
نصر	تَ	نصر	تُمَا
نصر	تُمْ	نصر	تِ
نصر	تُمَا	نصر	تُنَّ
نصر	تُ	نصر	نَا

ان علامات کو کسی بھی فعل کے مادے کے آخر میں لگا کر ہم مطلوبہ صیغہ پہچان بلکہ بنا سکتے ہیں مثلاً: [کتب] مادہ ہے اور ہمیں یہ مفہوم ادا کرنا ہے: ''ان دونوں نے لکھا۔'' تو ہم دیکھیں گے کون سی علامت اور ضمیر اس مفہوم کو ادا کرتی ہے؟ تلاش کرنے سے معلوم ہوا کہ وہ علامت [ا] ہے تو ہم نے اس [ا] کو [كَتَبَ] کے آخر میں لکھ دیا تو [كَتَبَا] ''ان دونوں نے لکھا'' ہو گیا۔ علی ہذا القیاس یہی علامات لگا کر ہم مفہوم سمجھ بھی سکتے ہیں اور ادا بھی کر سکتے ہیں، جیسے:

نَظَرَ ''اس نے دیکھا'' کے آخر میں [ا] سے [نَظَرَا] (ان دونوں نے دیکھا)

نَظَرَ کے آخر میں [وْا] سے [نَظَرُوْا] (ان سب مردوں نے دیکھا)

نَظَرَ کے آخر میں [تُمْ] سے [نَظَرْتُمْ] (تم سب مردوں نے دیکھا)

قرآن مجید میں ہے ﴿قَتَلْتُمْ نَفْسًا﴾ ''تم نے ایک جان کو قتل کیا۔'' یہاں [قَتَلْتُمْ] میں [تُمْ] جمع مذکر مخاطب کی علامت ہے اور یہی فاعل کی ضمیر بھی ہے، چنانچہ اس تفصیل سے چند امور سامنے آتے ہیں:

- ★ فعل ماضی معروف اور مجہول میں حرکات کے علاوہ باقی شکل وصورت ایک جیسی ہوتی ہے۔
- ★ فعل ماضی معروف میں یہ علامات وضمائر فاعل اور فعل ماضی مجہول میں نائب فاعل ہوتی ہیں۔
- ★ فعل ماضی میں تمام علامات وضمائر آخر میں لگائی جاتی ہیں جبکہ فعل مضارع میں غائب وحاضر ومتکلم کی علامات مادے کے شروع میں اور ضمائر آخر میں آتی ہیں۔ اور ظاہری طور پر ماضی اور مضارع میں فرق کرنے کے لیے یہی سب سے واضح علامت ہے۔

نوٹ: ★ اگر حروف اصلیہ میں سے کوئی حرف علت [ا و ی] ہو تو مادے کی شکل وصورت تو بدلے گی مگر علامات اسی طرح رہیں گی' جیسے: ﴿قُلْتُمْ﴾ "تم نے کہا۔" یہ لفظ اصل میں [قَوَلْتُمْ] ہے چونکہ حرف اصلی کی جگہ حرف علت ہے اس کی شکل تو بدل گئی لیکن [تُمْ] ضمیر اسی طرح ہے۔

★ یہ تین حرفی (ثلاثی مجرد) ماضی کے قواعد ہیں جبکہ تین حرف سے زائد ماضی کے آخر میں بالکل یہی علامات آئیں گی' البتہ باقی مادہ ابواب کے اعتبار سے بدل جائے گا' جیسے: ﴿ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ﴾ "پھر تم پھر گئے۔" ماضی تو ہے مگر باب مختلف ہونے کی وجہ سے اس کا وزن [نَصَرْتُمْ] وغیرہ سے مختلف ہے۔

❀ فعل مضارع معروف کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر حاضر	مؤنث حاضر	مذکر و مؤنث متکلم
واحد	يَنْصُرُ	تَنْصُرُ	تَنْصُرُ	تَنْصُرِيْنَ	أَنْصُرُ
تثنیہ	يَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	نَنْصُرُ
جمع	يَنْصُرُوْنَ	يَنْصُرْنَ	تَنْصُرُوْنَ	تَنْصُرْنَ	

❀ فعل مضارع مجہول کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر حاضر	مؤنث حاضر	مذکر و مؤنث متکلم
واحد	يُنْصَرُ	تُنْصَرُ	تُنْصَرُ	تُنْصَرِيْنَ	أُنْصَرُ
تثنیہ	يُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	نُنْصَرُ
جمع	يُنْصَرُوْنَ	يُنْصَرْنَ	تُنْصَرُوْنَ	تُنْصَرْنَ	

مضارع معروف ومجہول کی گردان کی تفصیل درج ذیل ہے:

مضارع معروف	معانی	مضارع مجہول	معانی	عدد	جنس	حالت
يَنْصُرُ	مدد کرتا ہے/کرے گا وہ ایک مرد	يُنْصَرُ	مدد کیا جاتا ہے/جائے گا وہ ایک مرد	واحد	مذکر	غائب
اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے۔ اگر اس کا فاعل ضمیر ہو تو اس میں [هُوَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔						
يَنْصُرَانِ	وہ دو مرد مدد کرتے ہیں/کریں گے	يُنْصَرَانِ	وہ دو مرد مدد کیے جاتے ہیں/جائیں گے	تثنیہ	مذکر	غائب
اس میں [ی] حرف مضارع غائب کی علامت ہے۔ [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [ن] اعرابی ہے۔						

<table dir="rtl">
<tr><td>يَنْصُرُوْنَ</td><td>وہ سب مرد مدد کرتے ہیں/کریں گے</td><td>يُنْصَرُوْنَ</td><td>ان سب مردوں کی مدد کی جاتی ہے/جائے گی</td><td>جمع</td><td>مذکر</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے اور [و] جمع مذکر کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرُ</td><td>وہ ایک عورت مدد کرتی ہے/کرے گی</td><td>تُنْصَرُ</td><td>اس ایک عورت کی مدد کی جاتی ہے/جائے گی</td><td>واحد</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور مؤنث غائب کی علامت ہے۔ اس میں [هِیَ] ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرَانِ</td><td>وہ دو عورتیں مدد کرتی ہیں/کریں گی</td><td>تُنْصَرَانِ</td><td>ان دو عورتوں کی مدد کی جاتی ہے/جائے گی</td><td>تثنیہ</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور مؤنث غائب کی علامت ہے۔ اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>يَنْصُرْنَ</td><td>وہ سب مدد کرتی ہیں/کریں گی</td><td>يُنْصَرْنَ</td><td>وہ سب مدد کی جاتی ہیں/مدد کی جائیں گی</td><td>جمع</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ی] حرف مضارع اور غیب کی علامت ہے۔ اور [ن] ضمیر جمع مؤنث فاعل ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرُ</td><td>تو مدد کرتا ہے/کرے گا</td><td>تُنْصَرُ</td><td>تو مدد کیا جاتا ہے/کیا جائے گا</td><td>واحد</td><td>مذکر</td><td>حاضر</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور خطاب (حاضر) کی علامت ہے۔ اس میں [أَنْتَ] ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرَانِ</td><td>تم دونوں مدد کرتے ہو/مدد کرو گے</td><td>تُنْصَرَانِ</td><td>تم دونوں مدد کیے جاتے ہو/مدد کیے جاؤ گے</td><td>تثنیہ</td><td>مذکر</td><td>حاضر</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامت خطاب ہے۔ اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرُوْنَ</td><td>تم مدد کرتے ہو/کرو گے</td><td>تُنْصَرُوْنَ</td><td>تم مدد دیے جاتے ہو/جاؤ گے</td><td>جمع</td><td>مذکر</td><td>حاضر</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامت خطاب ہے۔ اور [و] جمع مذکر کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرِيْنَ</td><td>تو مدد کرتی ہے/کرے گی</td><td>تُنْصَرِيْنَ</td><td>تیری مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی</td><td>واحد</td><td>مؤنث</td><td>حاضر</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامت خطاب ہے۔ اور [ی] واحد مؤنث حاضر کی علامت ہے اور یہی فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرَانِ</td><td>تم دونوں مدد کرتی ہو/کرو گی</td><td>تُنْصَرَانِ</td><td>تم دونوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی</td><td>تثنیہ</td><td>مؤنث</td><td>حاضر</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں پہلے [تَنْصُرَانِ] کی طرح ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرْنَ</td><td>تم مدد کرتی ہو/کرو گی</td><td>تُنْصَرْنَ</td><td>تم مدد کی جاتی ہو/کی جاؤ گی</td><td>جمع</td><td>مؤنث</td><td>حاضر</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامت خطاب ہے۔ اور [ن] جمع مؤنث کی ضمیر فاعل ہے۔</td></tr>
<tr><td>أَنْصُرُ</td><td>میں مدد کرتا ہوں/کروں گا
میں مدد کرتی ہوں/کروں گی</td><td>أُنْصَرُ</td><td>میں مدد کیا جاتا ہوں/کیا جاؤں گا
میں مدد کی جاتی ہوں/کی جاؤں گی</td><td>واحد</td><td>مذکر/مؤنث</td><td>متکلم</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ء] حرف مضارع اور مذکر و مؤنث واحد متکلم کی علامت ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَنْصُرُ</td><td>ہم دو یا سب مرد اور عورتیں
مدد کرتے ہیں/کریں گے</td><td>نُنْصَرُ</td><td>ہم دو یا سب مرد اور عورتیں
مدد کیے جاتے ہیں/جائیں گے</td><td>تثنیہ/جمع</td><td>مذکر/مؤنث</td><td>متکلم</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ن] حرف مضارع اور تثنیہ، جمع، مذکر و مؤنث متکلم کی علامت ہے۔</td></tr>
</table>

فعل ماضی کی طرح یہاں بھی مندرجہ بالا نقشے میں مادے اور علامات کو علیحدہ کریں تو ہمارے سامنے یہ صورت آئے گی:

يَـ	نصر	
يَـ	نصر	انِ
يَـ	نصر	ونَ
تَـ	نصر	
تَـ	نصر	انِ
يَـ	نصر	نَ
تَـ	نصر	

تَـ	نصر	انِ
تَـ	نصر	ونَ
تَـ	نصر	ينَ
تَـ	نصر	انِ
تَـ	نصر	نَ
أ	نصر	
نَ	نصر	

اگر ہمیں حال یا استقبال کا مفہوم ادا کرنا ہے، مثلاً: ہمیں اس جملے کا مفہوم چاہیے: ''ہم عبادت کرتے ہیں۔'' تو ہم [عبد] کے شروع میں [ن] لائیں گے کیونکہ یہ ''ہم'' کا مفہوم دیتا ہے، اسی طرح جس مادے سے جو بھی سمجھنا یا سمجھانا چاہیں شروع اور آخر میں اس کے مطابق علامات اور ضمائر کا استعمال کریں یا سمجھیں، جیسے: جعل (اس ایک مرد نے بنایا) کے شروع میں [ت] اور آخر میں [ونَ] لگانے سے [تَجْعَلُوْنَ] ''تم بناتے ہو'' ہو گیا۔

نوٹ: ★ اسماء ہوں یا افعال تثنیہ اور جمع میں فرق کرنے کے لیے یہ علامت ہے کہ تثنیہ کا [ن] مکسور ہوگا جبکہ جمع کا [ن] مفتوح ہوگا، جیسے: ﴿الْعٰلَمِيْنَ﴾ ''تمام جہان'' جمع ہے اس وجہ سے [نَ] مفتوح ہے اور ﴿يُرِيْدَانِ﴾ ''وہ دونوں ارادہ رکھتے ہیں۔'' یہاں [نِ] مکسور ہے کیونکہ یہ تثنیہ کا صیغہ ہے۔

★ فعل ماضی کے شروع میں کوئی علامت نہیں تھی جبکہ مضارع کے شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی نہ کوئی علامت ضرور ہے۔

★ فعل مضارع کے تمام صیغوں کے شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی حرف ضرور ہوتا ہے اور آخری جانب سے نو (۹) صیغوں کے بعد [ن] آتا ہے اور پانچ صیغوں کے آخری حرف پر رفع (ـُ) آتا ہے، لہٰذا جس فعل کے آخر میں [ن] کے علاوہ رفع آئے اور شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی حرف ہو وہ فعل مضارع ہوگا۔ مگر فعل مضارع پر بعض حروف کے

آنے سے [ن] بھی ساقط ہو جاتا ہے، جیسے: ﴿لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ﴾ "تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ سکتے۔" یہاں [تَنَالُوْا] فعل مضارع ہے لیکن [لَنْ] کی وجہ سے [تَنَالُوْنَ] کا [ن] ساقط ہو گیا ہے لیکن [نَالَ] کے شروع میں علامت مضارع [ت] موجود ہے اس وجہ سے یہ مضارع ہے۔

❀ امر حاضر کی گردان:

	مذکر حاضر		مؤنث حاضر	
واحد	اُكْتُبْ	تو (ایک مذکر) لکھ	اُكْتُبِي	تو (ایک مؤنث) لکھ
تثنیہ	اُكْتُبَا	تم دو (مذکر) لکھو	اُكْتُبَا	تم دو (مؤنث) لکھو
جمع	اُكْتُبُوْا	تم (جمع مذکر) لکھو	اُكْتُبْنَ	تم (جمع مؤنث) لکھو

امر بنانے کا طریقہ:

اوپر فعل مضارع کی علامات بیان ہوئی ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے امر حاضر، حاضر کے صیغوں سے اور امر غائب، غائب کے صیغوں سے بنتا ہے، فعل مضارع حاضر کے چھ (6) صیغے ہیں۔

فعل مضارع سے علامت مضارع [ت] ساقط کر کے آخری حرف کو ساکن کرنے اور اگر آخر میں نون اعرابی یا حرف علت ہے تو اسے گرا دینے سے امر حاضر بنتا ہے، بشرطیکہ [ت] کے بعد والا حرف متحرک (حرکت والا) ہو جیسے: تُعَلِّمُ "تو سکھاتا ہے" سے عَلِّمْ "سکھایئے" اور اگر علامت مضارع [ت] کے بعد والا حرف ساکن ہے تو شروع میں ہمزہ [ا] آئے گا کیونکہ حرف ساکن سے شروع ہونے والے لفظ کو پڑھا نہیں جا سکتا۔ اب سوال یہ ہے کہ ہمزہ پر حرکت کون سی آئے گی؟ اگر حروف اصلیہ میں سے آخری سے پہلا حرف (عین) مضموم ہے تو ہمزہ پر ضمہ آئے گا، جیسے: [تَكْتُبُوْنَ] میں حروف اصلیہ [كتب] ہیں اور آخری سے پہلا حرف [ت] ہے اور [ت] پر ضمہ ہے لہٰذا ہمزہ پر بھی ضمہ ہی آئے گا یعنی اُكْتُبُوْا اور نون اعرابی بھی گر جائے گا۔ اور اگر آخری سے پہلا حرف مفتوح یا مکسور ہے تو ہمزہ پر کسرہ آئے گا، جیسے: [تَهْدِيْ] فعل مضارع ہے۔ علامت مضارع [ت] اور آخر سے حرف علت ساقط کیا اور آخری سے پہلا حرف [د] ہے جس کے نیچے زیر ہے، لہٰذا ہمزہ پر کسرہ آئے گا، یعنی: [اِهْدِ] "تو ہدایت دے" ہو جائے گا، جیسے: ﴿اِهْدِنَا﴾ "تو ہمیں ہدایت دے۔" اور آخری سے پہلے حرف پر فتحہ کی مثال یہ فرمان باری ہے: ﴿رَبَّنَا افْتَحْ﴾ "اے ہمارے رب! فیصلہ فرما۔" اس میں [افْتَحْ] کو علیحدہ پڑھیں تو ہمزہ پڑھنے میں آئے گا۔

نوٹ: امر اگر باب [اِفعال] سے ہو تو کلام کے اندر ہمزہ پڑھا جائے گا ورنہ نہیں پڑھا جائے گا، جیسے: ﴿فَقُلْنَا اضْرِبْ﴾ "تو کہا ہم نے مار (اپنی لاٹھی۔)" یہاں اضْرِبْ کا ہمزہ اس لیے نہیں پڑھا گیا کیونکہ یہ باب افعال سے نہیں ہے' اس کو ھمزۃ الوصل کہتے ہیں۔ اور ﴿وَأَقِيمُوا وُجُوهَكُمْ﴾ "اور اپنے منہ سیدھے (قبلہ رخ) کرلو" میں چونکہ "أَقِيمُوا" باب اِفعال سے ہے اس لیے اس کا ہمزہ عبارت کے اندر بھی پڑھنے میں آتا ہے' اس کو ھمزۃ القطع کہتے ہیں۔

اور امر غائب و متکلم کی پہچان یہ ہے کہ مضارع کے باقی آٹھ صیغوں کے شروع میں [لِ] یعنی لام مکسور ہوگا، اور امر حاضر کی طرح آخری حرف ساکن ہوگا نون اعرابی یا حرف علت ہے تو وہ بھی ساقط ہو جائے گا۔

اور اسی طرح: ﴿فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ﴾ "لہٰذا چاہیے کہ جو لوگ اس کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں اس بات سے ڈریں۔" یہاں [لِيَحْذَرْ] فعل امر غائب ہے جس پر [فا] آئی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ لام امر اپنے سے پہلے کسی لفظ سے مل کر آئے تو لام امر ساکن پڑھا جائے گا۔

اور دوسری بات یہ سامنے آئی کہ جن افعال کے آخر میں جزم ہے، ان کو اگر آگے ملانا ہو تو ان کو کسرہ دے کر ملایا جاتا ہے اگرچہ فعلوں پر کسرہ نہیں آتا، جیسے یہاں اسی صیغے کے آخر میں [ر] پر کسرہ ہے۔

نہی کی پہچان: فعل مضارع کے شروع میں لائے نہی [لَا] لگانے سے فعل نہی بن جاتا ہے، جیسے: ﴿فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَوٰةُ الدُّنْيَا﴾ "تو تمھیں دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے۔" اس [لا] کی وجہ سے مضارع کا آخری حرف ساکن ہو جاتا ہے اور جہاں نون اعرابی ہو وہ بھی اور حرف علت بھی گر جاتا ہے، جیسے: ﴿فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ﴾ "ان (والدین) سے "اُف" تک نہ کہہ۔" یہاں آخری حرف پر جزم ہے۔ اسی طرح: ﴿وَلَا تَقُولُوا﴾ "اور نہ کہو تم۔" یہاں پر نون اعرابی گرا دیا گیا ہے۔ اور اسی طرح: ﴿وَلَا تَنْسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا﴾ "اور تو دنیا میں بھی اپنا حصہ مت بھول۔" یہاں حرف علت گرا دیا گیا ہے کیونکہ اصل میں تَنْسٰی تھا۔

حرف
Preposition

حروف کی کئی اقسام ہیں مگر اس جگہ صرف حروف عاطفہ کا ذکر کیا جاتا ہے جبکہ حروف جارّہ کی بحث آگے آرہی ہے۔

حروف عطف: یہ حروف وہ ہیں جن کے ذریعے سے ایک کلمے یا جملے کے حکم اور اعراب میں دوسرے کلمے یا جملے کو شامل کر لیا جائے، مثلاً: ﴿آتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا﴾ "ہم نے (یوسف) کو حکم اور علم دیا۔" اس آیت میں [وَ] (اور) کے ذریعے سے "عِلْمًا" کو "حُكْمًا" کے اعراب اور حکم میں شامل کیا گیا ہے' یعنی جس طرح انھیں حکم عطا کیا گیا اسی طرح علم بھی عطا کیا گیا۔ جن دو کلمات یا جملوں کے مابین حرف عطف آئے ان میں سے پہلا معطوف علیہ اور دوسرا معطوف کہلاتا ہے۔

حروف عاطفہ درج ذیل ہیں:

حروف	معانی	تفصیل
وَ	اور/ جبکہ/ حالانکہ	جیسے: ﴿فَاَنْجَیْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِیْنَةِ﴾ "اور ہم نے اس (نوح) کو اور سفینے والوں کو نجات دی۔" یہاں [وَ] "اور" حرف عطف ہے۔
فَ	بعد ازاں/ پھر/ پس/ چنانچہ/ تو (برائے ترتیب)	جیسے: ﴿اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ﴾ "اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔" یہاں [فَ] "تو" ہے۔
ثُمَّ	پھر/ تب/ اس کے بعد (تاخیر کے ساتھ ترتیب کے لیے)	جیسے: ﴿ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهٗ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ﴾ "پھر اس کے لیے راہ آسان کر دی، پھر اسے موت دی اور قبر میں پہنچایا۔" یہاں [ثُمَّ] "پھر" ہے۔
حَتّٰی	یہاں تک کہ/ تک/ تا کہ/ نیز/ بھی/ حتی کہ	جیسے: ﴿وَ قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰی لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾ "اور تم ان سے لڑو حتی کہ فتنہ (شرک) ختم ہو جائے۔" یہاں [حَتّٰی] "حتی کہ" ہے۔
اِمَّا اَوْ اَمْ	خواہ/ یا (برائے شک/ برائے اختیار) وغیرہ نوٹ: یہ تینوں تقریباً ایک ہی مفہوم کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔	جیسے: ﴿اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ اِمَّا كَفُوْرًا﴾ "بے شک ہم نے اسے راستے کی ہدایت دی، خواہ شکر گزار بنے یا ناشکرا۔" یہاں [اِمَّا] "خواہ" ہے۔ اسی طرح: ﴿لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ﴾ "میں (یہاں) دن یا دن کا کچھ حصہ رہا ہوں۔" میں [اَوْ] "یا" کے معنی میں ہے۔ اور اسی طرح ﴿اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ﴾ "اور میں نہیں جانتا کہ جس کا تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا بعید؟" میں [اَمْ] بمعنی "یا" ہے۔
بَلْ	بلکہ (یہ معطوف علیہ سے اعراض کر کے معطوف کے لیے حکم ثابت کرتا ہے)	جیسے: ﴿بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ یَّلْعَبُوْنَ﴾ "(مگر کفار کو یقین نہیں) بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔" یہاں [بَلْ] "بلکہ" ہے۔

لٰکِنْ	لیکن (پہلے کلام سے جو وہم پیدا ہوا سے دور کرنے کے لیے آتا ہے، اس سے پہلے یا بعد نفی کا ہونا ضروری ہے)	جیسے: ﴿إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَ لَٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ﴾ ''(اے نبی!) بے شک آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے لیکن اللہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔'' اسی طرح: ﴿وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَ لَٰكِنْ كَانُوْا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ﴾ ''اور انھوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ اپنے آپ ہی پر ظلم کرتے تھے۔'' ان دونوں مثالوں میں [لٰکِنْ] بھی ہے اور دونوں میں نفی بھی ہے۔

نوٹ: یہ حروف کبھی صرف جمع یا رابطے کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں۔

اردو زبان میں بھی حروف عطف مستعمل ہیں' مثلاً ہمام اور حارث پڑھ رہے ہیں۔ یہاں لفظ ''اور'' کے ذریعے سے ہمام اور حارث دونوں کے متعلق یہ خبر دی گئی ہے کہ وہ پڑھ رہے ہیں۔ اسی طرح اردو میں لیکن' پس' پھر' چونکہ' چنانچہ' اور انگریزی میں but,and وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔

مرکب اور اس کی اقسام

اگر دو یا دو سے زیادہ کلمے مل کر آئیں تو انھیں مرکب کہتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں:

* مرکب مفید * مرکب غیر مفید

مرکب مفید: جب بات کہنے والا کہہ چکے تو پوری بات سننے والے کی سمجھ میں آ جائے' خواہ وہ کوئی خبر یا مطالبہ ہو مرکب مفید کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ﴾ ''یہ (وہ) کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں۔'' میں خبر ہے اور ﴿أَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ أَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ﴾ ''اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو اس کے رسول کی۔'' یہاں مطالبہ کیا گیا ہے۔ مرکب مفید ہی کو جملہ یا کلام کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

* جملہ خبریہ * جملہ انشائیہ

جملہ خبریہ کی بھی دو قسمیں ہیں:

* اسمیہ * فعلیہ

جملہ اسمیہ: وہ جملہ جو اسم سے شروع ہو، جملہ اسمیہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿اللّٰهُ عَلِيْمٌ﴾ ''اللہ خوب جاننے والا ہے۔'' لفظ ''اَللّٰہُ'' مبتدأ اور لفظ ''عَلِیْمٌ'' (خوب جاننے والا ہے) خبر ہے۔

نوٹ: ★ مبتدا پر [ال] آئے گا بشرطیکہ وہ اسم معرفہ نہ ہو، جیسے: حامد، ناصر، لاہور وغیرہ اسمائے معرفہ ہیں، ان کے شروع میں [ال] نہیں آئے گا۔

★ دونوں اسموں کے آخر پر پیش ہوگی، جیسے:

اَللّٰهُ عَلِيْمٌ	اللہ خوب جاننے والا ہے۔
اَللّٰهُ وَاحِدٌ	اللہ ایک ہے۔
اَلرَّسُوْلُ صَادِقٌ	رسول سچا ہے۔
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ	محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔

★ مبتدا اگر واحد ہو تو خبر بھی واحد ہوگی۔ اگر مبتدا تثنیہ یا جمع ہو تو خبر بھی تثنیہ یا جمع ہوگی۔ اسی طرح اگر مبتدا مؤنث یا مذکر ہو تو خبر بھی اس کے مطابق ہوگی، جیسے:

اَلرَّسُوْلُ صَادِقٌ	رسول سچا ہے۔	اَلرَّسُوْلَانِ صَادِقَانِ	دو رسول سچے ہیں۔
اَلرُّسُلُ صَادِقُوْنَ	سب رسول سچے ہیں۔	اَلْمَرْأَتَانِ صَادِقَتَانِ	دو عورتیں سچی ہیں۔
اَلنِّسَاءُ صَادِقَاتٌ	تمام عورتیں سچی ہیں۔		

جملہ فعلیہ: جو جملہ فعل سے شروع ہو، اسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں، مثلاً: ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ ”قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔“ یہاں [اِقْتَرَبَتْ] ”قریب آگئی“ فعل ہے، لہٰذا یہ جملہ فعلیہ ہے۔

مرکب غیر مفید: جب بات کہنے والا بات کہہ چکے تو سننے والا پوری بات سمجھ نہ پائے، ایسے مرکب کو مرکب غیر مفید کہتے ہیں۔ اس کی چار قسمیں ہیں:

★ مرکب اضافی ★ مرکب توصیفی ★ مرکب اشاری ★ مرکب جاری

★ مرکب اضافی: ایسا مرکب جس میں ایک اسم کا دوسرے اسم یا جملے سے تعلق بیان کیا جائے، مرکب اضافی کہلاتا ہے۔ مرکب اضافی میں پہلا جز مضاف اور دوسرا جز مضاف الیہ ہوتا ہے، جیسے: [كِتَابُ اللّٰهِ] ”اللہ کی کتاب“ یہاں [كِتَاب] مضاف اور لفظ [اللّٰه] مضاف الیہ ہے۔ اسی طرح ﴿يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ﴾ ”اس دن سچوں کو ان کی سچائی نفع دے گی۔“ اس مثال میں مضاف الیہ مکمل جملہ [يَوْمُ] مضاف کا مضاف الیہ ہے۔

عربی میں مضاف پہلے آتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں، جبکہ اُردو میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں۔

مثالیں

ذِکْرُ اللّٰہِ (اللہ کا ذکر) اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ (قرآن کی آیات) قَوْمُ نُوْحٍ (نوح کی قوم) عَذَابُ اللّٰہِ (اللہ کا عذاب) عَالِمُ الْغَیْبِ (غیب کا عالم)

❀ اگر مضاف تثنیہ یا جمع ہو تو اس کا نون گرا دیا جاتا ہے، جیسے:

غُلَامَانِ + سَلِیْمٌ = غُلَامَا سَلِیْمٍ	سلیم کے دو غلام
مُسْلِمُوْنَ + بَاکِسْتَانُ = مُسْلِمُوْ بَاکِسْتَانَ	پاکستان کے مسلمان

❀ اگر مضاف الیہ تثنیہ ہو تو اس کے آخر میں [یْنِ] آئے گا۔

کِتَابٌ + اَلْمُسْلِمَانِ = کِتَابُ الْمُسْلِمَیْنِ	دو مسلمانوں کی کتاب
صُنْدُوْقٌ + اَلتَّاجِرَانِ = صُنْدُوْقُ التَّاجِرَیْنِ	دو تاجروں کا صندوق

❀ اگر مضاف الیہ جمع سالم مذکر ہو تو اس کے آخر میں [یْنَ] آئے گا، جیسے:

سَبِیْلٌ + اَلْمُؤْمِنُوْنَ = سَبِیْلُ الْمُؤْمِنِیْنَ	مومنوں کا راستہ
بَلَدٌ + اَلْمُسْلِمُوْنَ = بَلَدُ الْمُسْلِمِیْنَ	مسلمانوں کا شہر

*مرکب توصیفی: وہ مرکب جس میں ایک اسم یا جملہ دوسرے اسم کی خوبی یا برائی یا کوئی اور وصف بیان کرے مرکب توصیفی کہلاتا ہے۔ جس اسم کا وصف بیان کیا جائے اُسے موصوف اور دوسرے کو صفت کہتے ہیں۔ اُردو میں صفت پہلے آتی ہے اور موصوف بعد میں جبکہ عربی زبان میں موصوف پہلے آتا ہے اور صفت بعد میں۔

مثالیں

عربی	اردو	عربی	اردو
مُؤْمِنٌ صَالِحٌ	صالح مومن	أَمِیْرٌ ظَالِمٌ	ظالم امیر
إِنْسَانٌ کَافِرٌ	کافر انسان	عَمَلٌ صَالِحٌ	صالح عمل

❀ عربی زبان میں موصوف اور صفت کے آخری حرکتیں ہمیشہ ایک طرح کی ہوتی ہیں۔

❀ معرفہ و نکرہ ہونے میں موصوف اور صفت ایک دوسرے کے مطابق ہوتے ہیں، خواہ معرفہ، معرف باللام ہو یا معرفہ کی

کوئی اور قسم ہو، بصورت دیگر موصوف اور صفت دونوں پر تنوین ہوگی جیسے:

اَلرَّسُوْلُ الْكَرِيْمُ یا رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ	معزز رسول
عَذَابٌ أَلِيْمٌ یا اَلْعَذَابُ الْأَلِيْمُ	دردناک عذاب

❀ تذکیر و تانیث میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

رَجُلٌ صَالِحٌ	نیک مرد	اِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ	نیک عورت
مُسْلِمٌ عَاقِلٌ	عقل مند مسلمان مرد	مُسْلِمَةٌ عَاقِلَةٌ	عقل مند مسلمان عورت
يَوْمٌ عَظِيْمٌ	بڑا دن	لَيْلَةٌ عَظِيْمَةٌ	بڑی رات

❀ واحد، تثنیہ اور جمع میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

رَجُلٌ صَادِقٌ	رَجُلَانِ صَادِقَانِ	رِجَالٌ صَادِقُوْنَ
اِمْرَأَةٌ صَادِقَةٌ	اِمْرَأَتَانِ صَادِقَتَانِ	نِسَاءٌ صَادِقَاتٌ

❀ اعراب یعنی رفع، نصب اور جر میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

هٰذَا رَجُلٌ صَادِقٌ	یہ سچا آدمی ہے	فِيْ قُرْآنٍ مَّجِيْدٍ	قرآن مجید میں
إِنَّ رَجُلًا صَادِقًا	بے شک سچا آدمی	عَلٰى كِتَابٍ جَدِيْدٍ	نئی کتاب پر

❋ **مرکب اشاری:** ایسا مرکب جس میں کسی ذات کی طرف اشارہ کیا گیا ہو مرکب اشاری کہلاتا ہے۔ اور جس اسم سے اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ، جس ذات کی طرف اشارہ کیا گیا ہو اسے مشار الیہ کہتے ہیں، جیسے: ﴿ذٰلِكَ الْكِتٰبُ﴾ "وہ کتاب" یہاں ذٰلِكَ اسم اشارہ اور اَلْكِتَاب مشار الیہ ہے۔ قریب یا بعید کے اعتبار سے اسم اشارہ کی دو اقسام ہیں:

★ اسم اشارہ قریب ★ اسم اشارہ بعید

❋ اسمائے اشارہ قریب:

جمع	تثنیہ	واحد	جنس
هٰؤُلَاءِ یہ سب مرد	هٰذَانِ یہ دو مرد	هٰذَا یہ ایک مرد	مذکر
یا یہ سب عورتیں	هَاتَانِ یہ دو عورتیں	هٰذِهٖ یہ ایک عورت	مؤنث

* اسمائے اشارہ بعید:

جمع	تثنیہ	واحد	جنس
أُولٰٓئِكَ وہ سب مرد	ذَانِكَ وہ دو مرد	ذٰلِكَ وہ ایک مرد	مذکر
یا وہ سب عورتیں	تَانِكَ وہ دو عورتیں	تِلْكَ وہ ایک عورت	مؤنث

اشارہ جب جگہ کی طرف ہو تو اس کے لیے یہ الفاظ مستعمل ہیں:

هُنَا یا هٰهُنَا (یہاں)، هُنَالِکَ یا هُنَاکَ (وہاں)

اسم اشارہ کی مثالیں

هٰذَا رَجُلٌ	یہ ایک مرد ہے	هٰذَانِ رَجُلَانِ	یہ دو مرد ہیں
هٰؤُلَاءِ رِجَالٌ	یہ سب مرد ہیں	هٰذِهٖ امْرَأَةٌ	یہ ایک عورت ہے
هَاتَانِ امْرَأَتَانِ	یہ دو عورتیں ہیں	هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ / نِسْوَةٌ	یہ سب عورتیں ہیں

* **مرکب جارّی:** ایسا مرکب جو حرف جار اور اسم مجرور پر مشتمل ہو مرکب جارّی کہلاتا ہے۔ اور حروف جارّہ جن اسماء کے شروع میں آئیں انھیں مجرور کہتے ہیں، جیسے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾ میں اسْم، حرف جارّ [ب] کی وجہ سے مجرور ہے اور اسی لیے اس کے آخر میں زیر ہے۔

حروف جارّہ: درج ذیل حروف کو حروف جارّہ کہتے ہیں:

* ب (ساتھ/ سے with)، جیسے ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾ ''اللہ کے نام کے ساتھ۔''
* تَ (قسم کی علامت کے لیے)، جیسے: ﴿وَ تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ﴾ ''اور اللہ کی قسم! میں ضرور تمھارے بتوں کا علاج کروں گا۔''
* وَ (قسم کی علامت)، جیسے: ﴿وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ﴾ ''قسم ہے قرآن مجید کی!''
* لِ (کے لیے/ واسطے/ for)، جیسے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾ ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔''
* کَ (مانند/ کی طرح/ as)، جیسے: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ﴾ ''اس جیسی کوئی چیز نہیں۔''
* فِیْ (میں/ in) جیسے: ﴿وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ﴾ ''تمھارے لیے (قتل کا) بدلہ لینے میں زندگی ہے۔''
* عَنْ (کے متعلق، کے بارے میں/ about/ کی طرف سے/ from)، جیسے: ﴿عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ﴾ ''اس عظیم خبر کے بارے میں''
* عَلٰی (پر/ on)، جیسے: ﴿اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى﴾ ''وہی لوگ ہدایت پر ہیں۔''
* حَتّٰی (تک/ یہاں تک کہ/ till / untill)، جیسے: ﴿حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ﴾ ''طلوع فجر تک۔''
* مِنْ (سے/ from)، جیسے: ﴿مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ ''مسجد حرام سے۔''
* اِلٰی (تک/ کی طرف/ to)، جیسے: ﴿تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ﴾ ''اللہ کی طرف رجوع کرو۔''

حروف جارّہ کے آنے سے اسم واحد، جمع مؤنث سالم، جمع مکسر کے آخر میں کسرہ، تثنیہ میں [انِ] کی جگہ [یْنِ] اور جمع مذکر سالم میں [وْنَ] کی جگہ [یْنَ] آ جاتا ہے، مثلاً: ﴿بِالصَّبْرِ﴾ ''صبر کے ذریعے سے'' ﴿مِنَ الْمُعْصِرٰتِ﴾ ''بھرے بادلوں سے'' ﴿لِلْمُتَّقِيْنَ﴾ ''پرہیزگاروں کے لیے'' ﴿عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ﴾ ''فرشتوں پر'' ﴿لِغُلٰمَيْنِ﴾ ''دو غلاموں کے لیے''

نوٹ: مرکب غیر مفید کی ان کے علاوہ بھی کئی قسمیں ہیں۔

معاني
القرآن الكريم
لفظاً لفظاً (باللغة الأردية)

دارالسلام